هذه مقدمات

من

تبيين الكلام في تفسير التوراة والانجيل على ملة الاسلام

الفه

المفتقر الى الله الصمد سيد احمد

PRELIMINARY DISCOURSE

ON THE

OMEDAN COMMENTARY

OF THE

HOLY BIBLE.

BY

SYUD AHMUD,

Ghazeepore,

Printed and Published by the Author at his Private Press.

1862 A. D. 1278 H.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المقدمۃ اولالی

FIRST DISCOURSE.

انسان کي نجات کو نبیوں کا آنا ضرور ھی

On the necessity of the comming of Prophets to save mankind.

وہ ایک مقدس اور پاک ھستي جسکو کوئي اللہ اور کوئي وجود اور کوئي کلام کہتا ھے ھمیشہ سے ھے اور ھمیشہ رھے گي ' وہ آپ ھي آپ ھے اور اُسکا ھونا اُسکي ذات ھے ' کیونکہ اُسنے اپنا لقب یہي بتایا ' کہ میں ھوں ' اُسکا ھونا ھي اُسکي بڑائي ھے ' اپنے ھونے سے وہ پہچانا جاتا ھی ' اور اسي بڑائي سے وہ پکارا جاتا ھے اُسکي ابتداء ھے نہ انتہا وہ کسیکا محتاج نہیں اور اُسکے سو کوئي نہیں ' یہاں تک کہ اگر کہا جاوے کہ ھے تو پوچھا جاوے کہ وھي ھے ' نہ وہ کسي سے ... ا ' اور نہ اُس سے کوئي پیدا ھوا ' اور پھر جو کچھہ ھوا بغیر اُسکے نہوا ' اُسکا سا کوئي نہیں ' نہ ھونے میں ' کیونکہ ھونا اُسکي ذات ھے ' اور نہ کسي صفت میں ' کیونکہ سب اُسکي ذات ھیں ' وہ زندہ ھے ' نہ جان سے ' بلکہ اپنے آپ سے وہ جانتا ھے نہ ... سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ دیکھتا ھے ' نہ کسي دیکھنے والي چیز سے ' اپني ذات سے ' وہ سنتا ھے ' نہ کسي سنے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' بولتا ھے ' نہ کسي بولنے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ جو چاھتا ھے سو کرتا ھی ' نہ کسي غرض سے ' بلکہ اپنے کمال سے ' وہ سب کچھہ کرتا ھی ' نہ کسي کرنے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ ھر طرح پر یکہ ھے ' اور ھر آن میں ھزاروں لاکھوں بلکہ بے انتہا کام کرتا ھے ' پھر ایسي ذات کو کوئي عقل سے پہچان سکتا ھے ؟ *

بڑے بڑے عقلمندوں نے اس میں عقل دوڑائي ' اور اُسکي عجائب قدرت کے کارخانوں کو دیکھہ دیکھہ اور سوچ سوچ عقل لڑائي ' اتنا تو جانا ' کہ اِن عجیب عجیب کارستانوں کا بنانے والا کوئي ھے ' مگر اسکے سوا اور کچھہ نجانا ' اور جو جانا سو غلط جانا *

اُسکا واحد ھونا اُسیکے بتائے سے جانا ' اور جیسا وہ ھی اُسیکے بتائے سے اُسکو پہچانا ' مگر انسان کي طاقت نہیں ' کہ صرف اپني عقل سے جیسا وہ ھی ویسا اُسکو جان لے *

• انسان میں صرف اُسکی ظاهری گوشت پوست هی نهیں هے ؛ بلکه اسکے سوا اُسکے اندر ایک اور چیز بهی هے ؛ جس سے در حقیقت انسان انسان کهلاتا هے ؛ آدمی اگر خود اپنے آپ میں غور کرے تو جان سکتا هے ، که اس ظاهری بدن کے سوا اُسمیں اور کچهه چیز بهی هے ، جس سے وه بهلائی اور برائی کو پہچانتا هی ، اور هر چیز کے کنهه کو بقدر اپنی طاقت کے جانتا هی ، اگرچه اُس چیز کو انسان کے بدن سے کچهه علاقه هے ، مگر جب غور سے دیکهو تو باوجود اس علاقه کے • محض بے علاقه هے ؛ آدمی کبهی ایسا محو هوتا هی ، که سب چیز کو بهول جاتا هے ، مگر اپنے آپ کو نهیں بهولتا اس سے خیال هوسکتا هے ، که گو انسان کا یهه ظاهری بدن نیست بهی هو جاوے ، مگر وه چیز جو اُسمیں هے جیسی هی ویسی هی رهے *

پهر اگر وه چیز چند روزه هے ، اور آخر کو نیست هونے والی هے ، تو دل قبول نهیں کرتا ، که اُس ذات پاک دایم الوجود نے یهه تمام عجایبات ایک ایسی فانی اور ناپائدار چیز کے لیئے بنائی هوں ؛ پس کچهه شبهه نهیں ، که وه چیز بهی دایم الوجود هے ، اور نیست هونے والی نهیں * هرگز نمیرد آنکه دلش زنده شد بعشق * ثبت است بر جریدهٔ عالم دوام ما *

• اب غور کرنا چاهیئے ، که وه چیز جو انسان میں هے ، کیوں هے ، اگر اس واسطے هے ، که جب اُسکو نیند آوے تو سو رهے ، اور جب بهوک لگے تو کها لے ، تو انسان میں ، اور جانوروں میں کیا فرق هے ؟ کیونکه سب جانور بهی تو ایسا هی کرتے هیں ، اس سے معلوم هوتا هے ، که وه چیز انسان میں ان کاموں کے لیئے نهیں هے بلکه اور کسی کام کے لیئے هے *

اگر هم صرف عقل کے زور سے ، اُس کام کو تلاش بهی کریں ، تو اتنا تو جان سکینگے که جس نے همکو بنایا ، اور جس نے همکو وه چیز دی ، جو اُسکی مرضی هے اُس چیز سے کریں ، مگر یهه نهیں جان سکتے ، که اُسکی مرضی کیا هے ، جب تک که وه خود هی نه بتاوے * .

پس یهه دو چیزیں هیں ، جنکے لیئے نبیوں کا آنا ضرور هے ، تاکه وه الهام سے بتاویں ، که تمهارا مالک کون هے ، اور کیسا هے ، اور تمکو کیونکر اپنے مالک کی مرضی پر چلنا چاهیئے ، جس سے تمهاری اصلی حقیقت کو جو کبهی فنا هونے والی نهیں هے ، حیات ابدی حاصل رهے *

اگر کهو که جب یهه بات هے ، تو تمام انسانوں کے لیئے ، جهاں وه هوں ، نبیوں کا هونا ضرور هے ، کیونکه بغیر نبیوں کے ، انسان اپنی عقل سے نه اپنے مالک کو ، اور نه اُسکی مرضی کو پہچان سکتا هے ، پهر جب تک کوئی بتانے والا نهو ، وه کس طرح کفر و شرک کے گناه میں پکڑے جا سکتے هیں ؟ هم کهتے هیں ؛ که بے شک یوں هی هے ، اور هم یقین رکهتے هیں ، که الله تعالی نے ، تمام بنی نوع انسان پاس نبی بهیجے ، اور

المقدمة الاولی

خدا کي وحدانيت ' اور آسکي مرضي ' آنکو بتائي ' کو رفته رفته ايک مدت بعد ' انهوں نے آسکو خراب کر ديا *

جهاں تک ' هم انسان پر نظر کرتے هيں ' اور کيسے هي جنگلي وحشي آدميوں پر خيال کرتے هيں ' يهي پاتے هيں ' که وه کوئي نه کوئي طريقه معبود کي بندگي کا ' اس خيال سے ' که يهه ايک اور عالم ميں ' کام آنے والا هے ' اپنے پاس رکهتے هيں * اور يهه صاف دليل اسبات کي هے که يهه خيال ' آنکے يا آنکے بڑوں کے دل ميں آسي نبي کي تعليم سے پڑا هے ' جو آنکے ليئے مبعوث هوا تها *

اللہ تعالی * سورۂ فاطر ميں فرماتا هے " که کوئي ايسا فرقه نهيں هے ' جس ميں ڈرانے والا (يعني پيغمبر جو بري باتوں سے ڈراتا هے) نه گذرا هو *

* سورۂ فاطر آيت ۲۴
وان من امة الا خلا فيها نذير

اور اسيطرح اللہ تعالی * سورۂ رعد ميں فرماتا هے " که هر قوم کے ليئے راه بتانے والا (يعني پيغمبر) هوا هے " *

* سورۂ رعد آيت ۷
ولکل قوم هاد

اور اسيطرح اللہ تعالی * سورۂ يونس ميں فرماتا هے که " هر فرقه کے ليئے (جو گذر گئے) ايک پيغمبر هے " *

* سورۂ يونس آيت ۴۷
ولکل امة رسول

اور اس ميں بهي کچهه شک نهيں ' که تمام انبيا جسقدر گذري ' سب کا دين ايک هي بات کے سکهانے کو آئے ' اور يهي سکهاتے رهے ' که خدا ايک هے ' کوئي نهيں ' وهي بندگي کے لائق هے ' آسکي بندگي کرو *

اللہ تعالی * سورۂ شوري ميں فرماتا هے که " تمکو دين ميں وهي راه ڈال دي هے ' جو کهديا تها نوح کو ' اور جو حکم بهيجا همنے تجهکو ' اور جو همنے کهديا تها ابراهيم کو اور موسی کو ' اور عيسی کو ' که دين کو قايم رکهو ' اور آس ميں کچهه فرق مت کرو " *

* سورۂ شوري آيت ۱۳
شرع لکم من الدين ما وصی به نوحا والذي اوحينا اليک وما وصينا به ابراهيم وموسی وعيسی ان اقيموا الدين ولا تتفرقوا فيه

هاں البته هر ايک کو شريعت ' يعني آس خداے واحد کي پرستش کے احکام ' اور آسکا طريقه ' جدا جدا بتايا هے ' اور وهي هر نبي کي شريعت کهلاتي هے ' جسوقت انسان کي روح کو کوئي روحاني بيماري لگ جاتي هے ' اور جس طريقه عبادت سے وه بيماري جاتي هے ' وهي شريعت آسوقت کے نبي کو دي جاتي هے *

اللہ تعالی * سورۂ مائده ميں فرماتا هے که " هر ايک کو نبيوں ميں سے همنے ديا ايک دستور ' اور طريقه (يعني شريعت) " *

* سورۂ المايده آيت ۵۱
لکل جعلنا منکم شرعة ومنهاجا

اور یہ کہ اس میں کچھ شبہہ نہیں، کہ تمام دنیا میں، جسقدر مذہب پہلے تھے [illegible] بمطلب پہلے پہل، نبیوں سے بنے گئے ہیں، اور سب کی تعلیم ایک تھی، یعنی ایک خدا کو ماننا، اور اُسکی پرستش کرنی، مگر جب اُن لوگوں نے، اُس مطلب کو بگاڑ دیا، تو پھر نبی کے آنے کی حاجت ہوئی، اسی سبب سے ہزاروں نبی آئے، اور کتابیں لائے، اور خدا کی وحدانیت، اور خدا کے احکام کو لوگوں میں پھیلایا، جب یہہ احکام خوبی پھیل گئے، اور سب طرح پر ظاہر ہوگئے، اور کوئی بات چھپی ہوئی، اور دھوکہ میں پڑنے کی نہ رہی، تو اُس نبی کے بعد، پھر کسی نبی کے آنے کی، حاجت نرہی، اور وہی نبی خاتم النبیین ہے، چنانچہ یہہ کام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام ہوا ٭

اسلیئے ہم مسلمان یہہ اعتقاد رکھتے ہیں، کہ خدا ایک ہے، اور اپنی ذات پاک سے آپ موجود ہے، اور تمام چیزیں اُسی نے نیست سے ہست کی ہیں، اور وہ سب چیزیں پیدا ہونے، اور موجود رہنے میں، اُسکی محتاج ہیں، اور وہ کسی چیز کا محتاج نہیں ٭

وہ یکہ ہے، اپنی ذات میں بھی، اور اپنی صفات میں بھی، اور اپنے کاموں میں بھی، کسی کو اُسکے کسی کام میں کسی طرح کی شرکت نہیں، اُسکا وجود اور اُسکی زندگی، ہمارے وجود اور ہماری زندگی کی مانند نہیں ہے، اور نہ اُسکا علم ہمارے علم کی طرح پر ہے، اُسکا سننا اور اُسکا دیکھنا، اور اُسکا ارادہ، اور اُسکی قدرت، اور اُسکا کلام، ہماراسا دیکھنا، اور ہماراسا ارادہ، اور ہماری سی قدرت، اور ہماراسا کلام، نہیں ہے، اور صرف نام کے ایک ہونے کے سوا، اور کچھ مناسبت نہیں رکھتا ٭

بنانا، اور پیدا کرنا، اُسکی خاص صفت ہے، کیونکہ اور کوئی کچھ نہ بنا سکتا ہے، نہ پیدا کرسکتا ہے، یہاں تک کہ انسان جو کام کرنا چاہتا ہے، بھی وہی پیدا کرتا ہے، البتہ انسان کی بناوٹ اُسنے ایسی رکھی ہے، کہ وہ اپنے قصد و ارادہ اچھے یا برے کام کا کرسکتا ہے ٭

وہ نہ کسی میں سماتا ہے، اور نہ کوئی اُس میں سماتا ہے، مگر اپنی ذات سے سب چیزوں کو گھیرے ہوئی ہے، اور ہر چیز کے پاس ہے، اور ہر چیز کے ساتھہ ہے، مگر اُسکا پاس ہونا، اور ساتھہ ہونا، ہماری سمجھہ میں نہیں آتا ٭

تمام انبیاء، جو ابتداء سے انتہا تک ہوئے، سب برحق ہیں، اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، بلا شبہہ خاتم النبیین ہیں، اور بے شک حضرت مسیح علیہ السلام، روح اللہ اور کلمۃ اللہ، اور رسول اللہ، اور موید بروح القدس تھے ٭

تمام کتابیں، توریت، اور زبور، اور صحف انبیاء، اور انجیل، اور قرآن مجید جو ہمارے پیغمبر پر نازل ہوا، سب برحق، اور خدا کی دی ہوئی کتابیں ہیں، جو اُسنے اپنے پیغمبروں کو دیں ٭

المقدمة الاولى

تمام نبي صغیرہ اور کبیرہ گناہ سے پاک ہیں * فرشتے خدا کے بناے ہوئے ہیں ' عورت یا مرد ہونے سے پاک ہیں ' اور جس کام کے لیئے بنائے گئے ہیں ' اُس میں نافرمانی نہیں کرتے *

کوئی نبي ' یا فرشتہ ' اپني ذات سے بغیر خدا کے کچھہ قدرت یا علم نہیں رکھتا *

مرنے کے بعد جي اُٹھنا اور قیامت کا ہونا ' اور حساب کا لیا جانا ' اور دوزخ اور بہشت کا ہونا ' اور جو کچھہ کہ اُس میں عذاب و تنعم سے مذکور ہوا ہے ' سب حق ہے ' جن الفاظوں سے ' کہ دوزخ و بہشت کے عذاب ' اور تنعم کا بیان ہوا ہے ' وہ صرف بطور مثال کے ہے ' ورنہ وہاں کے تنعم ' اور عذاب سے اور دنیا کے تنعم اور عذاب سے بجز ایک سا نام ہونے کے ' اور کچھہ مناسبت نہیں ہے ' اصلي اور اعلي نعمت بہشت کے دیدار خدا کا ہے ' کہ ایمان والے اُس ذات پاک کو جسپر بن دیکھے ایمان لائے تہے ' بغیر کسي پردہ کے ' اور بغیر کسي صورت کے ' اور بغیر کسي جہت کے ' علانیہ دیکھینگے *

ایمان لانا ' صرف دلکے روحاني یقین کا نام ہے ' جب تک وہ یقین نہیں جاتا کسیطرح پر ایمان نہیں جاتا زبان کا اقرار صرف اُس دلي تصدیق کے ظاہر کرنے کي نشاني ہے ' کوئي کام جبکہ وہ تصدیق دل میں ہے ' آدمي کو اُسکے اور خدا کے درمیان میں کافر نہیں کرتا ؛ گو وہ کام کیسا ہي گناہ ہو ' اور گو ظاہر میں اُسکے افعال کے سبب اُسکو کافر بھي کہا جاوے ؛ مگر ایسي باتوں سے خدا ناراض ہے ' اور اگر چاہیگا تو اُنپر عذاب کریگا ' پھر اُسکا عذاب سہل نہیں ہے *

توبہ سے سب گناہ بخشے جاتے ہیں ' اور شرک کے سوا اور جتنے خدا کے گناہ ہیں ' بار ہے ' اگر چاہے اپني رحمت سے بغیر توبہ کے بھي بخشدے ' اور چاہے وتے گناہ پر عذاب کرے ' مگر شرک بغیر توبہ کے بخشا نہیں جاتا * لعل بین یقسمہا * تاتي علی حسب العصیان في القسم * یہہ عقیدے ہم ہیں ' اور میں اقرار کرتا ہوں ' کہ میں انہي عقیدوں کي دلي اور تصدیق رکھتا ہوں *

اللہم احینا علی ملة الاسلام ' و امتنا علی ملة الاسلام ' (آمین)

المقدمه الثانية

SECOND DISCOURSE.

وحي اور كلام الهي كيا هي

What is Revelation and word of God?

It is a secret disclosure to man of the will or purposes of God, and there are various forms in which this has been done.—

وحي وہ چيز ہے جس سے خدا كي مرضي نا معلوم باتوں ميں كهل جاتي ہے اور يهه بات كئي طرح پر هوتي ہے ٭

1st, the revelation must come from God.

اول يهه كه خدا سے اسكا پيغام سنا جاوے ؛ ٭

2ndly, it has been delivered upon earth by an angel.

دوسرے يهه كه خدا كا فرشته اپني صورت ميں آوے ، اور خدا كا پيغام پهونچاوے ؛ ٭

3rdly, that angel has been clothed in the human shape.

تيسرے يهه كه فرشته خدا كا آدمي كي صورت ميں بن كر آوے ، اور خدا كا پيغام پهونچاوے ؛ ٭

4thly, there may be only a supernatural voice, without any visible appearance of the speak-r.

چوتهے يهه كه صرف بذريعه آواز كے ، بغير كسي كے مشاهده كے پيغام الهي پهونچے ؛ ٭

5thly, it may be conveyed by direct ins[illegible]n to the heart of man.

پانچويں يهه كه خدا كي طرف سے ، دل ميں خدا كا پيغام ڈالا جاوے ؛ ٭

[illegible] it may be announced in a [illegible]am, or in an opening.

چهٹے يهه كه خواب ميں يا اور طرح پر بذريعه كشف كے ، پيغام الهي معلوم هو ٭

According to the faith of Mohomedans, it is by no means considered as an essential element of a revelation, that it should come through the channel of those only who were known to be Prophets; for it has pleased the Almighty to give his revelations also to holy and good men who had no pretensions to the prophetic character.—But, however, to preserve a distinction different names have been given to those revelations which have been declared by the Prophets, from

هم مسلمانوں كے مذهب بموجب مطلق وحي كا آنا صرف انبياء هي پر منحصر نهيں ہے ؛ بلكه انبياء كے سوا مقدس لوگوں پر بهي وحي آتي ہے ؛ مگر واسطے اس امر كے كه انبياء عليهم السلام اور اور مقدس لوگوں كي وحي ميں شبهه نه پڑے جدا جدا نام ركهے هيں ؛ وحي كي پهلي چار قسموں كو ، جب انبياء كے سوا اور لوگوں پر آتي ، تحديث كهتے هيں ، اور پانچويں قسم كو الهام ، اور چهٹي قسم كو

those which, on the other hand, have come through the direct agency of private individuals of repute and sanctity: when, therefore, the Divine purposes have been unfolded to others than the Prophets, in any one of the first four of the channels specified above, such revelations are called Tehdees (the holy sayings); when they have come in the fifth form, they are designated Ilham (inspiration) while the sixth description of medium is known as Mooshahidat or mookashfat (displaying).

مشاهدات ، یامکاشفات؛ اب نبیوں کے سوا مقدس لوگوں پر بھي وحي انکا ثبوت همکو اپنے مذهبي دليلوں سے بيان کرنا چاهيئے *

I will now proceed to deduce from our own scriptures, several examples, in which heavenly messages have been conveyed to parties, who, although of high repute and dignity in the world, were never regarded as being invested with the gift of prophecy.—

I. God says in the Soora kussus (Ayat 7) "and we directed the mother of Moses by revelation, saying, give him suck: and if thou fearest for him, cast him into the river; and fear not, neither be afflicted; for we will restore him unto thee, and will appoint him one of our Apostles."

Here is one instance of a revelation to a private individual who was no prophetess.

پهلي دليل الله تعالی * سورة قصص میں فرماتا ہے "اور همنے وحي بهيجي موسی کي ما کو که اسکو دودهه پلا ، پهر جب تجهکو ڈر هو اسکا تو ڈال دے اسکو دريا میں اور نه خطره کر اور نه غم کها هم پهر اسکو تيري طرف ، اور کرينگے [illegible] سے " اس آيت سے حضرت [illegible] کي ما پر جو نبي نه تهيں وحي کا ثبوت هوتا ہے *

سورة القصص آيت ٧
و اوحينا الی ام موسی ان ارضعيه فاذا خفت عليه فالقيه في اليم ولا تخافي ولا تحزني انا [illegible] اليک وجعلو[illegible]

II. In the Soora Kahef, ayat 87 God says: "O Zoolkurnaan either punish this people, or use gentleness towards them."

This is another case of revelation where the favored party had no claim to the rank of a prophet.

دوسري دليل الله تعالی * سورة کهف میں فرماتا ہے "اے ذوالقرنين يا لوگوں کو تکليف دے ، يا رکهه ان میں خوبي " اس آيت سے معلوم هوا که خدا کا پيغام ذوالقرنين کو آيا اور وه نبي نه تها *

سورة کهف آيت ٨٧
قلنا يذالقرنين اما ان تعذب واما ان تتخذ فيهم حسنا

III. **In the Mishkat, there is a Hudees, (the sayings of the Prophet) that our Prophet said "Verily under the** former dispensations there lived inspired men in the world; but if under my dispensation there is one such, it is Oomur."—We learn from this passage, that Oomur was favored with the gift of inspiration, although not taking rank as a prophet.

تیسري دلیل * مشکواة میں حدیث ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " کہ بے شک تم سے پہلي امتوں میں الہام والے لوگ تھے ' پھر اگر میري امت میں کوئي ہے تو وہ عمر ہے " اس حدیث سے حضرت عمر کا ' جو نبي نہ تھے صاحب وحي یعني صاحب الہام ہونا ثابت ہوتا ہے *

في المشكواة في باب مناقب عمر رضي الله عنه قال النبي صلى الله عليه وسلم قد كان فيمن قبلكم من الامم محدثون فان يك في امتي احد فانه عمر

IV. In the Soora Miriam (Ayat 16-22) God says; "remember in the book of the Koran the story of Mary; when she retired from her family to a place, towards the east, and took a veil to conceal herself from them; and we sent our Spirit unto her and he appear-
in the shape of a perfect
said I fly for refuge unto
God, that he may defend
: if thou fearest him, thou
roach me. He answered,
the messenger of thy Lord,
sent to give thee a holy son.
e said, how shall I have a son, seeing a man hath not touched me, and I am no harlot? He replied, so shall it be: thy Lord saith, this is easy with me; and we will perform it, that we may ordain him for a sign unto men, and a mercy from us: for it is a thing which is decreed."

چوتھي دلیل اللہ تعالی سورۂ مریم میں فرماتا ہے " اور ذکر کر کتاب میں مریم کا ' جب کنارے ہوئي اپنے لوگوں سے ایک شرقي مکان میں ' پھر پکڑلیا اسنے انسے ورے ایک پردہ ' پھر بھیجا ہمنے اس پاس اپنا فرشتہ ' پھر بن آیا اسکے آگے آدمي پورا ' بولي مجھکو رحمن کي پناہ تجھسے اگر تو پرہیزگار ہے ' بولا میں تو بھیجا ہوا تیرے رب کا ہوں ' کہ دے جاوں تجھکو ایک لڑکا ستھرا ' بولي کہاں سے ہوگا میرے لڑکا ' اور چھوا نہیں مجھکو آدمي نے ' اور میں

سورۂ مریم آیت ۱۶ لغایت ۲۲

واذكر في الكتاب مريم اذ انتبذت من اهلها مكانا شرقيا فاتخذت من دونهم حجابا فارسلنا اليها روحنا فتمثل لها بشرا سويا قالت اني اعوذ بالرحمن منك ان كنت تقيا قال انما انا رسول ربك لاهب لك غلما زكيا قالت انى يكون لي غلم ولم يمسسني بشر ولم اك بغيا قال كذالك قال ربك هو علي هين ولنجعله اية للناس ورحمة منا وكان امرا مقضيا

خراب بهي نه تهي ' بولا يوں هي فرمايا
تيرے رب نے وہ مجهه پر آسان ہے ' اور
اُسکو هم كيا چاهتے هيں لوگوں كو نشاني
اور رحمة هماري طرف سے اور ہے يهه كام
ٹهہر چكا " *

V. **In the Soora Alumran** (Ayat 45) God says; when the angels said, O Mary verily God sendeth thee good tidings, that shall bear the Word proceeding from himself; his name shall be Christ Jesus, the son of Mary, honorable in this world and the world to come, and one of those who approach near to the presence of God."

پانچويں دليل الله تعالى * سورہ ال
عمران ميں فرماتا ہے "
جب كہا فرشتوں نے
اے مريم الله تجهكو
بشارت ديتا ہے ايک
اپنے كلمہ كي ' جسكا
نام مسيح عيسى بيٹا
مريم كا ہے ' مرتبہ والا
دنيا ميں اور آخرت
ميں اور مقربوں سے *

* سورة ال عمران
آيت ۴۵
اذ قالت الملئكة يمريم
ان الله يبشرك بكلمة
منه اسمه المسيح
عيسى ابن مريم
وجيها في الدنيا
واللاخرة ومن المقربين

VI. Again in the Soora Alumran (Ayat 42- 43) God says: "and when the angels said, O mary, verily God hath chosen thee and hath purified and chosen thee above all the women of the world: O Mary be devout towards thy Lord, and worship, and bow down with those who bow down."

چهٹي دليل الله تعالى نے * سورة آل
عمران ميں فرمايا
ہے " اور جب
فرشتوں نے كہا اے
مريم الله نے تجهكو
بر گزيدہ كيا ' اور
ستهرا بنايا اور برگزيدہ
كيا تجهكو سب جهان
كي عورتوں سے ' اے
مريم بندگي كر اپنے
رب كي اور سجدہ كر
اور ركوع كر ركوع كرنے والوں كے ساتهه " ان
تينوں ايتوں سے ثابت هوتا ہے كه حضرت
مريم پر جو نبيه نه تهيں خدا كي وحي
آئي *

* آل عمران آيت
۴۲ و ۴۳
واذ قالت الملئكة
يمريم ان الله اصطفاك
و اصطفاك
على نساء العالمين
يمريم اقنتي لربك
واسجدي واركعي
مع الراكعين

Now we learn from the three foregoing examples, that Mary was favored with celestial revelations, notwithstanding she was not a prophetess.

Now these six examples above specified decidedly prove that the revelations from God have also descended to the persons who were not prophets. It may also be

يهه چهئوں دليليں اسبات كا بخوبي
تصفيه كرتي هيں كه خدا كي وحي نبيوں
كے سوا اور مقدس لوگوں پر بهي آتي ہے '

…urned that when Inspiration, or the fifth form of communication, is employed, it is called Rofinnufs when a propet is the recipient of the revelation; and Skeena, when the recipient is other than a prophet.—In the Mishkăt there is a hudees (the holy saying of the prophet) that the prophet hath said that "without doubt the holy Spirit has put it into my heart:" and it is also said in the same book, that the friends and disciples of the prophet expressed the opinion, that it was not incredible that Skeena spoke through the heart, and lips of Oomur."—It would appear, that godly men, of upright heart, unsullied integrity, and blameless conscience, were moved by the motions of the Spirit, to give utterance to what was thus prompted to them; and therefore whatever fell from them at such seasons, was implicitly received and accepted as revelation, and not such as proceeding [illegible] own volition alone, or expres- [illegible] individual sentiments; [illegible] a distinction between [illegible] revelations: the one which [illegible] n a prophet, and the other [illegible] mes through a private individual of the charater above specified-we Mohomedans hold this opinion, that there can be no manner of doubt either as to the fact of a revelation, or as to its exact interpretation, when it is vouchsafed to mankind through the mouth of a prophet; but when, on the other hand, it comes through a party who is not a prophet, in such a case we conceive there is scope for error and distrust, either as to the fact itself (that

اور یہہ بھي جان لینا چاهیئے که پانچویں قسم کي وحي کو جب نبي پر اوترتي هے کبھي نفث في الروع بھي کہتے هیں اور جب نبي کے سوا اور کسي مقدس کو هوتي هے تو اوسکو سکینه کہتے هیں * مشکواة میں حدیث هے که فرمایا نبي صلی الله علیه وسلم نے "که بیشک روح قدس نے ڈالا میرے دل میں" اور مشکواة هي میں یہه بھي هے که سکینه عمر کي زبان سے اور دل سے بولتي هے " اِس وحي کا یہه طریقه هے که صاحب وحي کے دل میں بسبب نور اور صفائي قلب اور پاکیزگي روح کي خود بخود ایک بات جوش مارتي هے ' اور وه زبان سے نکلتي هے ' وه کلام في الحقیقة کلام رحماني هے جو اوسکي زبان سے نکلا نه کلام نفساني ' مگر هم مسلمان ان دونوں قسم کي وحیوں میں یعني جو نبي پر آوے اور جو غیر نبي پر آوے تمیز رکھنے کو یہه اعتقاد رکھتے هیں ' که جو وحي انبیاء کو هوتي هے اوسمیں کبھي غلطي نہیں هوتي نه اصل وحي میں اور نه تعبیر معني میں ' اور جو وحي انبیاء کے سوا اور مقدس لوگوں کو هوتي هے اوس میں سمجھه کي غلطي کا احتمال هے ' خواه باعتبار وحي سمجھنے اوس واقعه کے جو هوا خواه باعتبار تعبیر اور تفہیم معني وحي کي ' علاوه اسکے ایسي وحي جس سے

* في المشكواة في باب التوكل والصبر قال النبي صلی الله علیه وسلم ان روح القدس نفث في روعي

في المشكواة في باب مناقب عمر ماكنا نبعد ان السكينة تنطق علی لسان عمر و قلبه

is to say, whether it be really a divine revelation) or secondly, as to the right explanation or apprehension of its true meaning.—Besides, the purposes of God in matters relating to the holy Sacrament have been unfolded by Him through the medium of his prophets alone, and not of any others, as eminent men of the Christian church have also maintained similar views on this point; for Martin Luther, the great apostle of Protestantism, remarks in the 2nd vol: of his book, in referance to that passage in St: James general epistle which relates to the anointing of the sick, that although this may have been written by St: James, yet the apostles had no authority to institute such a sacrament; for the power to do that belonged exclusively to Jesus alone.—

James V-14.

شریعت کا کوئي نیا حکم پیدا هو ' وہ نبي کے سوا اور کسي کو نهیں هوتي ' محققین علماء مسیحي کا بهي یهي مذهب هے ' مارٹن لوتهر صاحب جو فرقه پروٹسٹنٹ کے پیشوا هیں اپني کتاب کي دوسري جلد میں جهاں ذکر هے ' * که بیمار پر مجلس کے قسیس تیل ڈالیں وهاں لکهتے هیں " که گو یهه نامه یعقوب کا هو لیکن حواري کو نهیں پهونچتا که اپني طرف سے ' سیکرمنٹ ' یعني حکم شرعي بناوے یهه منصب صرف حضرت عیسی کو تها " *

* نامه یعقوب باب ۵ ورس ۱۴

Let it be borne in mind, that we fully believe that the apostles of Jesus Christ were inspired men; and as an argument in proof, I will here quote a passage from the Soora Miadah, (Ayat 114) where God has said "and when I commanded the apostles of Jesus saying, believe in me and in my messenger; they answered, we do believe and do thou bear witness that we are resigned unto thee."—

یهه بهي جاننا چاهیئے که همارے مذهب بموجب حضرت عیسی علیه السلام کے حوار[illegible] هي صاحب وحي یعني صاحب دلیل اسکي یهه هے که الله تعالی * سورة مائده میں فرمایا هے " اور جب میں نے وحي بهیجي حواریوں کے پاس که یقین لاو مجهه پر اور میرے رسول پر بولي هم یقین لائے اور تو گواه ره که هم مسلمان هیں *

* سورة المایده آیت ۱۱۱
و اذ اوحیت الی الحواریین ان آمنوا بي وبرسولي قالوا آمنا واشهد باننا مسلمون

When the sacred nature of a revelation is made apparent, then it must be concluded that any message brought to a prophet from God by any means,

جب وحي کے معني معلوم هوگئے تو اب جاننا چاهیئے که جو خدا کا پیغام نبي پر کسي طرح پهونچے وہ کلام الهي هے '

is the word of God. Thus all messages which in former ages were brought to the prophets, and to our own prophet and by them promulgated in the form either of the Holy Law, Sermon, precepts, or in any other way all such messages are of Divine origin, but it is to be observed that those words of God which belong to a period anterior to the advent of our own prophet were not intended to indicate a miracle of eloquence; accordingly the mere subjects of the messages of God were communicated to prophets, which they used to announce to the world in their own words: for instance the both Mr. Beausobre and Mr. Lafont have given it as their opinion, that the Holy Spirit, through whose help and assistance, the sacred historians indited the Gospel, did not prescribe to them any particular form of speech or language.—His office was simply to impress the subject-matter upon the tablet [illegible] their hearts, and by his divine pov[illegible] [illegible]ept them from falling into [illegible] it was left to their own dis[illegible] proclaim and to perpetrate in [illegible] the inspired truths, in the id[illegible] [illegible]d in the form of language they [illegible]stood best, or with which they chanced to be most familiar.—Hence it is, that we find a marked difference in the style and mode of narration, in works of those holy men; since each one wrote according to his own ability and way of thinking. In like manner the man who is conversant with the original tongue, cannot fail to detect the variations in the style adopted severally by Matthew, Luke, Pual and John.

چنانچه جسقدر پيغام خدا کے انبياء سابقين اور همارے پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم پاس پهونچے ' اور اُنهوں نے لوگوں کي هدايت کے ليئے بطور احکام يا وعظ يا نصيحت يا اور طرح پر بيان فرمائے ' وہ سب بر حق اور کلام الهي هيں ' مگر جسقدر کلام الهي محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم سے پہلے انبياء عليهم الصلوٰة والسلام پر نازل هوا ' اُسميں معجزہ فصاحت کا مقصود نه تها ' اِسليئے وحي بطور مضمون القاء هوتي تهي جسکو انبياء اپني زبان سے تعبير فرماتے تهے ' بدوسوبر اور لِيافان صاحب لکهتے هيں " که روح القدس نے جسکي تعليم اور مدد سے انجيل نويسوں اور حواريوں نے لکها هے ' اُنکے ليئے کوئي زبان نهيں ٹهرا دي تهي ' بلکه اُسنے اُنکے دلوں ميں صرف مطلب سمجها ديا اور غلطي ميں پڑنے سے بچايا ' اور هر ايک کو اختيار ديا که اپنے محاورہ اور عبارت ميں اُسکو ادا کرے ' اور جيسے هم اُن پاک لوگوں کي لياقت اور مزاج کے موافق اُنکي کتابوں ميں محاورہ کا فرق پاتے هيں ' ويساهي وہ شخص جو اصل زبان سے ماهر هوگا متي اور لوقا اور پال اور يوحنا کے محاورہ ميں فرق پاويگا ' اگر روح القدس حواريوں کو عبارت بتلا ديتا تو يهه بات هرگز نهوتي ' بلکه اس حالت ميں کتب مقدسه ميں سے هر کتاب کا محاورہ يکساں هوتا " مگر همارے پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم پر جو وحي نازل هوئي اُس ميں بالذات ايک اور معجزہ فصاحت کا بهي مقصود تها ' اسليئے ضرور هوا که وہ وحي بلفظه نازل هو تاکه اُسکي سي فصاحت انسان سے

Whereas if the Holy Spirit had actually dictated the text in a certain known language, there would of course have been no such variations; but on the contrary, the style of all the books of the Bible would have been found to be uniform and identical.—whereas the messages brought to our prophet were also intended to furnish a miracle of eloquence, and sent down in fact in the very words in which they were by him delivered to us; and the language and style of these messages prove incontestibly, that they could never have been the production of man.—So, the Koran was transmitted from Heaven in the very words in which we have it: and we the Mohomedans have therefore taken the words of God in our Koran into a special sense, that is we consider them such revelations, the words of which were also to proceed from God himself; such revelations we call Wahee Mutloo or the words of God; and such revelations of which merely the subjects were communicated to prophets, are called by us Wahee Gair Mutloo or Hadees. By taking the words of God into the above specified sense we, Mohomedans, do not mean to say that the revelations made to former prophets and that those made to our own prophet besides the Kooran, are not the words of God.

نہ بن سکے ، چنانچہ قران مجید اسیطرح بلفظہ نازل ہوا ، اور وہي لفظ بلفظ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو پڑھہ سنایا ، اس سبب سے ہم مسلمانوں نے اپني اصطلاح میں کلام الہي کو ایک خاص معنوں میں سمجھا ہے ، یعني وہ وحي کہ جسکي لفظ بھي خدا سے ہي ہوں ، اور ایسي وحي کو ہم کہتے ہیں وحي متلو یا کلام الہي اور اس وحي کو جو بطور مضمون القا ہوئي تھي کہتے ہیں وحي غیر متلو یا حدیث ، مگر بسبب خاص وجہہ کے یہہ ایک خاص اصطلاع قرار پائي ہے ، نعوذباللہ اِس سے یہہ مطلب نہیں ہے ، کہ انبیاء سابقین علیہم الصلواۃ والسلام پرجو القاء ہوا اور جو احکام اور ہدایت دین کي اُنہوں نے فرمائي ، یا سواے قران مجید کے اور جو کچھہ دین کے معاملہ میں ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کلام الہي نہیں ہے *

It may also be known that only so many words of the men to whom revelations are made, we Mohomedans consider as revelations, as relate to the religious matters; or such of their words only, to utter which would not be possibly to proceed from reason; or such of

اور یہہ بھي جاننا چاہیئے کہ ہم مسلمانوں کے مذہب میں ، صاحب وحي یا صاحب الہام کا وہي کلام وحي سمجھا جاتا ہے ، جو اُسنے دین کے مقدمہ میں کہا ہو ، یا ایسي بات کہي ہو جسکا بغیر وحي یا الہام کے کہنا عقلا بعید ہو ، یا

their words which they assert to have uttered by means of a revelation; or such of their words, the mode of the expression of which were to prove of their being uttered by means of a revelation only.—But if the very men in whose such revelations as above mentioned we believe, were to utter any such words as relate to the worldly concernment only, such as come daily under our own notice or observation, we would not believe in them as a revelation.—

In illustration of this remark, I would here extract an anecdote related in the Mishkat, by Rafa, the son of Khudeej.—It is said there, that when the holy prophet went from Mecca to Medina, he observed the people of this country nourishing the root of the date-tree with its own sap: when questioned on the subject, the people said, they were acting in conformity with the time-honored practice of the country: upon this the prophet recommended them to discontinue such a practice, and it was discontinued [illegible]gly.—The consequence however [illegible]ty out-turn of fruit: and when [illegible] presented this to the prophet [illegible]d them that he was but a [illegible] when he spoke to them about [illegible] things, they were bound to [illegible]m; but when he returned to say [illegible]ng to them about worldly things from his own personal knowledge, they should take it with a reservation, and act according to their own skill and discretion; for, that in such things he could speak only as a man.

خود آسنے ظاہر کیا ہو کہ میں یہہ بات وحي یا الہام سے کہتا ہوں' یا قرینہ حالیہ اور مقالیہ سے معلوم ہو کہ وہ وحي یا الہام سے کہا گیا ہے ' اور اسکے سوا جو آسکا اور کلام ہے ' اور جو دن رات انسان کے برتاو میں آتا ہے ' اور دنیاوي آمورات سے علاقہ رکھتا ہے ' آسکو وحي سے کچھہ علاقہ نہیں ہے ' اسکي دلیل یہہ ہے کہ * مشکواۃ میں رافع ابن خدیج سے روایت ہے " کہ جب نبي صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ میں تشریف لائے ' تو مدینہ والے کھجوریں کے درخت میں نر کھجور کا مادہ ڈالتے تھے ' حضرت نے فرمایا کہ تم کیا کرتے ہو ' آنہوں نے کہا کہ ہم یوں ہي کیا کرتے ہیں ' حضرت نے فرمایا کہ شاید تم نکرو تو بہتر ہو ' پھر آنہوں نے نہ کیا ' تب کھجوریں کم پہلیں اسکا ذکر حضرت سے آن لوگوں نے کیا ' پھر آپنے فرمایا کہ میں انسان ہي ہوں ' جسوقت تمکو کسي چیز کا تمہارے دین کي باتوں میں حکم کروں آسکو اختیار کرو ' اور جب تمکو اپني عقل سے کسي بات کا حکم کروں تو میں بھي انسان ہوں *

* في المشكواة في باب الاعتصام بالكتاب والسنة

عن رافع ابن خديج قال قدم نبي الله صلى الله عليه وسلم المدينة و هم يابرون النخل فقال ماتصنعون قالوا كنا نصنعه قال لعلكم لو لم تفعلوا كان خيرا فتركوه فنقصت قال فذكروا ذلك له فقال انما انا بشر اذا امرتكم بشيء من امر دينكم فخذوه و اذا امرتكم بشيء من راي فانما انا بشر

We learn from this, that holy men, known to be blessed with Inspiration, may possibly fall into error in matters unconnected with the general tenor of the subjects upon which they are accustomed to be inspired, but that we are not on that account to harbour a feeling of doubt or mistrust touching the sacred nature of their saintly and inspired character. It is for this reason that we Mohomedans, although holding all the books of the Old and New testaments to be genuine and true, are yet guided more particularly by the mere text of them, than the narratives and tales to be found in them; and if we find any palpable inaccuracy in the relation of historical facts, still, that circumstance does not stagger our belief; for we look to the meaning of the text, and this is also believed to be the guiding principle of eminent Christians on this subject.

At page 125 of the first volume of his Introduction to the study of the scriptures, Mr. Horne says. "That those very persons to whom the holy Spirit revealed those things which are of the highest authority in religion, sometimes wrote only as faithful historians, and at other times as prophets under the influence of Divine inspiration; and that those writings are so different from each other that the one sort are to be imputed to themselves as the authors, the other to God speaking by them; the former are of service to increase our knowledge, the other of authority in religion, and canonical. Augustine."

اس سے یہہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر کسي صاحب وحي یا صاحب الہام کے 'اُسقدر قول یا تحریر میں جو بطور عام انسانوں کے ہو ' بالفرض اگر کوئي غلطي یا سہو نکل آوے ' تو کسي طرح اُسکي صاحب وحي یا صاحب الہام اور پاک اور مقدس ہونے پر شبہہ نہیں ہو سکتا ' یہي سبب ہے کہ ہم مسلمان با وجودیکہ تمام کتب عہد عتیق اور عہد جدید کو پاک اور مقدس جانتے ہیں ' مگر خاص متن بیبل کو اُسکي روایت سے علاحدہ تمیز کرتے ہیں ' اور اگر کہیں کچھہ تناقض امور تاریخي میں پاتے ہیں ' تو اُس سے کسي طرح متن بیبل پر شبہہ نہیں کرتے ' کیونکہ محافظت متن کي دراصل ہمکو مد نظر ہے اور ظاہرا یہي طریقہ علماء عیسائي کا بھي معلوم ہوتا ہے " *

* ہارن صاحب سینٹ آگس تئین صاحب کا قول نقل فرماتے ہیں " کہ جن لوگوں پر روح القدس مذہب کي باتیں الہام سے پہونچاتے تھے ' وھي شخص بعض اوقات مثل دیانتدار مورخوں کے (یعني بغیر الہام کے) بھي لکھا کرتے تھے ' اور بعض اوقات الہام کي تاثیر میں ہوکر پیغمبروں کي مانند لکھتے تھے ' اور وہ تحریریں ایک دوسري سے اسقدر اختلاف رکھتي ہیں ' کہ اُن میں سے ایک قسم اُن لوگوں کي طرف اسطرح منسوب کي جاتي ہے ' کہ گویا اُنہوں نے اُسکو بطور مصنف کے تصنیف کیا ہے ؛ اور دوسري قسم خدا پر منسوب کي جاتي ہے کہ گویا خدا اُنکے ذریعہ سے

*ہارن صاحب کا انٹروڈکشن اوپر علوم بیبل کے مطبوعہ سنہ ۱۸۲۵ع جلد ۱ صفحہ

كلام كرتا ہے ' ان میں سے اول قسم کي تحریریں همارے علم کے بڑھانے کے کام آتي هیں ' اوردوسري قسم کي تحریریں مذهب کي سند کے واسطے " *

In the last volume of Thomas Scott's Commentary on the holy Bible, it is stated, that it is by no means necessary that all the productions of a prophet should indicate the evidences of inspiration, and that although Solomon wrote books under that mysterious Divine influence, it does not necessarily follow that his historical writings were also inspired. Besides, it must be borne in mind, that the prophets of old, and the disciples of the Messiah, were only inspired under peculiar circumstances and for special purposes.—

تفسیر هنري اور سکاٹ کي اخیر جلد میں ہے کہ ضرور نہیں کہ هر لکھا پیغمبر کا الهامي یا قانوني هو ' اور اسلیئے کہ حضرت سلیمان نے بعض الهامي کتابیں لکھیں بہہ ضرور نہیں کہ جو اُنہوں نے بطور تاریخ کے لکھا وہ بھي الهامي هو · اور یاد رکھنا چاهیئے کہ پیغمبر اور حواري خاص خاص مطلب اور موقع پر الہام کیئے جاتے تھے *

Watson, in his 4th vol: says with reference to Dr. Benson's Paraphrase on the chapter on Inspiration, that the disciples were only inspired when they wrote to declare the laws of God, and that th[illegible] productions were precise and exact [illegible]fined to that particular inspira[illegible] that when they wrote upon [illegible] matters, unconnected with divinity, they did so according to their own personal knowledge and ability, just as other men write upon similar subjects.— The following examples are cited in illustration of the foregoing observations.—

واٹسن صاحب کي چوتھي جلد میں رسالہ الہام کے اندر جو ڈاکٹر بینسن کے پارافریز ' یعني تفسیر سے لکھا ہے یہہ بات لکھي ہے ' کہ حواري لوگ جب وے دین کي بات بولتے یا لکھتے تھے تو وہ خزانہ الہام سے جو اُنکو حاصل تھا اُنہیں درست رکھتا تھا لیکن وے انسان اور ذوي العقول تھے ' اور اُنہیں الہام بھي هوتا تھا اور جس طرح اور آدمي معاملات میں الہام بغیر عقل سے بولتے اور لکھتے هیں ویساهي وے بھي عام معاملوں میں بولا اور لکھا کرتے تھے " چنانچہ آیندہ مثالوں سے یہہ مطلب ثابت هوتا ہے ' *

"Drink no longer water, but use a little wine for thy stomach's sake and thine often infirmities." (1st Timothy V-23) It is probable this verse was not written under the force of inspiration.

مثلا مقدس پال کے نامہ اول تمتھي کے پانچویں باب کے تئیسویں ورس میں لکھا ہے (اور اب سے تو صرف پاني نہ پیاکر ' بلکہ اپني معدے اور کم زوري کے سبب

تهوڑي شراب پيي) اس ورس سے معلوم هوتا ہے کہ یہہ ورس بغیر الهام کے لکھا گیا هو *

Again: "The cloak that I left at Troas with Carpus, when thou comest bring with thee, and the books, but especially the parchments." (2nd Timo: IV-13) It may be presumed that this passage also like the preceding one was penned without inspiration.

اور مقدس پال کے نامہ دويم تمتهي کے چوتهے باب کے تيرهويں ورس ميں لکھا ہے (وہ لبادا جسے ميں نے تروآہ ميں کارپاہ کے هاں چهوڑا اور کتابيں خصوصا چمڑے کا ورق ليتے آنا) معلوم هوتا ہے کہ يہہ ورس بهي پهلے ورس کيطرح بغير الهام کے لکھا گيا ہے *

The following is likewise of the same character: "Grastus abode at Corinth; but Tropeimus have I left at Miletum sick." (2nd Timo: IV-20)

اور اسيطرح اسي نامہ کے چوتهے باب کا بيسواں ورس بهي بغير الهام کے لکھا هوا معلوم هوتا ہے (اراستہ کرنتهي شهر ميں رها ہے ، تروفمي کو ميں نے ميليتي ميں بيمار چهوڑا) *

The following verses seem to be written under inspiration.

اور يہہ ورس جو آگے آتے هيں معلوم هوتا ہے کہ الهام سے لکھے گئي هيں *

"And unto the married I command, yet not I, but the Lord, let not the wife depart from her husband." (1st Corinth: VII-10)

نامہ اول کرنتهيونکا باب ۷ ورس دس (پهر ميں آنکو جن کا بياہ هوا ہے حکم کرتا هوں، ميں نهيں خداوند حکم کرتا ہے ، کہ جورو اپنے خصم سے جدا نهووے) *

"Now when they had gone throughout Phrygia and the region of Galatia, and were forbidden of the Holy Ghost to preach the word in Asia.

عمال باب ۱۶ ورس ۶ (جب فروگيا سرزمين گالا تيا ، سے گذري روح قدس نے آنهيں اشيا ميں مسيح کي بات کهنے سے منع کيا) *

After they were come to Mysia they assayed to go into Bythinia: but the Spirit suffered them not." (Acts XVI-6-7)

ورس ۷ (تب مسيا ميں آکے آنهوں نے قصد کيا کہ بتهنيا کو جاويں پر روح نے آنهيں جانے نہ ديا) *

The following verses, as is apparent, were not written under the guidance of the Holy Spirit, but by the writer's own solicitude.

اور يہہ ورس جو آگے آتے هيں آنسے معلوم هوتا ہے کہ وہ الهام سے نهيں لکھے گئے بلکہ صرف اجتهاد سے لکھے گئے هيں *

"But to the rest speak I, not the Lord: If any brother hath a wife that believeth

نامہ اول کرنتهيونکا باب ۷ ورس ۱۲ (باقي جو کچهہ ہے خداوند نهيں ميں کهتا هوں ،

not, and she be pleased to dwell with him, let him not put her away" (Ibid-V-12.)

اگر کسي بهائي کي جورو بے ایمان هو' اور اُسکے ساتهه رهنے کي رضامند هو تو وه اُسکو نچهوڑے *)

"Now concerning virgins, I have no commandment of the Lord: yet I give my judgement, as one that hath obtained mercy of the Lord to be faithful" (Ibid-25.)

نامه اول کرنتهیونکا باب ۷ ورس ۲۵ (کنواري کے حق میں خداوند کا کوئي حکم میرے پاس نهیں ' لیکن جیسا دیانتدار هونے کے لیئے خداوند سے رحم پایا هوں ایسیهي صلاح دیتا هوں) *

It is therefore very evident, that the sacred writers wrote not at all times through inspiration, but also from their own volition and knowledge, yet the distinction is marked, that when writing under inspiration, they declared the will of God in behalf of his people; and when they wrote without inspiration, they inculcated precepts of morality for private life.

ان تمام مثالوں سے یهه بات بخوبي روشن ہے ' کہ حواري حضرت مسیح علیهالسلام کے همیشه الهام سے نهیں لکهتے تهے ' بلکه اپنے علم اور اپني اجتهاد سے بهي لکها کرتے تهے ' اسلیئے یهه امتیاز کیا گیا ہے ' کہ حواریین جب کوئي بات الهام سے لکهتے تهے ' تو اُس سے تو یهه سمجها جاتا تها ' کہ وه خدا کي مرضي لوگوں کو بتاتے هیں ' اور جب وه بغیر الهام کے کچهه لکهتے تهے ' تو اُس سے صرف انسان کي تهذیب مراد اخلاق هوتي تهي ' *

And it is within the compass of our own [illegible]wledge and experience, that when [illegible]r refers to matters which are [illegible]e to the evidence of the senses, it not requisite that his pen should be inspired. Beausobre and Lefon say the same thing.

علاوه اسکے یهه بات بهي عقل کے قریب ہے ' کہ جو حال اپني آنکهه کا دیکها هوا یا سنا هوا لکها جاوے ' اُسمیں الهام کي کچهه ضرورت نهیں ہے ' بیوسوبر اور لیفان کا یهي قول تها *

As a summary of these arguments it may be safely asserted, that it is the opinion of both Christians and Mohomedans, that it is not essentially necessary that all the writings that have been left us, which bear the names of inspired men, should be absolutely regarded as proceeding from inspiration.

غرض کہ ان وجوهات سے یهه بات نهایت استحکام سے کهي جاسکتي ہے ' کہ عیسائي اور مسلمان دونوں کا مذهب یهي ہے ' کہ یهه بات کچهه ضرور نهیں ہے کہ سب تحریریں اگلے زمانوں کي جو همارے پاس هیں ' اور جنکو اُن شخصوں نے لکها ہے جنکو الهام هوتا تها ' اُن سب کو کلیة اس طرح پر سمجهنا چاهیئے کہ وه سب الهام سے لکهي گئي هیں *

THIRD DISCOURSE.

توریت اور صحف انبیاء اور زبور اور انجیل جنکا نام قران مجید میں آیا ھے وہ کونسي کتابیں ھیں

What books are those which in the Koran are alluded to under the names of Toureit, Sohoofumbiya, Zuboor, and Injeel.

In my Second Discourse I have dwelt upon Revelations and words of God and from the observations made on the subject, it has doubtless been understood, that the revelations supernaturally received by Prophets and by them expounded to the people, were, in very truth, words of God; and these inspired communications, having been committed to writing, do now form the subject-matter of those books which are known as the productions of the Prophets whose names they bear. Thus, the origin of the Toureit, the Sohoofumbiya, the Zuboor, and the Injeel, is the revelations which were conveyed from God respectively to Moses, to the Israelitish Prophets, to David, and to Jesus, and when those revelations were written down they were known to the world by their respective names of Toureit; Zuboor, Sohoofumbiya, and Injeel.

دوسرے مقدمه میں همنے وحي اور کلام الهي کي حقیقت بیان کي ھے ' اُس سے معلوم هوا هوگا که جو وحي خدا کیطرف سے پیغمبر پاس پهونچے ' اور وه پیغمبر لوگوں کے سامنے بیان کرے حقیقت میں وه خدا کا کلام ھے ' اور جب وه کلام لکها جاوے تو وه اُس پیغمبر کي کتاب ھے جسپر خدا کا کلام اُترا تها ' پس حقیقت توریت اور صحف انبیاء اور زبور اور انجیل کي وه وحي ھے جو خدا کي طرف سے موسی اور انبیاء بني اسرائیل اور داود اور عیسی علیهم السلام پر اُتري ' اور جب وه لکهي گئي تو وه کتاب مکتوب شده توریت و زبور اور صحف انبیاء اور انجیل کے نام سے مشهور وئیں ' *

It is to be remarked however, that there is a perceptible difference in the style of recording the words of God; for in the earlier ages it appears to have been the practice of recording the words of God, in the narrative form; the writer commencing with his subject from its very origin, and inserting in

اب طریقه تحریر میں تفاوت ھے ' پہلے زمانه میں کلام الهي لکهنے کا یهه رواج عام تها ' که بطور روایت کے لکها جاتا تها ' یعني لکهنے والا کلام الهي کا سلسلهوار حال لکهنا شروع کرتا تها ' اور اُسي سلسله میں جو وحي پیغمبر پر اُترے تهي وه بهي لکهه جاتا تها مثلا مقدس متي نے طلاق نه دینے

the body of his narrative, a relation of supernatural events, as occuring to him or to the party of whom, or for whom, he wrote; for example, St: Matthew in his gospel wrote thus about the divorcement of wives:—

کے حکم کو اپنی انجیل میں اسطرح پر لکھا ہے *

* متی باب ۱۹

1. And it came to pass that when Jesus had finished these sayings, he departed from Galilee and came unto the coasts of Judea beyond Jordan.—

Mat. XIX 1-9

۱ * یسوع اس کلام کو تمام کرکر جلیل سے جاکے یردن کے پار یہودیہ کی سرحد میں آیا *

2. And great multitudes followed him; and he healed them there.

۲ اور بہت سی جماعتیں اُسکے پیچھے ہولیاں ' اور اُسنے اُنہیں وہاں چنگا کیا *

3. The Pharisees also came unto him, tempting him, and saying unto him is it lawful for a man to put away his wife for every cause.?

۳ فروسیوں نے اُسکے امتحان کے لیئے اُس پاس آکے کہا ' کہ ہر ایک سبب سے اپنی جورو کو طلاق دینا آدمی کو روا ہے *

4. And he answered and said unto them, have ye not read that he which made them at the beginning made them male and female.

۴ اُسنے جواب دیا کیا تم نے نہیں پڑھا ' کہ جسنے ابتداء میں اُنہیں پیدا کیا ' اُسنے اُنہیں ایک نر و ایک مادہ بنایا *

5. And said, for this cause shall a man leave father and mother, and shall cleave to his wife: and they twain shall be one flesh.?

۵ اور بولا کہ اسلیئے مرد اپنے ما باپ کو چھوڑیگا ' اور اپنی جورو سے ملا رہیگا اور وے دونوں ایک تن ہونگے ' اسلیئے اب وے دو نہیں بلکہ ایک تن ہیں *

6. Wherefore they are no more twain but one flesh. What therefore God hath joined together, let not man put asunder.

۶ پس جو کچھہ خدا نے جوڑا ہے ' آدمی اُسے جدا نکرے *

7. They say unto him, why did Moses then command to give a writing of divorcement, and to put her away.?

۷ اُنہوں نے اُسکو کہا ' کہ پھر موسی نے کیوں طلاق‌نامہ دینے اور اُسے چھوڑ نے کی اجازت دی *

8. He saith unto them, Moses because of the hardness of your hearts suffered you to put away wives: but from the beginning it was not so.

۸ اُسنے اُنکو کہا کہ موسی نے تمہاری سخت دلی کے سبب سے تمکو اجازت دی ' کہ اپنی جورووں کو چھوڑدو ' پر ابتداء میں ایسا نہ تھا *

9. And I say unto you, whosoever shall put away his wife, except it be for

۹ اور میں تمہیں کہتا ہوں ' کہ جو کوئی اپنی جورو کو سواے حرام‌کاری کے '

fornication, and shall marry another committeth adultery: and whoso marrieth her which is put away doth commit adultery.

کسو سببب سے طلاق دے اور دوسري سے بیاہ کرے، وہ زنا کرتا ہے، اور جو کوئي آس چھوڑي گئي عورت سے بیاہ کرے وہ بھي زنا کرتا ہے *

Now we Mohomedans look upon the first, second, third, and seventh verses, as mere narrative, while the remainder of the quotation we consider as the text of the revelation which God descended on Jesus Christ. It is to be observed, that in the case of our own Prophet, the revelations made to him were intended to impart a special miracle of eloquence and they were written down literally and exactly in the form in which they were communicated without any narrative being inserted in them. However it was the rule to call a book by the name of the Prophet, whether the subject-matter was pure doctrine only, or whether it was mixed up with narrative also; and it is on this account that we Mohomedans regard the narrative portions of the Scriptures as apart and distinct from those portions which form the real text. I repeat therefore that the revelations conveyed to the Prophets of old and that were recorded down, are the Pentateuch, the Psalms, the Prophecies, and the gospels entitled the Old and New Testaments.

پس هم لوگ پہلے اور دوسرے اور تیسرے اور ساتویں ورس کو روایت تعبیر کرتے هیں اور باقي کو متن یعني وہ خاص وحي جو حضرت عیسی علیہ السلام پر خدا کي طرف سے آتري، جب همارے پیغمبر خدا صلی الله علیہ وسلم پر وحي نازل هوئي، تو آسمیں علاوہ احکام کے فصاحت کا بھي معجزہ مقصود تھا، اسلیئے آسمیں کوئي لفظ روایت کا شامل نہیں هوا، بلکہ صرف وهي لفظ لکھے گئے جو خدا کیطرف سے آترے، بهرحال جب کلام پیغمبر کا لکھا گیا وہ آس پیغمبر کي کتاب ہے، خواہ وہ بشمول روایت لکھي گئي هو، خواہ بلا شمول روایت کے، اور یهي سبب ہے کہ هم مسلمان، متن توریت اور انجیل کو اور آنکي روایت کو جدا جدا تمیز کرتے هیں، اب سمجھہ لینا چاهیئے کہ جو وحي اگلے نبیوں پر آتري، اور وہ جسطرح پر لکھي گئي وہ کتابیں مکتوب شدہ توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور انجیل کے نام سے مشهور هوئیں، جنکا نام کتب عهد عتیق اور عهد جدید ہے *

As the revelations made to some of the Prophets, were compiled by different persons into separate books, so thus there appeared a number of books by the name of one prophet as their author; accordingly it must be understood, that whenever I use the name of the book of a certain prophet I consider the work to be included of all the books that are known by the name of that prophet.

بعض انبیاء کي وحي کو متعدد لکھنے والوں نے لکھا، اور آس نبي کے نام کي متعدد کتابیں لکھي گئیں، پس جب هم کسي پیغمبر کي، کتاب کا نام لینگے، تو هماري مراد وہ سب کتابیں هونگي جو آس پیغمبر کے نام سے لکھي گئیں اور مشهور هوئیں *

In committing revelations to writing, at the dictation of the inspired Prophets, it is possible that the amanuensis may have inadvertently omitted some word or passage in the heavenly message, and although I believe, that the writers generally executed their difficult task with such care and assiduity that the probability of mistakes was greatly diminished, yet, it is not impossible, that despite of every human precaution to guard against material errors, some omissions in the test might occur after all; for example, it may be here stated in illustration of these remarks, that St: Matthew, writing of Jesus says that "he came and dwelt in a city called Nazareth: that it might be fulfilled which was spoken by the prophets, He shall be called a Nazarene." (II-23), and yet, no such prediction can be found in the writings of any of the Prophets.

یہہ بھي ممکن ہے کہ پیغمبر نے کوئي بات وحي کي بیان کي ہو ' مگر وحي لکھنے والے سے لکھني رہ گئي ہو ' اگرچہ ہمارا اعتقاد یہہ ہے ' کہ وحي لکھنے والوں نے نہایت سعي اور کوشش سے اس انداز پر وحي کو جمع کیا ہے ' کہ غالبا سب جمع ہو گئي ہیں مگر پھر بھي بمقتضاے بشري کسیکا باقي رہ جانا ناممکن نہیں ' چنانچہ اسکا ثبوت آیندہ مثال سے بیان ہوتا ہے ' * مقدس متی نے اپني انجیل میں لکھا ہے " کہ یوسف ایک شہر میں جسکا نام ناصرت تھا آکر رہا ' اسیطرح جو نبیوں کي معرفت سے کہا گیا تھا ' کہ وہ ناصري کہلاویگا پورا ہوا " حالانکہ یہہ پیشین گوئي اگلے نبیوں کي کسي کتاب میں لکھي ہوئي نہیں ہے *

* متی ۲ — ۲۳

From the foregoing premises the conclusion must of course be obvious, that we Mohomedans hold the belief that the revelations conveyed to the prophets of old times were recorded in the very books which are entitled Toureit, Suhoof Umbiya, Zuboor and Injeel; when these four names occur in our holy Koran, they are understood to signify such books as were recorded before the time of our prophet; were made known to the world by those names; and had obtained authority at any time whatever. It is not our belief that these books as spoken of in our holy Koran, were some other books independent of those that had obtained authority, as above said, at any time whatever. Now I will proceed to advance some

غرض کہ ہم مسلمان یقین کرتے ہیں ' کہ جو وحي اگلے نبیوں پر نازل ہوئي ' وہ اُنہي کتابوں میں لکھي گئي ' جو توریت اور صحف انبیاء اور زبور اور اناجیل کے نام سے مشہور ہیں ' اور جہاں قران مجید میں توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور انجیل کا نام آیا ہے ' اُس سے وہي کتابیں مراد ہیں ' جو ہمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے پہلے لکھي گئیں ' اور توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور اناجیل کے نام سے کسي نہ کسي وقت مشہور اور مروج ہوئیں ' اور ہمارا یہہ اعتقاد نہیں ہے کہ جن کتابوں کا نام قران مجید میں آیا ہے ' اُن کتابوں کے سوا وہ اور کتابیں تھیں ' اب ہمکو اپنے مذہبي کتابوں

arguments taken from our own sacred writings, to prove that these books spoken of in our holy Koran are the very books which were to have received authority at any time whatever before the time of our prophet.

سے اسبات کي دليل بيان کرني چاهيئے ' که قران مجيد ميں اور حديثوں ميں جو نام ليئے گئے آنسے يهي کتابيں مراد هيں ' چنانچه هم اب آن دليلوں کو بيان کرتے هيں *

First Argument.—In the Bookharee it is written on the authority of Aeesha, that when God began to reveal himself unto our Prophet by conveying his messages to him, the lady Khadeeja heard of it, and she took the Prophet to her cousin by the father's side, whose name was Wurka, the son of Noful, the son of Ussud, the son of Ubdool Oozza, who had become a Christian before the promulgation of Islamism, and whose occupation it was to copy the Injeel in the Hebrew.—This Hudees shows us, that the book now known as the Injeel is here spoken of and historical and antiquarian researches have proved incontestibly, that the Gospel of St. Matthew was written originally in Hebrew.—

عن عايشة رضي الله عنها و هذه قطعة من الحديث الطويل فانطلقت به خديجة حتى اتت به ورقه بن نوفل بن اسد بن عزى ابن عم خديجة وكان امراء تنصر في الجاهلية وكان يكتب الكتاب العبراني فيكتب من الانجيل بالعبرانية ماشاء الله ان يكتب رواه البخاري

پهلي دليل بخاري ميں حضرت عايشه رضي الله عنها سے ايک بهت بڑي حديث منقول هے آس ميں يهه بهي هے ' که پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم پر وحي آنيکي ابتدا هوئي اور حضرت خديجه نے وه حال سناتو حضرت خديجه پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم کو اپنے ساتهه ورقه بيٹے نوفل بيٹے اسد بيٹے عبد العزى اپنے چچيرے بهائي کے پاس لائيں ' اور وه زمانه اسلام سے پهلے عيسائي هوگئے تهے ' اور وه لکهتے تهے انجيل کو عبراني ميں ' جسقدر که خدا لکهواتا تها ' پس اس حديث سے ثابت هوتا هے ' که حديثوں ميں آسي انجيل کا ذکر هے ' جو آس زمانه ميں مروج تهيں ' اور همکو تاريخ سے باليقين ثابت هوتا هے ' که مقدس متى کي انجيل در اصل عبراني ميں تهي *

Second argument.—In the Soora-al-amran, ayat 93, it is written, that *when the Jews denied, that before the* Pentateuch it was lawful to the descend-

دوسري دليل سوره آل عمران ميں هے که جب يهود نے اسبات پر که (توريت سے پهلے سب چيزيں کهانے کي بني اسرائل

ants of Israel to eat all things, excepting such as Israel had himself considered unlawful to him and they asserted that the things which Israel considered unlawful to use, were so even from eternity and since before the time of Ibrahem. God told the Prophet, say unto the Jews, bring hither the Pentateuch and read it, if ye speak truth.—This extract also proves, that what was known in the time of our prophet as the Pentateuch or Toureit, is the book referred to in the preceding verse.

پر حلال تھیں مگر وہ چیزیں جنکو اسرائیل نے اپنی جان پر حرام کرلیا تھا) انکار کیا بلکہ یہہ کہا کہ ہمیشہ سے اور ابراھیم کے وقت سے وہ چیزیں حرام ھیں تو اللہ تعالی نے پیغمبر صاحب سے فرمایا کہ تو یہود سے کہہ" کہ تم لاو توریت کو اور پڑھو اگر تم سچے ہو اس آیت سے ثابت ھوا کہ جو کتاب اُس زمانہ میں توریت کے نام سے مروج تھی اُسی کا ذکر قرآن مجید میں ہے *

سورۃ آل عمران آیت ۹۳
فاتوا بالتورٰۃ فاتلوھا ان کنتم صدقین

Third argument.—In the Bookharee it is written on the authority of Ubdoollah, the son of Oomur, that the Jews brought to our Prophet a Jewish man and a woman who had been taken in adultery, and asked what were the commands respecting them,—He enquired, what was the punishment laid down for this offence in the law of Moses.—They said, the guilty couple should be banished, after their faces were blackened with charcoal.—The Prophet again asked, Have you not found the punishment of stoning prescribed in the Pentateuch? They answered, no; whereupon Ubdoollah, the son of Sullam said they told an untruth and afterwards quoting a passage from the holy Koran said, Bring hither the Pentateuch and read it, if ye speak truth.—The book was brought accordingly and opened; but the man to whom it was given to read, placed the palm of his hand upon the verse relative to the punishment of stoning, and began reading other passages above and below it.—

تیسری دلیل بخاری میں عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ یہودی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پاس حکم پوچھنے کو ایک یہودی مرد اور عورت کو لائے آن دونوں نے زنا کیا تھا آپ نے فرمایا کہ تم میں سے جو زنا کرے اُسکے ساتھہ تم کیا کرتے ہو آنہوں نے کہا کہ ہم آن دونوں کا منہہ کوئلوں سے کالا کرتے ھیں اور آن دونوں کو جلاوطن کرتے ھیں آپ نے فرمایا تمنے سنگسار کرنا توریت میں نہیں پایا آنہوں نے کہا کہ

عن عبداللہ ابن عمر ان الیھود جاوا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم برجل منھم وامراۃ زنیا فقال لھم کیف تفعلون بمن زنی منکم قالوا نحممھما و نضربھما فقال لاتجدون فی التوراۃ الرجم فقالوا لانجد فیھا شیئا فقال لھم عبداللہ ابن السلام کذبتم فاتوا بالتوراۃ فاتلوھا ان کنتم صادقین فوضع مدراسھا الذی یدرسھا منھم کفہ علی ایۃ الرجم فطفق یقرء مادون یدہ وماوراءھا ولایقرء آیت الرجم ونزع یدہ عن ایتہ

الرجم فقال ماهذه فلما راوا ذلک قالوا هي اية الرجم فامر بهما فرجم قريبا من حيث يوضع الجنايز عند المسجد فرايت صاحبها يحني عليها يقيها الحجارة رواه البخاري

ہمنے تو اُس میں کچھہ نہیں پایا ' پھر اُنسے عبداللہ ابن سلام نے کہا ' کہ جھوٹ بولے تم ' اور یہہ آیت قــران مجید کي پڑھي ' کہ تم لاو توریت کو اور پڑھو اگر تم سچّے ہو (چنانچہ توریت آئي اور وہ مقام نکالا) پھر توریت کے پڑھنے والے نے آیت رجم پر اپنا ہاتھہ رکھہ لیا ' اور ادھر اُدھر سے پڑھنے لگا اور آیت رجم کو نہ پڑھا پھر عبداللہ ابن سلام نے اُسکا ہاتھہ آیت رجم پر سے اُٹھا لیا ' اور کہا کہ یہہ کیا ہے ' جب اُنہوں نے دیکھا تو کہا یہہ آیت رجم کي ہے ' پھر حکم دیا اُن دونوں پر ' اور وہ دونوں مسجد کے پاس جہاں جنازہ رکھنے کي جگہہ ہے سنگسار کیئے گئے ' عبداللہ ابن عمر کہتے ہیں ' کہ میں نے دیکھا زاني کو جھک جاتا تھا اُس عورت پر پتھر بچانے کو ' اس حدیث سے ثابت ہے ' کہ جو توریت اُس زمانہ میں موجود تھي ' اور منگائي گئي اور پڑھي گئي اُسي کا ذکر قران مجید میں اور حدیث میں ہے ' اور وہ آیت رجم جسپر اُس یہودي نے ہاتھہ رکھہ لیا تھا اس توریت میں بھي جو اب ہمارے ہاتھہ میں ہے موجود ہے *

*قوانین ۲۰ — ۲
۲۰ — ۱۰
استثناء ۲۲ — ۲۳ و ۲۴

Seeing this, Ubdoollah, the son of Sullam removed the man's hand from the concealed passage, and obliged him to confess, that that was the law for stoning.—So the order was given, and the offenders were stoned near the musjid, where the coffin of the dead was brought. Ubdoollah, the son of Oomur adds, that he saw the adulterer bend his body over the woman, to try to shield her from the stones.—

This Hudees demonstrates the fact, that the Pentateuch which existed in the time of our prophet, is the book which is spoken of in our holy Koran and Hudees; and the authority for stoning criminals guilty of adultery, which the reader concealed by the palm of his hand, is also found in the Pentateuch of our own time in the verses quoted in the margin.

Levit: XX-2-10
Deut: XXII-23-24

چوتھي دلیل اللہ صاحب نے سورۃ المائدہ میں اپنے پیغمبر کو فرمایا ' کہ یہودي کسطرح تجھکو حکم بدینگے '

سورۃ المائدہ آیت ۴۶ وکیف یحکمونک و عندهم التورىة فيها

Fourth argument.—God said to his Prophet in the Soorutool Maidah, ayat 46, "How will the Jews submit to thy decision, since they have the law, containing the judgement of God? Then will they turn their backs, after this;

but those are not true believers."

Here again is the Pentateuch clearly alluded to.—

Fifth argument. God said in Soorut-ool Maidah, ayat 47 and 48.—"We have surely sent down the law containing direction and light: thereby did the prophets who professed the true religion judge those who Judaized; and the doctors and priests also judged by the book of God, which had been committed to their custody; and they were witnesses thereof.—Therefore fear not men, but fear me; neither sell my signs for a small price.—And whoso judgeth not according to what God hath revealed, they are infidels.—We have therein commanded them that they should give life for life; and eye for eye, and nose for nose, and ear for ear, and tooth for tooth; and that wounds should also be punished by retaliation: but whoever should remit it as alms, it should be accepted as an atonement for him. And whoso judgeth not according to what God hath revealed, they are unjust."

جكم الله ثم يتولون من بعد ذالك وما اولئك بالمومنين

اور آنکے پاس توریت هے ' جس میں حکم هے الله کا ' پهر آسکے پیچهے پهرے جاتے هیں ' اور وه نهیں مان نے والے ' اس آیت سے صاف ثابت هے که جو توریت آس زمانه میں یهودیوں کے پاس تهي آسکا ذکر قران مجید میں هے *

سورة المائده آیت ۴۷ و ۴۸

انا انزلنا التورىة فيها هدى ونور يحكم بها النبيون الذي اسلموا للذين هادوا والربا نيون والاحبار بما استحفظوا من كتب الله وكانوا عليه شهداء فلا تخشوا الناس واخشون ولاتشتروا باياتي ثمنا قليلا و من لم يحكم بماانزل الله فاولئك هم الكا فرون وكتبنا عليهم فيها ان النفس بالنفس والعين بالعين والانف بالانف والاذن بالاذن والسن بالسن والجروح قصاص فمن تصدق به فهو كفارة له ومن لم يحكم بما انزل الله فاولئك هم الظالمون

پانچویں دلیل الله صاحب نے سورة المائده میں فرمایا هے ' که تحقیق همنے آتاري توریت ' آس میں هدایت اور روشني هے ' آسپر حکم کرتے تهے پیغمبر جو حکمبردار تهے یهودیوں کو ' اور آسپر حکم کرتے تهے درویش اور عالم اس واسطے که نگهبان تهرائے تهے الله کي کتاب پر ' اور آسکے گواه تهے ' سو تم مت ڈرو لوگوں سے اور مجهه سے ڈرو ' اور نه لو میري آیتوں پر مول تهوڑا ' اور جو حکم نکریں آسپر جو الله نے بهیجا سو وهي لوگ کافر هیں ' اور لکهدیا همنے آنپر آس کتاب میں که جان کے بدلے جان ' اور آنکهه کے بدلے آنکهه اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان '

اور دانت کے بدلے دانت ' اور زخموں کا بدلہ برابر ' پھر جسنے بخشدیا اُس سے وہ پاک ہوا ' اور جو کوئي حکم نکرے اُسپر جو اللہ نے اُتارا ' سو وهي لوگ بے انصاف هیں " اس آیت سے ثابت هوتا ہے ' که جو توریت اُس زمانہ میں علماء یہود کے پاس تھي ' اُسیکا ذکر قران مجید میں ہے ' اور اُس توریت میں آیت قصاص بھي تھي ' چنانچہ آیت قصاص اس توریت میں بھي جو همارے هاتهہ میں ہے ' موجود ہے *

* قوانین ۲۴—۱۷ و ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ و ۲۲

* We are taught by this extract, that the Pentateuch, which was the legal guide of the Jewish Rabbins, is here spoken of; and the allusion to the Kusass or law of retaliation, distinctly identifies it: vide the passage noted in the margin.—

Levit: XXIV 17-19-20-21-22.

چھٹي دلیل اللہ صاحب نے سورة المائدہ میں فرمایا که اور نبیوں کے پیچھے همنے بھیجا عیسی مریم کے بیٹے کو سچ کرتا هوا توریت کو جو آگے سے تھي ' اور اُسکو دي همنے انجیل جسمیں ہے هدایت اور روشني ' اور سچا کرتے هوئے اپنے آگے کي توریت کو اور هدایت اور نصیحت کرتے هوئے پرهیزگاروں کو ' اور چاهیئے که حکم کریں انجیل والے اُس چیز پر جو اُتارا اللہ نے اُسمیں ' اور جو حکم نکرے اُسپر جو اُتارا اللہ نے پھر وهي لوگ فاسق

سورة المائدہ آیت ۴۹ و ۵۰ و ۵۱

و قفینا علی آثارهم بعیسی ابن مریم مصدقالما بین یدیه من التورٰة و اتینه الانجیل فیه هدی ونور مصدقالما بین یدیه من التوراة و هدی و موعظة للمتقین ' و لیحکم اهل الانجیل بماانزل الله فیه و من لم یحکم بماانزل الله فاولئک هم الفسقون ' وانزلنا الیک الکتاب بالحق مصدقالما بین یدیه من الکتاب و مهیمنا علیه فاحکم بینهم بماانزل الله ولاتتبع

Sixth argument.—God said in the Soorut ool Maidah, ayat 49-50-51. "We also caused Jesus, the son of Mary to follow the footsteps of the prophets, confirming the law which was sent down before him: and we gave him the gospel containing direction and light; confirming also the law which was given before it, and a direction and admonition unto those who fear God: that they who have received the gospel might judge according to what God hath revealed therein; and whoso judgeth not according to what God hath revealed they are transgressors.—We have also sent down unto thee the book of the Koran with truth confirming that Scripture which was revealed before it; and preserving the same safe from corruption. Judge therefore between them according to that which God hath revealed; and follow not their desires by swerving from the truth which hath come unto thee. Unto every of you have we given a law and an open path; and if God had pleased he had surely

made you one people, but he hath thought fit to give you different laws that he might try you in that which he hath given you respectively.—Therefore strive to excel each other in good works: unto God shall ye all return, and then will we declare unto you that concerning which ye have disagreed."

اهواءهم عما جاءك من الحق لكل جعلنا منكم شرعة و منهاجا ولو شاء الله لجعلكم امة واحدة ولكن ليبلوكم في ما اتاكم فاستبقوا الخيرات الى الله مرجعكم جميعا فينبئكم بما كنتم فيه تختلفون

هیں ' اور تجهه پر (یعني محمد الرسول الله صلی الله علیه وسلم پر) آتاري همنے کتاب سچ (یعني قران مجید) سچا کرتے هوئے اگلي کتابوں کو اور سب پر شامل ' سو تو حکم کر آن میں جو اُتارا الله نے " اور اُنکي خوشي پر مت چل چهوڑکر سچي راه جو تیرے پاس آئي ' هریک کو تم میں سے دیا همنے ایک قانون اور دستور ' اور اگر چاهتا الله تو تمکو ایک گروه کرتا ' لیکن تمکو آزمایا چاهتا هے اپنے دیئے حکم میں سو تم بڑهه کر نیکیاں لو ' الله کے پاس تم سب کو پهونچنا هے ' پهر جتادیگا جس بات میں تمکو اختلاف تها " اِس آیت سے بهي ثابت هوتا هے ' که جو انجیل اُس زمانه میں تهي اُسیکا ذکر قران مجید میں هے *

In this quotation also it is evident that the New Testament is spoken of.

Seventh argument.—God hath said in the Soorut ool Bukr, ayat 113.—"The Jews say, that the Christians are grounded on nothing and the Christians say, the Jews are grounded on nothing; yet they both read the Scriptures."

سورة البقرة آیت ۱۱۳
وقالت الیهود لیست النصاری علی شيء وقالت النصاری لیست الیهود علی شيء وهم یتلون الکتاب

ساتویں دلیل الله صاحب نے سورة البقر میں فرمایا هے که " یهودیوں نے کها که عیسائي نهیں کچهه راه پر ' اور عیسائیوں نے کها که یهودي نهیں کچهه راه پر ' اور وه سب (یعني یهودي اور عیسائي) پڑهتے تهے کتاب (یعني توریت و انجیل) اس آیت سے بهي ثابت هوتا هے ' که اُس زمانه کے

It is now demonstrated by the foregoing verses that the religious books which the Christians and the Jews of

that time used to read, are spoken of in our Koran.—

I have already shown in another place, that Divine revelations have been made not only to men reputed to be of prophetic character, and known as expositors of God's will, but to private individuals as well.—It is however in the case of Prophets alone that a revelation can be received without any suspicion of error in either of the fact of the revelation itself, or of its interpretation; while on the other hand, mistake is possible as regards an alleged revelation to a private individual in either of the fact of the revelation itself or of its interpretation. Besides, manifestations of the Divine purposes to establish a new sacrament were not vouchsafed to parties who were not known as the Prophets of God; in support of these last remarks, I have quoted the opinion of Martin Luther.—

یہودي اور عیسائي ٬ جن کتابوں کو پڑھتے تھے اُنھي کا ذکر قران مجید میں ہے *

هم پہلے بیان کرچکے هیں ٬ کہ وحي نبي اور غیر نبي دونوں پر آتي ہے ٬ مگر جو وحي نبي پر آتي ہے اُسمیں کبھي غلطي نہیں هوتي ٬ نه اصل وحي میں اور نه تعبیر معني میں ٬ اور جو وحي غیر نبي کو هوتي ہے اُسمیں غلطي هونا ممکن ہے خواہ باعتبار وحي سمجھنے اُس واقعه کے جو هوا خواہ باعتبار سمجھنے معني اور مراد وحي کے ٬ اور علاوہ اسکے غیر نبي کو ایسي وحي نہیں هوتي ٬ جس سے کوئي نیا حکم شریعت کا پیدا هو اور اسي پچھلي بات کے مطابق مارٹن لوتھر صاحب کا قول همنے نقل کیا ہے *

Thus it is that although we Mohomedans acknowledge the apostles of Christ to have been inspired men, and their writings, so true, holy and worthy of respect that they may be used as religious guides, we can not still be disposed to include or embody them in the Injeel, for, according to our religion the Injeel is held to be that sole revelation of God which was made to Jesus Christ himself; we hold that all the apostles and the people of that time were the followers of the revelation made to Jesus Christ; and we further hold that no men of that time had power to prescribe any new doctrines independent of those of Christ

اسلیئے هم مسلمان با وجودیکه حواریین حضرت عیسی علیه السلام کو نہایت مقدس اور پاک ٬ اور صاحب وحي اور الہام سمجھتے هیں ٬ اور اُنکے کلام کو سچ اور واجب العمل جانتے هیں ٬ مگر انجیل میں داخل نہیں کرتے ٬ کیونکه حقیقت انجیل کي همارے مذهب میں وہ وحي ہے ٬ جو خدا کي طرف سے لوگوں کي هدایت کو خاص حضرت عیسی مسیح علیه السلام پر اُتري ٬ اور خود حواري اور تمام لوگ اُس زمانه کے اُسیکے تابع اور اُسیکے بجالانے والے تھے ٬ کسیکا یہه منصب نہیں تھا ٬ که اُس کلام کے سوا ٬ جو حضرت عیسی پر اُترا ٬ اپنے الہام یا

by means of any inspiration they received, and that the apostles were themselves the distributors of the revelation of Christ.

For this reason, we don't consider that the acts of the apostles, or the various epistles-although unquestionably very good books-are to be taken as part and parcel of the New Testament itself; nevertheless we look upon the writings of the apostles in the same light as we do the writings of the friends and associates of our own Prophet, that is to say, as entitled to our respect and veneration.—

The practical result of the preceding observations may be briefly summed up in this way; for example, if any statement of apostolic authority was found to be at variance with any precept emanating from Jesus himself, and if by no argument could we reconcile one with the other, we should in that case hold the word of the Messiah to be paramount to that of his apostle.—In like manner, if there was an apparent contradiction between two statements advanced by two different apostles, we should accept the statement of that one who was known to have been most in the company of Jesus, and have thus had better opportunities of profiting by his teaching, and of learning his views. It must not be supposed however, that by reason of any diversity of opinion among the apostolic authors, we should feel our respect weakened for their holy and exalted character, or for their being inspired men. If difference be found in any opinion of the two apostles with regard to any doctrines which they should have established by their own solicitude for the good of man, it can never detract their apostolic reputations or weaken their credit.

وحي سے کوئي نیا حکم پیدا کرتے ' اور حوارییں حضرت عیسی کے ابھي آسي حکم اور آسي کلام کے پھلانے والے تھے نہ اور کسیکے ' اس سبب سے همارا یہہ اعتقاد ہے ' کہ نامہهاے حوارییں ' اور اعمال حوارییں اور مشاهدات حوارییں ' اگرچہ پاک اور مقدس هیں مگر انجیل میں داخل نہیں ' بلکہ آنکي تعظیم اور تسلیم همارے مذهب بموجب ایسي ہے ' جیسے کہ هم اپنے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے کلام کو سچ اور واجب التعظیم اور واجب التسلیم سمجھتے هیں *

نتیجہ اس اختلاف کا صرف اسقدر ہے ' کہ بالفرض اگر کسي حواري کا کلام حضرت عیسی مسیح علیہ السلام کے کلام کے برخلاف هو ' اور کوئي تاویل ایسي نہ نکلے ' جس سے حضرت مسیح اور آس حواري کے کلام کا ایک مطلب هو جاوے ' تو هم حضرت مسیح علیہ السلام کے کلام کو واجب العمل سمجھینگے نہ حواري کے کلام کو ' اور اگر دو حواریوں کے کلام میں باهم اختلاف پاوینگے تو جس حواري نے زیادہ تر تعلیم اور صحبت حضرت عیسی مسیح علیہ السلام کي پائي ہے ' آسکے قول کو اختیار کرینگے اور با وجود اس اختلاف کے کسي حواري کي بزرگي اور تقدس میں کچھہ شبہہ نہیں کرینگے ' اور نہ آنکے صاحب وحي اور الهام هونے میں کچھہ شبہہ کرینگے ' کیونکہ اجتہادیات میں اختلاف هونا کسي بزرگ کي بزرگي میں کچھہ خلل نہیں ڈالتا *

FOURTH DISCOURSE.

توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور انجیل پر مسلمانونکا کیا اعتقاد ہے

What faith have Mohomedans in the Toureit (Pentateuch), Zuboor (Psalms), Suheof Umbiya (the books of prophets), and the Gospels?

It must be borne in mind, that the books of the prophets of former times are alluded to in our own sacred writings under four general titles, viz.—

1. Touriet, which means the Pentateuch, or books of Moses.—

پہلے یہہ بات جان لینی چاهیئے ' که اگلے نبیوں کي کتابوں کے چار طرح سے نام هماري مذهبي کتابوں میں آتے هیں *

اول توریت ' یہہ نام اگرچہ خاص حضرت موسی کي کتاب کا ہے ' مگر هم مسلمانوں کے استعمال میں کبهي اس نام سے خاص حضرت موسی کي کتاب مراد هوتي ہے ' اور کبهي کل کتابیں عهد عتیق کي *

2. Suheefa, which denotes the book of a certain prophet; so, if the name of a prophet be joined with this term, it would then signify the book of that particular prophet.—

دوسرے صحیفه ' اس سے عموما بني اسرائیل کے پیغمبروں کي کتابیں مراد هوتي هیں ' مگر اس صورت میں جب خاص کسي پیغمبر کا صحیفه کہا جاوے ' تو اس وقت اسي پیغمبر کي کتاب مراد هوتي ہے *

3. Zuboor, by which is understood the productions of David.—

تیسرے زبور ' یہہ نام خاص حضرت داود علیه السلام کي کتاب کا ہے ' *

4. Injeel, a name given specially to those books which relate to the doctrines of Jesus Christ.

چوتہے انجیل ' یہہ نام خاص حضرت عیسی علیه السلام کي کتاب کا ہے *

Now, we Mohomedans believe from our heart, that the Toureit, Zuboor, the writings of all the prophets, and the Injeel, are all true and sacred records, proceeding primarily from God; and we believe further, that the Koran is the last message which came down from heaven, and that, without doubt, it was

اب سمجہنا چاهیئے ' که هم مسلمان دل سے اسبات پر یقین کرتے هیں ' که توریت اور زبور اور جمیع انبیاء کے صحیفه اور انجیل سب سچ اور برحق هیں ' اور خدا کي طرف سے آتري هیں ' اور سب سے اخیر جو کلام الهي نازل هوا وہ قرآن مجید ہے ' اور بے شک محمد رسول الله صلي الله علیه

delivered to our prophet, Mohomed.

It is in fact the Koran that teaches us to believe faithfully, that the Scriptures above named have originated from God; and in proof of this, the following quotations are made from it.—

وسلم پر آترا ہے *
قرآن مجید ہي سے ہمکو اسبات کي دلي تصديق ہے کہ توریت اور زبور اور صحف انبياء اور انجيل برحق اور خدا کي طرف سے آتري ہوئي ہيں ، چنانچہ قرآن مجيد کي ان آيتوں سے جو آگے آتي ہيں يہہ مطلب ثابت ہے *

Soorutool-nissa-ayat 163-God said unto his Prophet that "verily we have revealed our will unto thee, as we have revealed it unto Abraham, and Ismael, Isaac, and Jacob, and the tribes, and unto Jesus, and Job, and Jonas, and Aaron, and Soloman, and we have given thee Koran as we gave the Psalms unto David."

سورۃ النساء آيت ۱۶۳
انا اوحينا اليک کما اوحينا الى نوح والنبيين من بعده واوحينا الى ابراهيم واسمعيل واسحق ويعقوب والاسباط وعيسى وايوب ويونس وهارون وسليمن وآتينا داود زبورا

سورۃ النساء ميں الله تعالى نے اپنے پيغمبر سے فرمايا ، کہ تحقيق ہمنے وحي بھيجي تجھکو جس طرح وحي بھيجي ہمنے نوح کو ، اور اور نبيوں کو جو آسکے بعد ہوئے ، اور وحي بھيجي ہمنے ابراھيم کو ، اور اسمعيل کو ، اور اسحاق کو ، اور يعقوب کو اور آسکي اولاد کو ، اور عيسي کو ، اور ايوب کو اور يونس اور ہارون کو ، اور سليمان اور دي ہمنے داود کو زبور *

Soorut-ool-Amran-Ayat 3-God said unto his Prophet that "we have sent unto thee the book of the Koran with truth, confirming that which was revealed before it: for we had formerly sent down the Toureit and the Gospel, a direction unto men; and we had also sent down the distinction between good and evil."

سورۃ آل عمران آيت ۳
نزل عليک الکتاب بالحق مصدقا لما بين يديه وانزل التورية والانجيل من قبل هدى للناس وانزل الفرقان

سورۃ آل عمران ميں الله تعالى نے اپنے پيغمبر سے فرمايا ، کہ آتاري تجھہ پر کتاب برحق سچا کرنے والي اگلي کتابوں کو ، جو تيرے سامنے ہيں ، اور آتاري ہے توريت اور انجيل اس سے پہلے لوگوں کي ہدايت کو ، اور آتارا فرقان (يعني قرآن) حق اور باطل ميں فرق کرنے والا *

Soorut-ool-Amran-Ayat 65-God has said, "O ye to whom the Scriptures have been given, why do you dispute concerning Abraham, since the Toureit and the Gospel were not sent down until after him. Do ye not therefore understand.

اور اسي سورة ميں الله صاحب نے فرمايا ' كه اے كتاب والو كيوں جهگڑتے هو ابراهيم پر ' اور كيا نهيں آتري توريت اور انجيل آسكے بعد كيا تمكو سمجهه نهيں *

سورة آل عمران آيت ٦٥
يا اهل الكتاب لم تحاجون في ابراهيم وما انزلت التوراة والانجيل الامن بعده افلا تعقلون

Soorut-ool-Amran-Ayat 8-God spake thus to his Prophet, "say we believe in God, and that which hath been sent down unto us, and that which was sent down unto Abraham, and Ismael, and Isaac, and Jacob, and the tribes, and that which was delivered to Moses, and Jesus and the prophets from their Lord; we make no distinction between any of them, and to him are we resigned."

اور اسي سورة ميں الله صاحب نے فرمايا ' اپنے پيغمبر كو كه تو كهه هم ايمان لائے الله پر اور جو كچهه آترا هم پر ' يعني قران مجيداور جو كچهه آترا ابراهيم و اسمعيل و اسحق و يعقوب اور آسكي اولاد پر ' اور جو ملا موسى كو (يعني توريت) اور عيسى كو (يعني انجيل) اور نبيوں كو (يعني صحيفي) اپنے رب كيطرف سے ' هم فرق نهيں كرتے آن ميں كسيكو ' اور هم آسكے حكم پر هيں *

سورة آل عمران آيت ٨٤
قل امنا بالله وما انزل علينا و ما انزل على ابراهيم واسمعيل و اسحق و يعقوب والاسباط وما اوتي موسى و عيسى والنبيون من ربهم لانفرق بين احد منهم و نحن له مسلمون

Soorut-ool-Amran-184-God said to his Prophet "if the people accuse thee of imposture, the apostles before thee have also been accounted impostors, who brought evident demonstrations, and the book which enlightens the understanding namely the Pentateuch, and the Gospel."

اور اسي سورة ميں الله صاحب اپنے پيغمبر كو فرماتا هے كه پهر اگر تجهكو جهٹلاويں ' تو تحقيق جهٹلائے گئے هيں بهت سے رسول تجهه سے پهلے ' جو لائے معجزے اور صحيفي اور روشن كتاب (يعني توريت يا انجيل) *

سورة آل عمران آيت ١٨٤
فان كذبوك فقد كذب رسل من قبلك جاوا بالبينات والزبر والكتاب المنير

Soorut-ool-bakur-ayat-87-God said to his Prophet "we formerly delivered the book of the law unto Moses, and caused apostles to succeed him, and gave evident miracles to Jesus, the son of Mary, and strengthened him with the holy Spirit."

سورۃالبقر میں الله صاحب فرماتا ہے '

سورۃالبقر آیت ۸۷
ولقد اتینا موسی الکتاب وقفینا من بعدہ بالرسل واتینا عیسی ابن مریم البینات وایدناہ بروح القدس

کہ ہمنے دی موسی کو کتاب (یعني توریت) اور پے درپے بھیجے ہمنے آسکے پیچھے رسول ' اور دیئے ہمنے عیسی مریم کے بیٹے کو معجزے اور قوت دي ہمنے آسکو روح قدس سے *

Soorut-ool-missa-ayat 136-God said "O true believers, believe in God, and his apostle, and the book which he hath caused to descend unto his apostle, and the book which he hath formerly sent down. And whosoever believeth not in God, and his angels and his scriptures and his apostles, and the last day, he surely erreth in a wide mistake."

سورۃالنساء میں الله صاحب نے حکم

سورۃالنساء آیت ۱۳۶
یاایہاالذین امنوامنوا بالله ورسولہ والکتاب الذي نزل علی رسولہ والکتاب الذي انزل من قبل و من یکفر بالله ملائکتہ و کتبہ ورسلہ والیوم الاخر فقد ضل ضلالا بعیدا

دیا ' کہ اے ایمان والو یقین لاو الله پر' اور آسکے رسول پر ' اور آس کتاب پر ' جو اُتاري ہے اپنے نبي پر (یعني قران مجید پر) اور آس کتاب پر جو نازل کي تھي اس سے پہلے (یعني توریت و انجیل) اور جو کوئي یقین نرکہے الله پر ' اور آسکے فرشتوں پر ' اور آسکي کتابوں پر ' اور آسکے رسولوں پر ' اور قیامت پر ' تو وہ بہت دور رستہ بھٹک گیا *

Soorut-ool-eman-ayat 154 to 157-God has said "we gave also unto Moses the book of the Law, a perfect rule unto him who should do right, and a determination concerning all things needful, and a direction and mercy that the children of Israel might believe the meeting of their Lord. And this book which we have now sent down, is blessed, therefore follow it, and fear God that ye may

سورۃالانعام میں الله صاحب نے فرمایا

سورۃالانعام آیت ۱۵۴ لغایت ۱۵۷
ثم آتینا موسی الکتاب تماما علی الذي احسن و تفصیلا لکل شي و ھدی و رحمتہ

کہ پھر دي ہمنے موسی کو کتاب (یعني توریت) پورا فضل نیکي والے پر ' اور بیان ہر چیز کا اور ہدایت اور رحمت ' شاید وہ

لعلهم بلقاء ربهم يومنون وهذا كتاب انزلناه مبارك فاتبعوه واتقوا لعلكم ترحمون ان تقولوا انما انزل الكتاب علي طايفتين من قبلنا وان كنا عن دراستهم لغافلين

لوگ اپنے رب کا ملنا یقین کریں ' اور یہہ قران ایک کتاب هے ' که هم نے آتاري برکت کي ؛ پس آسپر چلو اور پرهیز گاري کرو ' شاید تم پر رحم هو ' تا نه کهو که صرف آتاري گئي کتاب دو گروه پر (یعني توریت یهود پر ' اور انجیل عیسائیوں پر) هم سے پهلے ' اور هم کو آنکے پڑهنے پڑهانے کي خبر نه تهي *

obtain mercy; lest you should say, the Scriptures were only sent down unto two people before us, and we neglected to peruse them with attention."

سورۃ بني اسرائل آیت ۲ واتینا موسی الکتاب وجعلناه هدی لبني اسرائل الا تتخذوا من دوني وکیلا

سورۃ بني اسرائل میں الله صاحب نے فرمایا ' اور دي همنے موسی کو کتاب ' اور اسکو همنے کیا هدایت واسطے بني اسرائل کے تانه پکڑیں میرے سوا کسیکو کام بنانے والا *

Soorut-bani-Israel-ayat 2-God has said "we have given unto Moses the book of the Law and appointed the same to be a direction unto the children of Israel, commanding them saying, Beware that ye take not any other patron besides me."

سورۃ مریم آیت ۳۰ قال اني عبد الله اتاني الکتاب وجعلني نبیا

سورۃ مریم میں الله تعالی نے فرمایا ' که عیسی نے یوں کها ' که میں بنده الله کا هوں ' اوسنے مجهکو دي هے کتاب (یعني انجیل) اور کیا هے مجهکو نبي *

Soorut-mirium-ayat 30-God has said "that Jesus said, Verily I am the servant of God; he has given me the book of the Gospel, and hath appointed me a prophet."

سورۃ الانبیاء آیت ۴۸ و لقد اتینا موسی و هارون الفرقان وضیاء و ذکرا للمتقین

سورۃ الانبیاء میں الله صاحب فرماتا هے ' که تحقیق دي همنے موسی اور هارون کو کتاب فیصله کرنے والي (یعني توریت) اور روشني ' اور نصیحت پرهیزگاروں کو *

Soorut-ool-umbiya-ayat 48-God has said "we formerly gave unto Moses and Aaron the Law, being a distinction between good and evil, and a light and admonition unto the pious."

Soorut-ool-firkan-ayat 35-God said "we heretofore delivered unto Moses the book of the Law, and we appointed him Aaron his brother for a counsellor."

سورة الفرقان میں الله صاحب نے فرمایا ٬

سورة الفرقان آیت ۳۵ ولقد آتینا موسی الکتاب وجعلنا معه اخاه هارون وزیرا

تحقیق دی همنے موسی کو کتاب (یعني توریت) اور کیا همنے آوسکے ساته آوسکے بهائي هارون کو آوسکا وزیر *

Soorut-ool-kissus-ayat 43-God said "we gave the book of the Law unto Moses after we had destroyed the former generations, to enlighten the minds of men, and for a direction and mercy, that preadventure they might consider."

سورة القصص میں الله صاحب نے فرمایا ٬

سورة القصص آیت ۴۳ ولقد آتینا موسی الکتاب من بعد ما اهلکنا القرون الاولی بصایر للناس وهدی و رحمة لعلهم یتذکرون

که تحقیق دي همنے موسی کو کتاب (یعني توریت) بعد آوسکے که هلاک کیں همنے اگلي سنگتیں ٬ بینائي واسطے لوگونکے اور هدایت اور رحمت شاید وه یاد رکهیں *

Soorut-ool-sijda-ayat 23-God said "we heretofore delivered the book of the Law unto Moses, wherefore be not in doubt as to the revelation thereof; and we ordained the same to be a direction unto the children of Israel."

سورة السجده میں الله صاحب نے فرمایا

سورة السجده آیت ۲۳ و لقد اتینا موسی الکتاب فلا تکن في مریة من لقایه وجعلناه هدی لبني اسرائیل

که تحقیق دي همنے موسی کو کتاب (یعني توریت) پهر مت ره دهوکه میں آسکے ملنے سے ٬ اور کیا همنے آسکو هدایت واسطے بني اسرائیل کے *

Soorut-ool-Safat-ayat 117-God said "I have given a book to Moses and Aaron (i. e. Toureit)."

سورة الصافات میں الله صاحب نے

سورة الصافات آیت ۱۱۷ و اتینا هما الکتاب المستبین

فرمایا ٬ که دي همنے آن دونوں کو (یعني موسی اور هارون) کو کتاب واضح (یعني توریت) *

, Soorut-ool-ayqaf-ayat 12-God said "the book of Moses has been revealed before the Koran, to be a guide and a mercy; and this is a book confirming the same, delivered in the Arabic tongue, to denounce threats unto those who act unjustly, and to bear good tidings unto the righteous doers."

سورة الاحقاف آیت ۱۲

ومن قبله کتاب موسی اماما و رحمة و هذا کتاب مصدق لسانا عربیا لینذر الذین ظلموا و بشری للمحسنین

سورة الاحقاف میں الله صاحب فرماتا هے ' که قران سے پہلے هے کتاب موسی کي ' پیشوا اور رحمة ' اور یہه قران ایک کتاب هے توریت کو سچا کرتي هوئي عربي زبان میں ' تاکه ڈراوے ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا ' اور خوش خبري دے نیکي والوں کو *

Soorut-ool-nujm ayat 36-37, God said " what hath not he been informed of that which is contained in the books of Moses and of Abraham, who faithfully performed his engagements.?

سورة النجم آیت ۳۶ و ۳۷

ام لم ینبأ بما في صحف موسی وابراهیم الذي وفا

سورة النجم میں الله صاحب نے فرمایا ' کیا اسکو خبر نہیں پہونچي جو هے موسی کے رسالوں میں ' اور ابراهیم کے (یعني رسالوں میں) جس نے الله کا حق پورا کیا *

Thus it is shown incontrovertibly by all these quotations, that we Mohomedans believe from our heart, that the Toureit (Pentateuch), Zuboor (Psalms), Suhoof Umbiya (the writings of the prophets), and the Injeel (the Gospels), are all true, and have all proceeded from God; but it is also to be observed that as the Jews and the Christians having themselves written some books, have attributed their source to God, we are therefore obliged to undergo the necessity of distinguishing the authentic Divine books from those that are fictitious or spurious; and accordingly, on a deep examination of them, whatever books prove to be genuine, we sincerely believe in the same as books proceeding from God.

پس ان تمام آیتوں سے بخوبي ثابت هے ' که هم مسلمان دل سے یقین رکھتے هیں ' که توریت اور زبور اور سب اگلے پیغمبروں کي کتابیں اور انجیل سب سچي اور خدا کي طرف سے هیں ' مگر یہه بهي جاننا چاهیئے ' که یہودیوں اور عیسائیوں نے بعضي کتابیں اپنے هاتهه سے لکھیں ' اور مشہور کیا که یہه بهي خدا کي دي هوئي کتابیں هیں ' اسواسطے همکو اصلي اور سچي کتابوں کو جهوٹي کتابوں سے تمیز کرنا پڑتا هے ' اور جو کتابیں اصلي اور سچي معلوم هوتي هیں ' هم انپر یهي اعتقاد رکھتے هیں که وه سب برحق اور خدا کي دي هوئي کتابیں هیں *

FIFTH DISCOURSE.

یہہ کتنی کتابیں تہیں اور سب بیبل میں شامل ہیں

What was the number of the books descended from God to prophets, and are they all included in the Bible. ?

We Mohomedans maintain that according to our religion no limit should be assigned to the number of these books. It is our firm belief that whatever books descended to the Prophets are authentic and genuine gifts from heaven. However such books that have been known to us, are detailed below.—

ہم مسلمانوں کے مذہب میں جسقدر کتابیں انبیاء علیہم السلام پر آتریں ' اونکی تعداد کا حصر مذکور نہیں ہے ' اسی سبب سے بغیر معین کرنے کسی تعداد کے ہم ایمان رکھتے ہیں ' کہ جسقدر کتابیں انبیاء علیہم السلام پر آتریں سب سچ اور برحق ہیں ' مگر جہاں تک ہمکو علم ہوا ہے وہاں تک اُن کتابونکو جانتے ہیں ' اور اونکے نام اور اُنکی تعداد بیان کرتے ہیں *

The Christian literati divide these books into two portions: Firstly. Those books which descended to Prophets who flourished before the advent of Jesus, and they are styled Old Testament.—Secondly. The books written by the Apostles of Jesus Christ containing the accounts of the revelations given by the Almighty Father to Jesus Christ, and these are called New Testament by the Christians, and Injeel (Gospel) by the Mohomedans.

علماے مسیحی نے اِن کتابونکو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے ' ایک وہ جو حضرت مسیح علیہ السلام سے پہلے انبیاء کی ہیں ' اُنکا نام اولد تسمنت یعنی عہد عتیق رکھا ہے '۔ دوسرے وہ کتابیں جو حضرت مسیح علیہ السلام کے حواریون نے لکھیں ' اور جنمیں وہ کلام الہی شامل ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام پر نازل ہوا ' اُن کتابوں کا نام نیو تسمنت یعنی عہد جدید رکھا ہے ' جسکو ہم مسلمان انجیل کہتے ہیں *

At this stage the Mohomedans and Christians differ in the following matter. The Christians include in the Gospel the epistles, and extraneous accounts recorded by Christ's apostles, but Mohomedans exclude them from the Gospel. We Mohomedans maintain that the Gospel is composed of those books, the contents of which were purely revealed to Christ by the almighty Fathre.—

علاوہ اُسکے علماء مسیحی نے اُن کتابوں کو اور ناموں کو جنکو خود حواریون نے لکھا عہد جدید میں داخل کیا ہے ' مگر ہم مسلمان انکو انجیل میں شامل نہیں کرتے بلکہ انجیل میں وہی کتابیں شمار کرتے ہیں ' جنمیں وہ کلام الہی جو حضرت مسیح علیہ السلام پر اُترا شامل ہے *

Of Old Testament.

بيان عهد عتيق كا

The books of the Old Testament to be found in the present Bible, are not in their full number.

We Mohomedans affirm that the Old Testament should be divided into three portions, to which the Christian literati would offer no objections:—

يهه كتابيں عهد عتيق كے جو اب بيبل ميں داخل هيں سب نهيں هيں اسواسطے هم مسلمان (جس ميں علماء عيسائي بهي كچهه عذر نهيں كرسكتے) عهد عتيق كي كتابوں كو تين قسم ميں تقسيم كرتے هيں *

Firstly. Those books which are contained in the Bible.—

اول وه جو بيبل ميں داخل هيں *

Secondly. Those books whose existence once should not be doubted, but that they are not forthcoming now.—

دويم وه جو بلا شبهه ايك زمانه ميں موجود اور صحيح اور معتمد تهيں مگر اب ناپيد هيں *

Thirdly. The apocryphal writings, some of which also are not forthcoming.

سويم وه جنكو علماء عيسائي نے غير صحيح سمجهه كر بيبل سے خارج كرديا هے ' اور انميں كي بعضي اب بهي دستياب هوتي هيں ' اور بعضي دستياب نهيں هوتيں *

First Division.

بيان قسم اول كي كتابوں كا

The books contained in the present Bible.

1.	Genesis.	كتاب پيدايش يا سفر تكوين	۱
2.	Exodus.	كتاب خروج	۲
3.	Leviticus.	كتاب احبار يا سفر لويان	۳
4.	Numbers.	كتاب اعداد	۴
5.	Deuteronomy.	كتاب استثنا يا سفر توريةِ مثنى	۵
6.	Joshua.	كتاب يوشع	۶
7.	Judges.	كتاب قضات	۷
8.	Ruth.	كتاب روث	۸
9.	1. Samuel.	كتاب اول شموئيل	۹
10.	2. Samuel.	كتاب دويم شموئيل	۱۰
11.	1. Kings.	كتاب اول سلاطين يا ملوك	۱۱
12.	2. Kings.	كتاب دويم سلاطين يا ملوك	۱۲
13.	1. Chronicle.	كتاب اول تواريخ ايام	۱۳
14.	2. Chronicle.	كتاب دويم تواريخ ايام	۱۴

15.	Ezra.	كتاب عزرا	۱۵
16.	Nehemiah.	كتاب نحمياه	۱۶
17.	Esther.	كتاب إستير	۱۷
18.	Job.	كتاب آيوب	۱۸
19.	Psalms.	كتاب زبور يا مزا مير داود	۱۹
20.	Proverbs.	كتاب امثال سليمان	۲۰
21.	Ecclesiastes.	كتاب واعظه سليمان	۲۱
22.	Song of Solomon.	كتاب غزل الغزلات يعني سرود سليمان	۲۲
23.	Isaiah.	كتاب إشعياه	۲۳
24.	Jeremiah.	كتاب يرمياه	۲۴
25.	Lamentations.	كتاب نوحه يرمياه	۲۵
26.	Ezekiel.	كتاب حزقيل	۲۶
27.	Daniel.	كتاب دانيال	۲۷
28.	Hosea.	كتاب هُوشَع	۲۸
29.	Joel.	كتاب يُوئيل	۲۹
30.	Amos.	كتاب عَامُوص	۳۰
31.	Obadiah.	كتاب عُوبَديَاه	۳۱
32.	Jonah.	كتاب يُونَاه	۳۲
33.	Micah.	كتاب ميكاه	۳۳
34.	Nahum.	كتاب نَاحوم	۳۴
35.	Habakkuk.	كتاب حَبَقُّوق	۳۵
36.	Zephaniah.	كتاب صفنياه	۳۶
37.	Haggai.	كتاب حَجّي	۳۷
38.	Zechariah.	كتاب زَكَرياه	۳۸
39.	Malachi.	كتاب مَلاكي	۳۹

Second Division.

The authentic books whose existence once should not be doubted, but that they are not forthcoming now. The contents of the present Bible prove the former existence of such authentic books beyond all doubt, as will appear from the following quotations from the Text.

بيان قسم دويم كي كتابونكا

يہہ وہ كتابيں هيں جو ايک زمانہ ميں موجود تهيں اوراب ناپيد هيں ، مگر آنكا ذكر آن كتب عهد عتيق ميں جو بيبل ميں داخل هيں موجود هے ، اور كوئي شخص انكے صحيح اور معتبر هونے سے اور إسبات سے كه وہ ايک زمانہ ميں موجود تهيں

انکارنهیں درسکتا ، چنانچه اون کتابونکا نام
معه نشان اون ورسونکے جنمیں آنکا ذکر هے
هم اس مقام پر لکهتے هیں *

خروج ۲۴ ـــ ۷	۱ کتاب عهدنامه موسی	1. The covenant of Moses.	Exo: 24-7
اعداد ۲۱ ـــ ۱۴	۲ کتاب جنگ‌نامه موسی	2. The book of the wars of Moses.	Num: 21-14
یوشع ۱۰ ـــ ۱۳ دوم شموئیل ۱ ـــ ۱۸	۳ کتاب الیشیر	3. The book of Jasher.	Josh: 10-13 2. Sam: 1-18
دوم تواریخ ۲۰ ـــ ۳۴	۴ کتاب یاهو پیغمبر بن حنانی	4. The book of Jehu, the son of Hanani.	2. Chro: 20-34
دوم تواریخ ۱۲ ـــ ۱۵	۵ کتاب شمعیاه نبی	5. The book of Shemiah, the prophet.	2. Chro: 12-15
دوم تواریخ ۹ ـــ ۲۹	۶ کتاب اخیاه نبی	6. The Prophecy of Ahijab, the Shilonite.	2. Chro: 9-29
	۷ کتاب ناتهن نبی	7. The book of Nathan, the prophet.	2. Chro: 9-29
	۸ کتاب مشاهدات عیدو غیب بین	8. The Visions of Iddo, the Seer.	2. Chro: 9-29
اول سلاطین ۱۱ ـــ ۴۱	۹ کتاب اعمال سلیمان	9. The book of the Acts of Solomon.	1. Kings 11-41
دوم تواریخ ۲۶ ـــ ۲۲	۱۰ کتاب اشعیاه بن عاموص جسمیں حال بادشاه یهود کا اول سے آخر تک تها	10. The book of Isaiah the prophet, the son of Amoz.	2. Chro: 26-22
دوم تواریخ ۳۲ ـــ ۳۲	۱۱ کتاب مشاهدات اشعیاه جسمیں حزقیاه بادشاه کا حال تها	11. The visions of Isaiah the prophet, the son of Amoz.	2. Chro: 32-32
اول تاریخ ۲۹ ـــ ۳۰	۱۲ سموئیل نبی کی تاریخ	12. The book of Samuel, the Seer,	1. Chro: 29-30
اول سلاطین ۴ ـــ ۳۲ و ۳۳	۱۳ ایکهزار پانچ زبور سلیمان کی	13. The Solomon's 1,005 Songs.	1. Kings-4-32-33
	۱۴ کتاب خواص نباتات و حیوانات سلیمان کی	14. The book of Vegetables and Animals by Solomon.	1. Kings—4-32-33
اول سلاطین ۴ ـــ ۳۲	۱۵ کتاب امثال سلیمان	15. The book of 3,000 Proverbs by Solomon.	1. Kings—4-32,

۱۶ مرثیه یرمیاه

16. * The Lamentations of Jeremiah for Joshua.

2. Chro: 35-35

یهه مرثیه علاوه نوحه یرمیاه کے هے جو بیبل میں داخل هے بشب پیٹرک صاحب کا قول هے که یهه مرثیه جو کها گیا بعد وفات یوشع کے اب گم هے ' اور یقینا وه نهیں هوسکتا جو نوحه یرمیاه مشهور هے ' اسلیئے که یهه نوحه غارت هوئے اورشلیم اور هلاک هوئے صدقیاه پر هے ' اور وه مرثیه موت یوشع پر *

* These Lamentations are independent of those which are admitted among the canonical books.

Bishop Patrick treats of them as follows.—"The Lamentations here mentioned written immediately after the death of Joshua, are now lost. They are certainly not those which we have under the name of the Lamentations of Jeremiah, for these plainly refer to the destruction of Jerusalem and Zedikiah, not to Joshua."—

تفسیر ڈانیلی مطبوعه سنه ۱۸۵۶ع جلد ۱ صفحه ۹۳۶

D'Oyly and Mant, Pub: 1856, Vol. 1. Page 936.

بعض علماء مسیحي کهتے هیں ' که یهه بات بے بنیاد هے که مقدس تحریرونمیں سے کوئي تحریر جاتي رهي هے ' بلکه مقدس تحریروں میں سے نه کوئي تحریر کهوئي گئي هے ' اور نه کهوئي جاسکتي هے مگر اپنے دعوے کے اثبات پر وه ایسي دلیلیں پیش کرتے هیں جو کسي طرح کافي نهیں هیں * آنکي دلیلونکا طرز کلام یهه هے که مقتضی حکمت الهي کا یهه نهیں هے که جو کتاب روح قدس کي تائید سے دي تهي ' پهر اسکو ایسا معدوم کردے که پهر هاته نه آسکے ' اور اگر وه انسان کي تربیت کے لائق نه تهیں تو انکو پهلے هي کیوں دیا تها ' معهذا ایماندار لوگ همیشه ان کتابونکو عزیز رکهتے تهے ' اور وه دور دور پهیل گئیي تهیں ' پهر کیونکر معدوم هو سکتي تهیں ' علاوه اسکے اگرچه ان کتابوں کو الهامي لکهنے والوں نے لکها هو ' مگر یهه ضرور نهیں که وه بهي الهامي هوں ' اسلیئے که الهامي لکهنے والوں کي هر تحریر کا الهامي هونا

Some of the Christian divines maintain that the assertion that some of the sacred writings are now not extant, is groundless, but that, on the coutrary, the sacred writings were neither ever lost, nor could be lost.—However the argument given on this point is not sufficient. The gest of it is "that it seems very unsuitable to the ordinary conduct of Divine Providence to suffer a book written under the influences of the Holy Spirit to be lost; that if those books were not serviceable to instruct and direct mankind in the methods of attaining the great ends of being, why were they at first given; that the zeal of the faithful at all times for their sacred books was such as would be a very effectual means to secure them from perishing; that they were dispersed into the most distant countries; that supposing, that the books in question were written by those who were truly prophets, yet they were not writ-

ten by inspiration; for it is not necessary that every writing of an inspired man must have been written by inspiration; that therefore those books were not admitted among the canonical books; that as, in former times, even small writings used to be denominated books, hence the inference is that every account contained in those books is to be had intermixed in the pages of the Bible; and that those accounts which had no connection with the spiritual instructions of mankind if excluded from the bale of the Bible, it matters very little."

ضرور نہیں ھے ' اس سبب سے وہ کتابیں مقدس کتابون میں داخل نہ تھیں سواے اسکے اگلے زمانہ میں ھر ایک چھوٹي سي تحریر پر بھي کتاب کا اطلاق کیا کرتے تھے ' پس اُن کتابوں کے بعض مطالب موجودہ انھي کتابوں میں داخل ھیں اور بعضے مطالب جو روحاني تربیت سے متعلق نہ تھے ' تو اُن کے نہونے سے بیبل میں کچھہ نقصان نہیں ھے *

Now it may be observed that by reflecting a little, the mind is convinced that the above arguments are not sufficient. Books written under the influences of the Holy Spirit, if lost, give no ground for sullying the ordinary conduct of the Divine Providence. If only one book could be considered sufficient for the instruction of all the mankind, then what occasion was there for sending down the New Testament after the Old Testament. It is true that the faithful always preserved the sacred writings as their dear treasure, but when a general calamity overtakes a nation, then man who is of frail nature, is so much overwhelmed that if he then loses any sacred writing in his posession, it is no worder as especially when we think of the successive disasters which befel the Jewish nation, and see that those sacred writings were not embodied in one volume, but consisted of fragments in the possession of different persons. That these books were not prophetic, is unsupported by any argument especially when we

مگر ظاھر رھے کہ ادنی تامل کرنے سے معلوم ھوتا ھے کہ یہہ دلیلیں کافي نہیں ھیں ' جو کتاب روح قدس کي تائید سے دي گئي ھو ' اُسکے معدوم ھو جانے سے حکمت الھي میں کچھہ نقصان نہیں آسکتا ' اگر ایک ھي کتاب انسان کے ھر حالت کي تربیت کو کافي ھوتي ' تو اولد تستمنت کے بعد ھمکو نیو تستمنت کي حاجت کاھے کو ھوتي ' ایماندار لوگ بلا شبہہ الھامي کتابوں کو عزیز رکھتے ھیں ' مگر عام مصیبت کي حالتوں میں ' جو انسان کو بمقتضی اُسکي ضعیف فطرت کے نہایت درماندہ کر دیتي ھیں (خصوصا وہ پے در پے کي مصیبتیں ' جو یہودیوں پر پڑیں) ' ایسي عزیز تحریروں کا جاتا رھنا کچھہ خلاف نیچر کے نہیں ھے ' علی الخصوص ایسي حالت میں ' کہ وہ ایک جگہہ جمع نہ تھیں ' بلکہ متفرق ٹکڑے لوگونکے پاس تھے اُن کتابوں کے الھامي نہونے پر کوئي دلیل نہیں ہے ' خصوصا جب کہ خود الھامي لکھنے والوں نے اُن سے استخراج کیا ' یا اُن

see that prophetic authors have taken quotations from them in their own writings. That the present Bible contains all the matters embodied in the books which are not now extant, is not a point of controversy. The point to be settled is that there were books other than those which are mentioned in the Bible, but which are not extant now. But here it is worthy of observation that several learned Christain divines have acknowledged that there were such books.—

اُسی طرف اشارہ کیا هو ' فرض کیا جاوے کہ اُن کے تمام مطالب کتب مقدسہ میں هوں ' اور کتب مقدسہ کو اُن کي حاجت نهيں هو ' مگر اِس مقام پر اِسکي بحث نهيں هے بلکہ صرف اتنا کلام هے ' کہ اور بهي معتمد اور صحیح کتابیں تهیں ' جو اب معدوم هيں ' اور يهہ بات ایسي طرح پر ثابت هے ' کہ اُس سے بڑے بڑے علماے مسیحي نے بهي اقرار کیا هے *

* Revd. Mr. Mumford in his book published in London in the year 1843, writes at the foot of the second question, that books cited in Matthew chap: II. v. 23., are not now extant, and in support of his statement, writes that they have been certainly lost, because in them Jesus was styled a Nazarene, while in the present books Jesus is not denominated in this way.—

ممفرد صاحب اپني کتاب سوالات السوالي میں جو سنہ ۱۸۴۳ ع میں لندن میں چهپي هے ' ذیل سوال دوہم کے لکهتے هیں " کہ یهہ کتابیں جن میں حضرت مسیح علیہ السلام کو ناصري کہا گیا تها (اور جسکا ذکر مقدس متي نے باب ۲ ورس ۲۳ میں لکها هے) نیست و نابود هوگئي هیں ' اسلیئے کہ جو کتابیں نبیوں کي اب موجود هیں ' کسي میں حضرت عیسی علیہ السلام کو ناصري نهیں لکها هے *

Chrysostom writes in his Homily that several Prophetic writings have been lost either through the negligence or infedelity of the Jews: some of them were helplessly lost, and some torn up or committed to the flames.—

کریزاستم صاحب اپني هوملي یعني تفسیر میں لکهتے هیں " کہ پیغمبروں کي بہت سي کتابیں ناپید هو گئیں ' اسلیئے کہ یہودیوں نے غفلت سے بلکہ بے دیني سے بعض کتابوں کو کهو دیا ' اور بعض کو پهاڑ ڈالا ' اور بعض کو جلا دیا *

تفسیر ڈانیلي مطبوعہ سنہ ۱۸۵۶ ع جلد ۲ صفحہ ۱۳۹

D'Oyly & Mant Pub. 1856 Vol. 2. P. 139.

Revd. D'Oyly and Richard Mant write as follows. "This enlightened monarch i. e. Solomon being desirous of employing the wisdom which he had received to the advantage of mankind, produced several works for their instruction. Of these, how-

تفسیر ڈانیلي میں هے ' کہ اس بادشاہ روشن ضمیر یعني سلیمان علیہ السلام نے ' اُس دانائي کو جو اُسنے پائي ' اِنسانوں کے فائدہ کے لیئے استعمال میں لانا چاہا ' اور بہت سي کتابیں اُنکي تعلیم کے لیئے لکهیں ' مگر حضرت عزرا نے اُن میں سے صرف تین کو مقدس کتابوں میں داخل

ever, three only were admitted into the canon of sacred writ by Ezra, the others being not designed for religious instruction, or so mutilated by time and accident as to have been judged imperfect''.—

The above mentioned commentators of the Bible write the following in their Comments on the 25th verse in chap: 14th of the 2. Kings.—"The only mention which we have of this prophet is in the present passage and in the account of his famous message Nineveh. What the prophecies were by which he encouraged Jeroboam to proclaim war against the king of Syria, we find nowhere recorded: but not only do we not possess all which the several Prophets wrote, but in many instances they did not commit their predictions to writing.

In short it is fully proved that there were Prophetic writings other than those contained in the present Bible, which have since been lost.

THIRD DIVISION.

The following are those books which are not admitted among the present Canonical books; but some of them are, to this day, received as books of religious authority by some Christian sects; some of them were allowed, for a long time, to rank among the Canonical books, but being afterwards doubted as to their genuineness they were excluded and rejected; and some of them are rejected universally by all the Christians.—

1 to 7. The seven books of Seth.

نیا ' اور باقي (یعني جنکو مقدس کتابوں میں داخل نہیں کیا) یا تو وہ مذھبي تربیت کے لیئے نہیں بنائي گئیں تھیں ' یا ایک زمانہ کے گذرجانے کے سبب خراب اور ناقص ھو گئیں تھیں *

تفسیر ڈائیلي میں ذیل شرح ورس ۲۵ باب ۱۴ کتاب دویم سلاطین کے لکھا ھے ' کہ یونس پیغمبر کا حال اس مقام پرھے اور اُس مشھور پیغام میں جو نینوي کو بہیجي تھي ھے ' اور اُن پیشین گوئیوں کو جنسے اُس نے بادشاہ یربعام کو سریا کے بادشاہ سے لڑنے پر دلیري دي ' کسي جگہہ لکھا ھوا نہیں پاتے ' اسکا سبب صرف یہي نہیں ھے ' کہ بہت سے پیغمبروں کي تحریریں ھمارے پاس نہیں ھیں ' بلکہ یہہ بھي ھے کہ ' پیغمبروں نے اپني بہت سي پیشین گوئیوں کو لکھا ھي نہیں ھے *

تفسیر ڈائیلي مطبوعہ سنہ ۱۸۵۶ع جلد ۱ صفحہ ۸۰۶

غرضکہ ھر طرح یہہ بات ثابت ھے ' کہ اُن مقدس کتابوں کے سوا اور بھي مقدس کتابیں تھیں ' جو مدت سے ناپید ھو گئي ھیں *

بیان قسم سوم کي کتابوں کا

یہہ وہ کتابیں ھیں جو مستعمل بیبل میں داخل نہیں ھیں ' مگر ان میں سے بعضي ایسي ھیں جنکو اب تک بعض فرقہ عیسائیوں کے مانتے ھیں ' اور بعضي ایسے ھیں جنکو ایک زمانہ میں صحیح ٹھہرا کر بیبل میں داخل کیا تھا ' اور پھر نامعتبر ٹھہرا کر خارج کردیا ' اور بعضي ایسے ھیں کہ اُن کو جمہور عیسائي جھوٹے اور جعلي کہتے ھیں *

۱ تا ۷ کتب سبعہ شیث

هارن صاحب کا انٹرودکشن آوپر علوم بیبل کي مطبوعه سنه ۱۸۲۵ع لندن جلد ۱ صفحه ۶۳۷	Horne's Introduction to the Critical Study of the Scriptures. Pub. 1825, Vol. 1. P. 637.	8. The book of Enoch the prophet.	۸ کتاب حنوک یعني ادریس
		9. The Revelation of Abraham.	۹ کتاب مشاهدات ابراهیم
		10. The Revelation of Moses.	۱۰ کتاب مشاهدات موسی
Mosheim thus writes upon this subject: "There were various causes requiring this to be done at an early period, and particularly this, that not long after the Saviour's ascension, various histories of his life and doctrines full of impositions and fables, were composed by persons of no bad intentions perhaps, but who were superstitious, simple, and addicted to pious frauds; and afterwards various spurious writings were palmed upon the world, inscribed with the names of the holy Apostles."—

To sum up the whole matter it is clear, that Mohomedans and Christians are agreed on this point, that among the Jews and Christians it had become a practice to issue spurious books or doctrines under the names of eminent persons. It is to this practice that the denunciations of our Koran refer.—

غرضکہ اسبات میں ہم اور عیسائی دونو
متفق ہیں ' کہ یہودی اور عیسائیوں میں
یہہ رواج ہوگیا تھا ' کہ اپنی طرف سے کوئی
کتاب یا عبارت لکھکر اگلے بزرگوں یا پیغمبروں
کے نام سے مشہور کردیتے تہے ' اور اسی
بات کا ذکر ہمارے قران مجید میں ہے *

EIGHTH DISCOURSE.

کیا یہہ کتابیں بالکل اُن اصل نسخونکے مطابق ھیں ' جنکو الہامي لکھنے والوں نے لکھا تھا

Are the books which compose the Bible identical with the original writings of the inspired Authors?

In respect to this important question, touching the genuineness of the sacred records which are in our hands, and their identity with the original productions of the authors whose names they bear, we find it stated in our religious books, that the Scriptures possessed by the Jews and the Christians were not all uniform and in harmony with each other. There is, for instance, a long tradition in the Bookbaree from Anus, the son of Malik, a part of which is as follows: Huzeefa thus said to Oosman, "O thou, the leader of the Mohomedans, take care of this people that they may not differ among themselves as regards the holy Koran as the Jews and the Christians differ with respect to their Scriptures." This tradition proves that there is a want of agreement as well as room for diversity of interpretation in the Scriptures; and this is a fact which Christian doctors have also agreed in accepting.

اِسباب میں کہ یہہ کتب مقدسہ جو اب ھمارے ھاتوں میں ھیں ' بالکل اُن اصل کتابوں کے مطابق ھیں ' جنکو الہامي لکھنے والونے لکھا تھا یانہیں ھیں ' ھماري مذھبي کتابوں سے صرف اِتني بات پائي جاتي ھے ' کہ یہہ کتابیں جو یہودیوں اور عیسائیوں کے پاس تھیں اُن میں باھم اِختلاف تھا ' بخاري میں انس ابن مالک سے ایک بڑي حدیث ھے ' اُسکا تکرہ یہہ ھے " کہ حضرت حذیفہ نے حضرت عثمان سے کہا ' کہ اے مسلمانوں کے سردار اِن لوگونکي (یعني مسلمانونکي) اُس سے پہلے خبرلے ' کہ یہہ لوگ اپني کتاب (یعني قران مجید) میں ایسے مختلف ھوجاویں جیسے یہودي اور عیسائي اپني اپني کتاب میں مختلف ھو گئے ھیں " پس اِس حدیث سے اِسقدر پایا جاتا ھے ' کہ اِن کتابوں میں بلا شبہہ اِختلاف عبارت موجود ھیں ' چنانچہ تمام علماء مسیحي بھي اسکا اقرار کرتے ھیں *

بخاري باب جمع القران فقال حذیفه لعثمان یاامیرالمومنین ادرک ھذہ الامته قبل ان تختلفوا في الکتاب إختلاف الیہود والنصاري الی اخرہ

It is to be observed that for a long time copies of the Scriptures were multiplied solely in a manuscript form; and it was therefore almost impossible that they should be kept entirely free from clerical errors, or that unwarranted omissions and insertions of words, should not have resulted in the process of transcription. It may be reasonably concluded that as the process was repeated, and the number of manuscript copies of the Scriptures increased, so the errors and variety of readings increased in proportion; and hence it may be safely affirmed that, in course of time, there was not a single book of Scripture which remained in the same condition in which it originally quitted the hands of its inspired author.

غور کرنا چاهئے که ابتداء تحریر کتب مقدسه سے زمانه دراز تک جسقدر کثرت سے کتب مقدسه کا رواج هوا ' وه بذریعه قلمي نسخوں کے هوا ' اس سبب سے اُن میں غلطي کا ' اور اختلاف عبارت کا نهونا ' اور کمي اوربیشي سے محفوظ رهنا ناممکن تها ' جسقدر کثرت سے وه پهیلیں ' اورجسقدر کثرت سے اُنکي قلمي نقلیں هوئیں ' اوسیقدر غلطیاں اور اختلافات اُن میں پیدا هوئے ' یہاں تک که کہاجا سکتا هے ' که کوئي کتاب اصلي نسخه کے مطابق نهیں رهي تهي

In his Introduction to the Critical Study of the Scriptures Mr. Horne thus quotes a passage from Dr. Bentley: "The real text of the sacred writers does not now (since the originals have been so long lost) lie in any single manuscript or edition, but is dispersed in them all. It is competently exact indeed, even in the worst manuscript now extant; nor is one article of faith or moral precepts either perverted or lost in them."

هارن صاحب کا انٹروڈکشن جلد ٢ صفحه ٣١٤

هارن صاحب اپني کتاب میں ڈاکٹر بنٹلي صاحب کا قول نقل کرتے هیں " که اب کوئي ایک نسخه قلمي یا چهاپه کا مقدس لکهنے والونکي اصلي کتاب کے مطابق نهیں هے ' مگر سب کتابوں میں پهیلے هوئے اور متفرق هوئے هوئے هیں ' اور یهه کتابیں بلاشبهه وهي کتابیں هیں ' یہاں تک که غلط سے غلط قلمي نسخه میں بهي جو اب موجود هے ' کوئي بات مذهب کي یا تهذیب اخلاق کي یا نصیحت کي بدلي نهیں گئي ' اور نه اُسمیں سے کم هوئي هے " غرضکه تجربه سے بهي جو هم دن رات هرقسم کي قلمي کتابوں میں دیکهتے هیں ' اورنیز علماء مسیحي کے اقوال سے بهي بخوبي روشن هے ' که کتب مقدسه نقل هوتے هوتے غلط اور آپسمیں مختلف هوگئیں تهیں *

Our own daily experience of manuscripts, indeed would teach us how likely it was that the Scriptures from being copied over and over again should at last present a great variety of readings; and that this is actually the case all Christian scholars admit.

هارن صاحب کا
انٹروڈکشن جلد ۲
صفحه ۴۳

هارنصاحب نسبت عبري کتابوں عهد
عتيق کي لکہتے هيں ' که وہ کتابيں اگرچه بغير
کسي تغيروتبديل کے همارے پاس پہونچي
هيں ' اور قديم نقل کرنے والوں نے کمال
احتياط کي هے ' توبهي انکو ان غلطيوں سے
آزاد رکہنا ناممکن تها جو غلطياں که عبري
الف بے کے متشابه حرفونکے بدلنے سے ' يا
اور اور باتوں سے ' جو قديم نسخونکے نقل
کرنے ميں هوتي هيں *

يهودي عالم سادہ لوحي سے يقين جانتے
تهے ' که عبري کتب مقدسه ميں بالکل غلطي
نهيں هے ' اور قلمي نسخوں ميں کوئي
ايسا اختلاف نهيں نکل سکتا جو اهم
کي نسبت هو ' مگر فادر مارن صاحب
نے ' نهايت دليري سے اسبات کو رد کيا '
اورعبري کے قلمي نسخونکي غلطياں ان
اختلافات سے نکاليں ' جو عبري اور سميريا
کي کتب خمسه موسى ميں ' اورعبري اور
سبتو اينجنٹ کي کتب عهد عتيق ميں
تهيں ' پهر لوئيس کيپل صاحب نے ' ان
کتابوں کي بهت سي غلطياں بتائيں '
اوريهه بهي بيان کيا که وہ کسطرح پر صحيح
هوسکتي هيں ' پهر بشب والٹن صاحب
نے لوئيس کيپل صاحب کي تائيد کي '
اور اسبات کا اقرار کيا ' که واسطے صحت
عبري عهدعتيق کے کوئي عمدہ قاعدہ بنانا
ضرورهے ' پهر سترهويں صدي ميں ' عموما
يهه بات قرار پائي ' که عبري عهد عتيق
کے نسخوں کے مقابله کرنے کي بهت
ضرورت هے *

Mr. Horne thus speaks of the Hebrew books of the Old Testament: "Although the Hebrew text of the Old Testament has descended to our times uncorrupted, yet, with all the care which the ancient copyists could bestow, it was impossible to preserve it free from mistakes, arising from the interchanging of the similar letters of the Hebrew Alphabet, and other circumstances incident to the transcription of the ancient manuscripts."

The Rabbins asserted, and through a credulity rarely to be paralleled, it was implicitly believed, that the Hebrew text was absolutely free from errors, and that in all the manuscripts of the Old Testament not a single various reading of importance could be produced. Father Morin was the first person who ventured to impugn this notion, and he grounded his opinion of the incorrectness of the Hebrew manuscripts on the differences between the Hebrew and the Samaritan texts, and on the differences between the Hebrew and the Septuagint. Morin was soon followed by Louis Cappel who pointed out a great number of errors in the printed Hebrew, and showed how they might be corrected. Bishop Walton declared in favor of the principles asserted by Cappel, and acknowledged the necessity of forming a critical apparatus for the purpose of obtaining a more correct text of the Hebrew Bible. Afterwards since the middle of the seventeenth century the importance and necessity of collating Hebrew manuscripts is generally acknowledged.

In order to explain clearly the subject of this Discourse I think it advisable to give some account of the ancient Codices, respecting which some passages from Mr. Horne are here extracted;—

اب مناسب معلوم هوتا هے ' که اسمقام پر کتب مقدسه کے چند پرانے نسخونکا ذکر کیا جاوے ' تا که مطالب اِس مقدمه کے بوضاحت معلوم هوں ' چنانچه هارنصاحب کے انترودکشن سے جو اوپر علوم بیبل کے هے ' کتب مقدسه کے چند پرانے نسخونکا ذکر کیا جاتا هے *

هارن صاحب کا انترودکشن جلد ۲ حصه ۱ بـاب ۲ فصل ۱

Hebrew manuscripts are divided into the two following classes:—

عهد عتیق کی کتابیں دراصل عبرانی زبان میں هیں اور وه دو ناموں سے پکاری جاتی هیں *

1st, Autographs or those written by the inspired penmen themselves, which have long since perished.

ایک آتُوگرافس (یعنی وه کتابیں جنکو خود الهامی لکهنے والوں نے لکها تها) اُن میں کے سب نسخے ناپید هوگئے ' کوئی بهی موجود نهیں هے *

2ndly, Apographs or copies made from the originals, and multiplied by repeated transcription. These apographs are also divided into the more ancient, which formerly enjoyed the highest authority among the Jews, but have in like manner perished long ago; and into the more modern, which are found in various public and private libraries. The manuscripts which are still extant, are subdivided into two classes as follow.—

دوسرے اَیپُوگرافس (یعنی وه نسخے جو اصلی نسخوں سے نقل هوئے تهے) اور جو مکرر اور سهکرر نقل هوتے هوتے بهت کثرت سے پهیل گئے تهے ' یهه پچهلے نسخے بهی دو قسم کے تهے ' ایک پرانے ' جو یهودیوں میں بهت معتبر اور سندی گنے جاتے تهے ' مگر یهه نسخے بهی مدت سے معدوم هوگئے هیں ' دوسرے نئے ' جو سرکاری کتب خانوں میں ' یا لوگونکے پاس موجود هیں ' اور یهه بهی دو قسم کے هیں *

1st, Rolled manuscripts, which are used in the Synagogues.—

اول رولڈ میڈیو سکرپٹس (یعنی وه قلمی نسخے) جو معابد میں کام میں آتے هیں *

2ndly, Square manuscripts, which are used by the private individuals among the Jews.—

دوسرم سکیوئر میڈیو سکرپٹس (یعنی وه قلمی نسخے) جو مربع تقطیع پر لکهے هیں ' ور عام لوگونکے کام میں آتے هیں *

In the period between the sixth and the tenth centuries, the Jews had two celebrated academies, one at Babylon in the east, and another at Tiberias in the

درمیان چهٹی اور دسویں صدی کے یهودیوں کے دو مدرسه تهی ' ایک بیبلن میں جو مشرق میں هے ' دوسرا تی بیریس

west; where their literature was cultivated, and the Scriptures were very frequently transcribed. Hence arose two recensions or editions of the Hebrew Scriptures; the recension of Scriptures followed by the former academy, was called the Oriental readings, and that followed by the latter the Occidental. The Scriptures of these two recensions were collated in the eighth or ninth century. The differences or various readings observed in them were noted, and variously computed at 210, 216 and 220. The differences observed by the academy of the east were designated the eastern readings, and those observed by that of the west the western readings.

میں جو مغرب میں ہے ' اِن دونو مدرسوں میں یہودیوں کے علم کا بڑا چرچا تھا ' اور کتب مقدسہ بہت کثرت سے نقل کي جاتي تہیں ' اِس سبب سے یہودیوں میں کتب مقدسہ کي دو قسمیں پیدا ہوئیں ' جو نسخے پہلے مدرسہ میں مروج تہے ' وہ اوریِ اِنٹل ریڈنگ (یعني مشرقي نسخے) کہلاتے تہے ' اور جو دوسرے مدرسہ میں تہے ' وہ آکسي ڈنٹل ریڈنگ (یعني مغربي نسخے) کہلاتے تہے ' آٹھویں یا نویں صدي میں ان دونوں نسخونکا مقابلہ ہوا ' اور جہاں جہاں اِختلاف نکلا آسپر نشان کیا گیا ' اور وہ اِختلافات مختلف طور سے شمار ہوئے ' اور آنکي تعداد ٢١٠ و ٢١٦ و ٢٢٠ تک تہي ' مشرقي نسخہ کے اِختلاف اِیسٹرن ریڈنگ ' اور مغربي نسخہ کے اِختلاف ویسٹرن ریڈنگ کہلاتے ہیں *

In the eleventh century Aaron ben Asher, president of the academy at Tiberias, and Jacob ben Naphtali, president of the academy at Babylon, collated the manuscripts of the Oriental and Occidental Jews. The discrepancies observed by these eminent Jewish scholars amount to upwards of 864; with one single exception they relate to the vowel points, and are consequently of little value. The western Jews and the printed editoins of the Hebrew Scriptures almost wholly follow the recension of Aaron ben Asher.—

ابتداے گیارھویں صدي میں عرن بن عشر پریسیڈنٹ مدرسہ ٹي بیریس ' اور یعقوب بن نفتالي پریسیڈنٹ مدرسہ بیبلن نے ' مشرقي اور مغربي یہودي قلمي نسخوں کا مقابلہ کیا ' اور جو ان نامي یہودي عالموں نے اِختلاف پائے ' وہ ٨٦٤ سے زیادہ ہوتے ہیں ' ایک بات کو چھوڑکر باقي اِعراب سے متعلق ہیں ' اور اِس سبب سے چنداں لائق لحاظ نہیں ہیں ' مغربي نسخے ' اور عبري عہد عتیق کے چھپے ہوئے نسخے ' جو اب موجود ہیں ' اور ہمارے ملک میں بھي پائے جاتے ہیں ' وہ بہت کر عرن بن عشر کے نسخے کے پیرو ہیں *

Among the Jews five examplars have been particularly celebrated for their singular correctness, and from them all their subsequent copies have been made.

یہودیوں میں پانچ نسخے بطور نمونہ کے تھے ' جنھوں نے بالتخصیص نہایت صحیح ہونے میں بہت شہرت پائی تھی ' اور اُنھی نسخوں سے تمام نسخے اُنکے بعد کے صحیح ہوتے تھے *

1. The Codex of Hillel was a celebrated manuscript which some Rabbins had seen in the twelfth century; but the learned are by no means agreed that who this Hillel was. Some have supposed that he was the very eminent Rabbi Hillel who lived about six years before the birth of Christ; others imagine that he was the grandson of the illustrious Rabbi Jehuda Hakkadosh, who wrote the Misna, and that he flourished about the middle of the fourth century. Others, again, suppose that he was a Spanish Jew, named Hillel; but Bauer with greater probability supposes the manuscript to have been of more recent date, and written in Spain, because it contains the vowel points, and all the other grammatical minutiæ: and that the feigned name of Hillel was inscribed on its title in order to enhance its price.

اول کوڈکس ہلل ' یہہ ایک مشہور قلمی نسخہ تھا ' اُسکو بعض یہودی عالموں نے بارھویں صدی میں دیکھا تھا ' مگر اِسبات میں نہایت اختلاف ہے ' کہ یہہ ہلل کون تھا ' بعضوں نے خیال کیا ہے کہ یہہ وہ مشہور عالم ہلل ہے ' جو ساٹھہ برس پیشتر ولادت حضرت مسیح علیہ السلام سے تھا ' بعضوں نے کہا ہے کہ یہودا حکادوش جو مشہور عالم تھا ' یہہ ہلل اُسکا پوتا ہے ' جسنے مسنا لکھا ' اور جو چودھویں صدی میں نام آور ہوا ' اور بعضے کہتے ہیں کہ یہہ شخص ہلل نامی سپین کا ایک یہودی تھا ' بایر صاحب زیادہ بھروسے کے ساتھہ کہتے ہیں ' کہ یہہ نسخہ زمانہ حال کا لکھا ہوا ہے ' اور سپین میں لکھا گیا تھا ' کیونکہ اس میں اعراب پائے جاتے ہیں ' اور صرف ونحو کے قواعد موجود ہیں ' ہلل کا نام فریبا اُسکی قدر بڑھانیکو اُسپر لکھہ دیا تھا *

2. The Codex of Ben Asher.
3. The Codex of Ben Naphtali.
} These have already been noticed by us. The first of them was held in much repute in Egypt, as having been revised and corrected in very many places by Ben Asher himself, and as it was the examplar which Maimonides followed in copying the Law, in conformity with the custom of the Jews.

دویم کوڈکس بن عشر
سویم کوڈکس بن نفتالی
} ان دونوں نسخوں کا حال ابھی بیان ہوچکا ہے '

ان دونوں میں سے پہلا نسخہ مصر میں اِسبات میں مشہور تھا : کہ اسکی بہت سے مقاموں کو خود ابن عشر نے صحیح اور نظر ثانی کیا ہے ' اور یہہ وہ نسخہ ہے ' جسکی میمونڈی ڈیز نے توریت کی نقل کرنے میں بموجب یہودی رسم کے پیروی کی ہے *

4. The Codex of Jericho is highly commended by Rabbi Elias Levita, as being the most correct copy of the Law of Moses, and exhibiting the defective and full words.

چہارم کَوڈِکْس، جیری کو، اِس میں صرف حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پانچوں کتابیں ہیں، ایک بڑے یہودی عالم الیس لویتا نے اسبات کی نہایت تعریف کی ہے، کہ یہہ بہت صحیح نسخہ کتب خمسہ موسی کا ہے، اسمیں صحیح لفظ اور غلط لفظ دونوں دکھلائے گئے ہیں *

5. The Codex Sinai was also a very correct manuscript of the Pentateuch, that presented some variations in the accents, in which respect it differed from the former.

پنجم کَوڈِکْس سنی، اِس میں بھی صرف حضرت موسیٰ کی پانچوں کتابیں ہیں، یہہ بھی بہت صحیح نسخہ کتب خمسہ موسیٰ کا ہے، اور اگلے نسخہ سے صرف لہجہ میں متفاوت ہے *

Another sixth Codex called Sanbouki, is mentioned by Pere Simon, as having been seen by him; but nothing certain is known respecting its date, or by whom it was written.

ایک چھٹا نسخہ اور تھا، جو کَوڈِکْس سین بوکی کہلاتا ہے، پیرسائیمن بیان کرتے ہیں، کہ میں نے آسکو دیکھا، مگر اِس امرمیں کہ وہ کب لکھا گیا، اور کسنے آسکو لکھا، کوئی بات تحقیق معلوم نہیں ہے *

As the Hebrew Manuscripts which have been in use since the eleventh century, have all been corrected according to some particular recension or edition, they have from this circumstance been classed into families, according to the country where such recension has been received. The families or recensions are four in number.

گیارھویں صدی سے جسقدر یہودی نسخے پڑھنے پڑھانے میں چلے آتے ہیں، وہ کسی نکسی خاص نسخہ سے صحیح کیئے گئے ہیں، اسلیئے آنکو باعتبار اُس ملک کے، جہاں آنکا رواج تھا، جدا جدا چار خاندانوں میں قرار دیا ہے *

1. The Spanish manuscripts which were corrected after the Codex of Hillel. Most Jews highly value them, while some Hebrew critics hold them in little estimation.

اول سِپِینْش مینیو سکرپٹس (یعنی وہ قلمی نسخے) جو سپین کے لوگوں میں مروج تھے، اور جو کَوڈِکْس هلل سے مُقابلہ ہوکر صحیح کیئے گئے تھے، اکثر یہودی آن نسخونکی بہت قدر کرتے ہیں، مگر بعض محقق یہودی آنکو زیادہ قدر کا نہیں جانتے *

2. The Oriental manuscripts are nearly the same as the Spanish manuscripts, and may be referred to the same class.

دویم آورینٹل مینیوسکرپٹس (یعني وہ قلمي نسخے) جنکا مشرقي ملکوں میں رواج تھا ' یہہ نسخے اور اگلے نسخے ایک هے ' اور ایک هي درجہ میں سمجھنے کے لایق هیں *

3. The German manuscripts, which exhibit important readings that are not to be found in the Spanish manuscripts, but which agree with the Samaritan text of the Pentateuch, and with the ancient versions.

This class of manuscripts is little estimated by the Jews, but most highly valued by Biblical critics.

سویم جرمن مینیو سکرپٹس (یعني وہ قلمي نسخے) جنکا جرمن میں رواج تھا ' ان نسخوں میں امراهم کي عبارتیں اسطرح پر پائي جاتي هیں ' کہ ویسي سپینش مینیو سکرپٹس میں نهیں هیں مگر یہہ عبارتیں سمیرٹین زبان کي کتب خمسہ سے اور قدیم ترجموں سے مطابقت رکھتي هیں ' یہودي ان نسخوں کو زیادہ معتمد نہیں سمجھتے ' مگر محققین بیبل اُن نسخوں کي نہایت قدر کرتے هیں *

4. The Italian manuscripts hold a middle place between the Spanish and the German Codices.

چہارم اٹالین مینیو سکرپٹس (یعني وہ قلمي نسخے) جو اٹلي میں مروج تھے ' یہہ نسخے سپین اور جرمني نسخوں میں اوسط درجے کا اعتماد رکھتے هیں *

Further M. De Rossi has divided Hebrew manuscripts into three classes as follow.

علاوہ اِن قسموں کے ' ایـــم دي راسي صاحب نے تمام قلمي نسخوں کو ' باعتبار زمانہ کے تین قسم میں تقسیم کیا هے *

1. *More ancient* or those written before the twelfth century.

اول جو بہت پُرانے تھے ' یعني جو بارھویں صدي سے پیشتر کے لکھے ھوئے تھے *

2. *Ancient* or those written in the thirteenth and fourteenth centuries.

دویم اوسط درجہ کے پرانے ' یعني جو تیرھویں اور چودھویں صدي کے درمیان کے لکھے ھوئے تھے *

3. *More recent* or those written at the end of the fourteenth or at the beginning of the fifteenth century.

سویم زمانہ حال کے یا وہ نسخے جو چودھویں صدي کے اختتام اور پندھرویں کے شروع میں لکھے گئے *

But the most recent, or those written since the fifteenth century, which are

مگر ایم دي راسي صاحب زمانۂ حال کے نسخوںکو ' یا آنکو جو پندھرویں صدي سے

very numerous, and are those found in the Synagogues, are pronounced to be of little or no use by M. De Rossi, unless it can be proved that they have been transcribed from ancient apographs.

لکھے گئے ہیں ' اور کثرت سے معبدوں میں پائے جاتے ہیں ' قابل اعتبار کے نہیں جانتے تھے جب تک کہ یہہ بات ثابت نہو ' کہ وہ کسی قدیم نسخہ اَپُو گرافس سے نقل ہوئے ہیں *

The total number of Hebrew manuscripts collated by Dr. Kennicott for his critical edition of the Hebrew Bible, is about six hundred and thirty. The total number collated by M. De Rossi for his Collection of Various Readings, is four hundred and seventy nine manuscripts, besides two hundred and eighty eight printed editions. The following are the most ancient manuscripts collated by Dr. Kennicott.

ڈاکٹر کنی کٹ صاحب نے ' عبری نسخہ صحیح کرنے کے لیئے ' عہد عتیق کے ۶۳۰ قلمی نسخونکا مقابلہ کیا ' اور ایم ڈی راسی صاحب نے اپنی کتاب مجموعہ اختلافات عہد عتیق کے بنانے کے لیئے ۴۷۹ قلمی نسخے ' اور ۲۸۸ چھپے ہوئے نسخوں کا مقابلہ کیا ' اُن میں سے جو نہایت قدیم نسخے تھے ' اور جنکا ڈاکٹر کنی کٹ صاحب نے مقابلہ کیا تھا ' اُنکا بیان یہاں کیا جاتا ہے *

1. Codex Laudianus A. 172 and 162, and numbered 1. in Dr. Kennicott's list of Hebrew manuscripts. Some of the letters of this manuscript having become obliterated by the lapse of ages, have been written over a second time; and though such places were written in the same strong character, yet many of the words were becoming a second time invisible, when collated by Dr. Kennicott. This eminent critic assigns it to the tenth century, but De Rossi refers it to the eleventh.

۱ کوڈکس لاڈی اینس سنہ ۱۷۲ وسنہ ۱۶۲ ' ڈاکٹر کنی کٹ صاحب کے یہودی نسخونکی فہرست میں اِس نسخہ کا اول نمبر ہے ' یہہ نسخہ پُرانا تھا ' اور اِس سبب سے اُسکے الفاظ بعض جگہ سے اوڑ گئے تھے ' اور اُنکو پھر روشن سیاہی سے دوبارہ بھرا تھا ' اور پھر وہ بھی مٹ چلے تھے ' ڈاکٹر کنی کٹ صاحب کہتے ہیں ' کہ یہہ نسخہ دسویں صدی کا لکھا ہوا ہے ' اور ایم ڈی راسی صاحب کہتے ہیں ' کہ گیارھویں صدی کا لکھا ہوا ہے *

This Laudian manscript begins with Genesis XXVII. 31.; it contains fourteen thousand variations from Vander Hooght's Edition of the Hebrew Bible. More than two thousands are found in the Pentateuch, which confirm the Septuagint Greek version in one hunred and nine various readings; the Sy-,

یہہ نسخہ شروع ہوتا ہے کتاب پیدایش باب ۲۷ ورس ۳۱ سے ' اِس نسخہ میں واندر* ہوٹ صاحب کے عبری نسخہ سے چودہ ہزار اختلاف ہیں ' جس میں سے دو ہزار سے زیادہ حضرت موسی کی پانچوں کتابوں میں ہیں ' اور یہہ اختلافات ۱۰۹ جگہہ میں سپٹو ایجنٹ سے مطابقت

riac, in ninety eight; the Arabic in eighty two; the Vulgate or Latin Version, in eighty eight; and the Chaldee Paraphrase in forty two; it also agrees with the Samaritan Pentateuch, against the printed Hebrew, in seven hundred instances.

رکھتے هیں ' اور ۹۸ جگهه میں سریا زبان کے نسخه سے ' اور ۸۲ جگهه میں عربي زبان کے نسخه سے ' اور ۸۸ جگهه میں ولگٹ یعني لاطیني زبان کے نسخه سے ' اور ۴۲ جگهه میں کالدي پارافریز سے ' اور یهه نسخه سمارٹین نسخه کے کتب خمسه موسی سے ۷۰۰ مقام میں مطابقت رکھتا ہے ' بخلاف چھپے هوے عبري نسخه کے *

What renders this manuscript the more valuable is, that it preserves a word of great importance for understanding 2. Samuel XXIII. 3-7., which word is confirmed by the Greek version, and thus recovers to us a prophecy of the Messiah.

اس نسخه پرجو زیاده اعتبار کیا جاتا ہے ' اسکي وجهه یهه هے ' که کتاب دویم سموئیل باب ۲۳ ورس ۳ لغایت ۷ کے جس طرز کلام سے ' حضرت مسیح علیه السلام کے آنیکي بشارت نکالي جاتي هے ' اور جس طرز پر وه کلام سپٹواجنٹ میں تھا اسیطرح اس نسخه میں بھي محفوظ تھا *

2. The Codex Carlsruhensis 1, (No. 154 of Dr. Kennicott's list of manuscripts) formerly belonged to the celebrated and learned Reuchlin; whose efforts contributed so much towards the revival of literature in the fifteenth century. This manuscript is now preserved in the Public library at Carlsruhe, and is the oldest that has a certain date.

It is in square folio and was written in the year of the world 4,866, corresponding with 1106 of the Christian era. It contains the Prophets with the Targum.

۲ کوڈکس کارلس ریوهنسس پهلا ڈاکٹر کنیکٹ صاحب کے قلمي نسخونکي فهرست میں ' ۱۵۴ نمبر پر یهه نسخه هے ' ایک مشهور عالم ریوکلن کے پاس یهه نسخه تھا ' پندرهویں صدي میں علم کے تروتازه هونے میں اس عالم نے نهایت کوشش کي تھي ' یهه قلمي نسخه مقام کارلس روه کے سرکاري کتب خانه پرموجود ہے ' جن نسخون پر تاریخ تحریر لکھي هوئي پائي هے ' ان سب میں سے یهه نسخه نهایت قدیم ہے ' مربع تقطیع میں لکھا هے ' اور سنه ۴۸۶۶ پیدایش عالم مطابق سنه ۱۱۰۶ ع کا لکھا هوا ہے ' اسمیں پرافیٹس معه تارگم (یعني صحف انبیاء معه تفسیر زبان کیلدي) کے شامل هیں *

3. The Codex Viennæ (No. 590 of Kennicott) contains the Prophets and

۳ کوڈکس وي اینې ' ڈاکٹر کنیکٹ صاحب کي فهرست میں اسکا ۵۹۰ نمبر

Hagiographa. It is written on vellum in folio, and if the date in its subscription be correct (A. D. 1,018 or 1,019) it is more ancient than the preceding. Bruns collected two hundred important various readings from this manuscript. The points have been added by a later hand.

ہے ' اِس نسخہ میں پرافِٹس اور ہیجو گریفا ہیں ' اور چمڑے پر لکھا ہوا ہے ' اُسکے چندہ پرجوتاریخ ہے (یعني سنہ ۱۰۱۸ وسنہ ۱۰۱۹ ع) اگروہ صحیح ہو تو اگلے نسخوں سے بهي پرانا ہے ' ڈاکٹر برنس صاحب نے دوسو اِختلاف عبارت بڑي بڑي باتونکے اس نسخہ سے جمع کیئے ہیں زمانہ حال میں کسي شخص نے اسمیں اعراب بڑھا دئے ہیں *

4. The Codex Cæsenæ, in the Malatesta Library at Bologna, (No. 536 of Kennicott) is written towards the end of the eleventh century. It contains the Pentateuch, the Haphtarath or sections of the Prophetical books, and the Megilloth, or five books of Canticles, Ecclesiastes, and Esther. De Rossi pronounces it to be a most ancient and valuable manuscript, and states that in its margin are inserted some various readings of still more ancient manuscripts.

۴ کوڈکس سیزني کتب خانہ میلاتستا مقام بالوگنا نمبر ۵۳۶ فہرست کنيکت صاحب یہہ نسخہ گیارھویں صدي کے اخیر کا لکھا ہوا ہے ' اور اِسمیں یہہ کتابیں ہیں ' پین ٹي ٹیک (یعني کتب خمسہ موسیٰ) اور ہیفتارتهہ (یعني پارہ ہاي کتب انبیاء) اور مگلتهہ (یعني پانچ کتابیں) کیں ٹي کلز (یعني گیت سلیمان) اور کتاب راعوت ' اور نوحہ یرمیاہ ' اور واعظ ' اور کتاب استر ' ایم ڈي راسي صاحب اِس نسخہ کو نہایت پسند کرتے تھے ' اور بہت پرانا بتاتے تھے ' اور اُسکے حاشیہ پراور بھي زیادہ قدیم نسخوں کے بعض بعض اختلاف عبارت لکھے ہیں *

5. The Codex Florentinus 2, (No. 162 of Kennicott) is written towards the end of the eleventh, or at the latest, in the beginning of the twelfth century. It contains the books of Joshua, Judges and Samuel. Very many of the letters, which were obliterated by time, have been renewed by a later hand.

۵ کوڈکس فلورنٹینس ' دویم نمبر ۱۶۲ فہرست ڈاکٹر کني کت صاحب. یہہ نسخہ گیارھویں صدي کے اخیر کا یا بارھویں صدي کے شروع کا لکھا ہوا ہے ' اِس میں کتاب یوشع ' اور قضات ' اور سموئیل ہیں ' جو لفظ کہ اِس نسخہ میں مٹ گئے تھے ' وہ دوبارہ لکھدئے گئے ہیں *

6. The Codex Mediolanensis 9, (193 of Kennicott) is written towards the close of the twelfth century. This manu-

۶ کوڈکس مِڈي اولے ٹینسس ' نہم نمبر ۱۹۳ فہرست ڈاکٹر کنيکت صاحب یہہ نسخہ بارھویں صدي کے اخیر کا لکھا

script comprises the Pentateuch. The beginning of the book of Genesis, and the end of Leviticus, and Deuteronomy, have been written by a later hand. Both erasures and alterations occur in this manuscript, and sometimes a worse reading is substituted in place of one that is preferable. Nevertheless it contains many good various readings.

هوا ہے ' اور اس میں حضرت موسی علیه‌السلام کي پانچوں کتابیں هیں ' اور کتاب پیدایش کا شروع ' اور کتاب احبار اور استثنا کا انجام زمانه حال میں زیاده کیا گیا ہے ' اِس نسخه میں مٹ جانا حروف کا ' اور تبدیلیاں بهي واقع هیں ' اور بعض اوقات ایک بُري عبارت اچهي عبارت کي جگهه لکهدي گئي هے ' باوجود اِسبات کے اسمیں بهت سي اچهي عبارتیں مختلف پائي جاتي هیں *

7. The Codex Norimbergensis 4, (201 of Kennicott) contains the Prophets and Hagiographa. It is mutilated in various parts. It is of great antiquity, and from the similarity of its character to that of Codex Carlsruhensis, both Dr. Kennicott and M. De Rossi assign it to the beginning of the twelfth century.

۷ کودکس نارمبرجینسس ' چهارم نمبر ۲۰۱ فهرست ڈاکٹر کني کت صاحب اس نسخه میں صحف انبیاء اور اور مقدس کتابیں هیں ' یهه نسخه بهت پُرانا هے ' اور اکثر جگهه سے شکسته هوگیا ہے ' اِس نسخه کے حرفونکي ' اور کودکس کارلس ریوهن سِس کے حرفونکي ' آپسمیں بهت مشابهت هے ' اِس سبب سے ڈاکٹر کني کت صاحب ' اور ایم دي راسي صاحب نے اِس نسخه کو بارهویں صدي کے شروع کا لکها هوا قرار دیا ہے *

8. The Codex Parisiensis 27, (210 of Kennicott) is a manuscript of the entire Bible in an elegant Italic character. It is highly valued by Dr. Kennicott, and De Rossi, who refer it to the beginning of the twelfth century.

۸ کودکس پیري سي انسس ' بست هفتم نمبر ۲۱۰ فهرست ڈاکٹر کني کت صاحب ' یهه نسخه پوري بیبل کا رومي خط میں ہے ' ڈاکٹر کني کت صاحب اور ایم ڈي راسي صاحب اِسکو بهت پسند کرتے تهے ' اور بارهویں صدي کے شروع کا لکها هوا بتاتے تهے *

9. Coeval with the preceding is the Codex Regiomontanus 2, (224 of Kennicott) written in the Italic character, and it is mutilated in various parts.

۹ کودکس رجي اومان ٹنس ' یهه نسخه بهي رومي حرفوں میں آسي زمانه کا لکها هوا معلوم هوتا هے ' جس زمانه کا اگلا نسخه لکها هوا ہے ' اِس میں پراگندگي

اور هیجوگریفا کي کتابیں هیں ' مگر مختلف جگہہ سے شکستہ هورهي هیں *

10. To the beginning of the twelfth century likewise is to be referred the Codex Parisiensis 24, (No. 366 of Kennicott.) It is imperfect from Jerem: XXIX. 19, to XXXVIII. 2.; and from Hosea IV. 4, to Amos VI. 12.

۱۰ کودکس پیري سي اِنسس ' بست وچهارم نمبر ۳۶۶ فهرست ڈاکٹر کنی کٹ صاحب ' یهہ نسخہ بارهویں صدي کے شروع کا لکها هوا هے ' اور کتاب یرمیاه باب ۲۹ــــ۱۹ سے ' لغایت باب ۳۸ــــ۲ تک اور کتاب یوشع باب ۴ــــ۴ سے ' لغایت کتاب عاموص باب ۶ــــ۱۲ تک ' ناقص ہے *

The following are the most ancient of the manuscripts in the possession of late M. De Rossi, and collated by him, viz:—

اب مناسب هے ' کہ جن پُرانے نسخوں کا ڈاکٹر ایم ڈي راسي صاحب نے مقابلہ کیا اور اُنمیں جو قدیم نسخے هیں ' اُنکا بهي اس مقام پر ذکر کیا جاوے *

The Codex, by him numbered 634, containing a fragment of the books of Leviticus, and Numbers, from Levit: XXI. 19, to Numb: I,50.; and exhibiting every mark of the remotest antiquity. M. De Rossi assigns it to the eighth century.

۱ کودکس نمبر ۶۳۴ ' اِس میں ایک ٹکڑہ کتاب احبار ' اور اعداد کا ہے ' کتاب احبار باب ۲۱ ــــ ۱۹ سے ' لغایت کتاب اعداد باب ۱ــــ۵۰ تک هے ' نهایت قدیم هونے کي اُس میں بهت سي علامتیں پائي جاتي هیں ' ایم ڈي راسي صاحب کے نزدیک آٹهویں صدي کا لکها هوا ہے '

2. A manuscript of the Pentateuch (No. 503), containing from Genesis XII. 41, to Deuteronomy XV. 12. It is composed of leaves of various ages, the most ancient of which are of the ninth or tenth century.

۲ کودکس نمبر ۵۰۳ ' اِس نسخہ میں منجملہ کتب خمسہ حضرت موسی کي ' کتاب پیدایش باب ۱۲ ــــ ۴۱ سے ' کتاب اِستثنا باب ۱۵ــــ۱۲ تک ہے ' اِس میں مختلف زمانوں کے ورق ملے هوئے هیں ' اور پُرانے سے پُرانے ورق ' نویں یا دسویں صدي کے لکهے هوئے معلوم هوتے هیں *

3. A manuscript of the Pentateuch (No. 10), with the Targum and Megilloth. It is written towards the end of the eleventh, or in the beginning of the twelfth century. The chracter

۳ کودکس نمبر ۱۰ ' یهہ قلمي نسخہ بهي ' کتب خمسہ حضرت موسی کا ' معہ تارگم (یعني تفسیر زبان کیلڈي) اور پانچ کتابوں گیت سلیمان ' اور کتاب راعوت اور

which is defaced by time, is rudely formed.

نوحه یرمیاه اوروعظ اور کتاب استر کے ھے ' اور گیارھویں صدی کے اخیر یا بارھویں صدی کے شروع کا لکھا ھوا ھے ' بسبب پُرانے ھونے کے جو حرف مٹے ھوئے تھے ' پھرکر بنائی گئی ھیں *

4. A manuscript of the book of Job, coeval with the preceding one. It is one of the most valuable manuscripts of that book.

۴ قلمی نسخہ کتاب ایوب کا ' عمدہ نسخوں میں سے نہایت عمدہ یہہ نسخہ ھے ' اور اگلے نسخہ کا ھم زمانہ ھے *

5. A manuscript of the Hagiographa (No. 379), the date of which corresponds with that of the preceding one. It begins with Psalms ch. 49, V. 15., and ends with Nehemiah Ch. 40, V. 4.

۵ قلمی نسخہ ھیجوگریفا کا نمبر ۳۷۹ تیسرے اور چوتھے نسخہ کا ھمعصر ھے ' یہہ نسخہ زبور کے باب ۴۹ ـــ ۱۵ سے ' کتاب نحمیا کے باب ۴۰ـــ۴ تک ھے *

6. A manuscript of the Pentateuch (No. 611), written towards the close of the eleventh, or in the beginning of the twelfth century. The ink is frequently faded by age. There are frequent omissions in the text, which are supplied in the margin.

۶ قلمی نسخہ پانچوں کتابوں حضرت موسی کا نمبر ۶۱۱ ' یہہ نسخہ گیارھویں صدی کے اخیر کا ' یا بارھویں صدی کے شروع کا لکھا ھوا ھے ' پُرانا ھونے کے سبب روشنائی پھیکی پڑ گئی ھے ' متن میں جو عبارت لکھنے سے رہ گئی ھے وہ حاشیہ پر لکھی ھوئی ھے *

Dr. Kennicott states that almost all the Hebrew manuscripts of the Old Testament at present known to be extant, were written between the years 1000 and 1459, whence he infers that all the manuscripts written before the year 700 or 800 were destroyed by some decree of the Jewish senate, on account of their many differences from the copies then declared to be genuine. The circumstance is also alleged by Bishop Walton, as the reason why we have so few examplars of the age of 600 years, and why even copies 700 or 800 years old are very rare.

ڈاکٹر کنی کٹ صاحب بیان کرتے ھیں کہ ' عہد عتیق کے عبری تمام قلمی نسخے جتنا موجود ھونا اب ھمکو معلوم ھے ' ایک ھزار اور ایک ھزار چار سو ستاون برسوں کے درمیان کے لکھے ھوئے ھیں ' اور اِس سے وہ یہہ نتیجہ نکالتے ھیں ' کہ تمام قلمی نسخے جو سات سو یا آٹھہ سو برس بیشتر کے لکھے ھوئے تھے ' یہودیوں کی سنٹ (یعنے مجلس آمرا) کے بعض حکموں کے بموجب معدوم کردیئے گئے تھے ' اِس سبب سے کہ اُن نسخوں میں اُن نسخوں سے جو اُسوقت میں خالص گنے جاتے تھے ' بہت اختلاف تھا * اِسبات کو بشپ والٹن صاحب بھی

تصديق كرتے هيں ' اور كهتے هيں كه اسي
سبب سے همارے پاس چهه سوبرس كے
نسخے چند هيں ' اور اسي وجهه سے سات
سو يا آٹهه سو برس كے نسخے بهت كمياب
هيں *

Besides the above mentioned Hebrew manuscripts the Revd. Dr. Buchanan procured in 1806 a manuscript of the Pentateuch from the black Jews in Malabar, who (there is strong reason to believe) are descended from exiled Jews who settled there on the first dispersion of their nation by Nebuchadnezzar. The date of this manuscript cannot now be ascertained; but its text is supposed to be derived from the copies which these Jewish exiles brought with them into India. The present owners could give no precise account of it: some stated that it came originally from Senna in Arabia; others said, it was from Cashmeer. In the manuscript in question Leviticus and the greater part of Deuteronomy are wanting. Mr. Yeates has diligently examined and collated the manuscript with the printed text of the Vander Hooght's edition of the Hebrew Bible: and the result of his investigations is, that the variations in the whole do not exceed forty, and that none of them differ from the common reading as to the sense or interpretation but are merely additions or omissions of a jod or vau letter, making vowels full or deficient, according to the known usage of the Hebrew tongue. Even this

علاوه اِن نسخوں كے ايک عبري قلمي
نسخه توريت كا ريوڈ ڈاكٹر بكينن صاحب
كو سنه ١٨٠٦ع ميں مليبار ميں كالے
يهوديوں كے پاس سے دستياب هوا مليبار
كے يهودي يقينا اُن يهوديوں كے پس
مانده هيں ' جنكو بخت نصر نے اول مرتبه
جلاوطن كيا تها ' اِس قلمي نسخه كي
تاريخ ' كه كب كا لكها هوا هے ' تحقيق نهيں
هوسكتي ' مگر گماں هوتا هے ' كه اُن نسخوں
سے ليا گيا هو گا ' جو اُنكے باپ دادا
هندوستان ميں اپنے ساتهه لائے ' جب اُن
يهوديوں سے اِس نسخه كے بـاب ميں
پوچها گيا ' تو وه اُسكي نسبت كوئي
ٹهيک بات بيان نكرسكے ' بعضوں نے كها
كه صنعاي عرب سے آيا هے ' اور بعضوں نے
كهاكه كشمير سے ' اِس نسخه ميں كتاب
احبار ' اور كتاب استثنا كا بهت ساحصه
نهيں هے ' مسٹر ايٹس صاحب نے '
اندرهوٹ صاحب كے چهپے هوے نسخه سے
اِس نسخه كا مقابله كيا ' اُسكي تحقيقات كا
نتيجه يهه هے ' كه تمام نسخه ميں چاليس
سے زياده اِختلاف نهيں هيں ' اور اُن ميں
سے كوئي اِختلاف عام عبارت سے بلحاظ
معني اور مراد متن كے تفاوت نهيں ركهتا
صرف حرفوں كي كمي يا بيشي كا اختلاف
هے ' جنسے بلحاظ مشهور محاوره يهودي زبان
كے الفاظ كامل يا معيوب معلوم هوتے هيں '

small number of readings was considerably reduced, when compared with the text of Athia's edition, printed in Amsterdam in 1661; so that 'the integrity of the Hebrew text is confirmed by the important testimony of this valuable manuscript, Four readings are peculiar to this copy, which are not to be found in Dr. Kennicott's edition of the Hebrew Bible.

اور اتهي آز صاحب کے چھاپے ہوئے نسخه سے ' جو سنه ١٦٦١ع میں چھپا تھا اور بھي کم اختلاف ھیں ' پس اسطرح پر یہودي متن کي صداقت اِس گران بہا نسخه سے بخوبي ثابت ہوتي ھے ' اور اُسکي شہادت بغیر کسي اعتراض کے بہت بڑي ھے ' چار مقام کي عبارتیں اسي نسخه پر مخصوص ھیں ' وہ عبارتیں ڈاکٹر کنی کٹ صاحب کي عبراني بیبل کے نسخه میں نہیں پائي جاتیں *

It must be borne in mind that as there existed the books of the Old Testament in Hebrew, in like manner there had existed in Hebrew the autograph or original manuscript of the gospel of St. Matthew, but nearly twelve hundred years subsequently it disappeared. The manuscripts of the New Testament that are extant in Greek, are now considered as the originals. I may therefore make a quotation in this place about Greek biblical manuscripts from Horne's Introduction.

یہه بات بھي جانني چاھئے ' که جسطرح عہد عتیق کي کتابیں عبراني زبان میں تھیں ' اسیطرح سینت متي کي لکھي ہوئي انجیل بھي دراصل عبراني زبان میں تھي ' مگر بارہ سوبرس کے قریب سے وہ انجیل معدوم ہوگئي ھے ' اور اب عہد جدید کے یوناني زبان کي کتابیں اصلي گني جاتي ھیں ' اسواسطے مناسب ھے ' که یوناني قلمي نسخونکا بھي ھارن صاحب کي کتاب سے اِس مقام پر کچھه ذکر کیا جاوے *

ھارن صاحب کا انٹروڈکشن جلد ۲ حصه ۱ باب ۲ فصل ۲

Very few manuscripts contain the whole either of the Old or of the New Testament. By far the greater part have only the four Gospels, because they were most frequently read in the churches; others comprise only the Acts of the Apostles, and the Catholic Epistles; others, again, have the Acts, and Saint Paul's Epistles; and a very few contain the Apocalypse. Almost all of them, especially the more ancient manuscripts, are imperfect, either from the injuries of time or from neglect. All manu-

یوناني نسخے بہت کم ھیں ' جنمیں عہد عتیق اور عہد جدید دونو کي کتابیں موجود ہوں ' بہت سوں میں صرف چاروں انجیلیں پائي جاتي ھیں ' کیونکه وہ نہایت کثرت سے گرجوں میں پڑھي جاتي تھیں ' اور بعض نسخوں میں صرف اعمال حواریین اور کیتھلک نامے ' اور بعض میں اعمال اور سینت پال کے نامے اور چند نسخوں میں ایپوکلیپس (یعني مشاھدات سینت یوحنا) موجود ھیں ' سب نسخے خصوصا زیادہ قدیم نسخے زمانه

scripts, the most ancient not excepted, have erasures, and corrections; which, however, have not always been effected so dexterously, but that the original writing may sometimes be seen. Where these alterations have been made by the copyist of the manuscript, they are preferable to those made by later hands. These erasures were sometimes made by drawing a line through the word, or what is much worse, by means of the penknife. But besides these modes of obliterations, the copyists frequently blotted out the old writing with a sponge, and wrote other words in lieu of it: nor was this practice confined to a single letter or word, as may be seen in the Codex Bezæ. Authentic instances are on record in which whole books have been thus obliterated, and other writing substituted in place of the manuscript so blotted out: but where the writing had already faded through age, they preserved their transcriptions without further erasure.

کے ضرر سے یا غفلت سے ناقص ہوگئے ہیں ' تمام نسخوں میں پہلے لکھے ہوئے کومٹایا ہے اور اسکو صحیح کیا ہے بعضي جگہہ خوب نہیں مٹایا ہے ' اسلیئے اصلي لکھا ہوا بھي معلوم ہوتا ہے ' جس مقام پر نقل کرنے والے نے صحیح کیا ہے ' وہ تصحیح بہ‌نسبت اس تصحیح کے جو بعد کو کي گئي ہے معتبر سمجھي جاتي ہے ' محو کرنا پہلے لکھے ہوئے کاکہیں تو اسطرح پر کیا ہے ' کہ لفظوں پر لکیر کھنچ دي ہے ' اور کہیں چاکو سے چھیلا ہے ' اوراکثر جگہہ لکھنے والینے اسفنج سے مٹادیا ہے ' اور اسکي جگہہ اور لفظ لکھدیئے ہیں ' اور اسطرح کا مٹانا ایک حرف یا لفظ ہي پر موقوف نہیں ہے ' جیسے کہ کوڈکس بیزي کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے ' صحت کے ساتھہ کتابوں میں سندیں پائي جاتي ہیں ' جنسے معلوم ہوتا ہے ' کہ اسطرح پر ساري کتابیں کي کتابیں مٹائي جاتي تھیں ' اور اور کتاب بجاے اس قلمي کتاب کے جو مٹائي گئي تھي لکھي جاتي تھي مگر جہاں کہیں تحریر بسبب زمانہ دراز کے اڑگئي تھي ' تو انکو بغیر زیادہ مٹانے کے بدستور قدیم رکھتے تھے ' اور اسي پر لکھہ دیتے تھے *

These manuscripts are termed Codices Palimpsesti, or Rescripti. Before the invention of paper, the great scarcity of parchment in different places induced many persons to obliterate the works of the ancient writers, in order to transcribe their own, or those of some other favourite author in their place: hence doubtless the works of many eminent authors have perished, and particularly

یہہ نسخے کہلاتے ہیں ' کوڈ آئي سز پالمپسستي یا ري سکرپٹي (یعني ایک ٹکڑہ جسمیں سے ایک تحریر مٹائي گئي ' اور اسکي جگہہ دوسري لکھي گئي) بسبب قلت پارچہ منت (یعني بني ہوئے چمڑے یا کپڑے کتاب لکھنے کے) بہت سے لوگ اگلے مورخوں کي لکھي ہوئي کتابیں مٹانے لگے ' اس مطلب سے کہ

those of the greatest antiquity; for such, as were comparatively recent, were transcribed to satisfy the immediate want; while those which were already dim with age, were erased. It was for a long time thought, that this destructive practice was confined to the eleventh, twelfth, thirteenth, and fourteenth centuries, and that it chiefly prevailed among the Greeks: it must, in fact, be considered as the consequence of the barbarism which overspread those dark ages of ignorance; but this destructive operation was likewise practised by the Latins, and is also of a more remote date than has usually been supposed.

اپنے یا کسي دوسرے مورخ کي کتاب ' جسکو وہ چاهتے هیں ' اُسپر نقل کرلیں اس سبب سے بہت سي کتابیں مشهور مورخوں کي معدوم هو گئیں ' خصوصا بہت قدیم کتابیں ' کیونکہ زمانہ حال کي کتابیں اُسوقت کي حاجت روائي کو اُن قدیم کتابوں پر ' جو بسبب گذرنے زمانہ کے دهندلي هوگئي تهیں اور مٹائي گئي تهیں نقل کرلي گئیں تهیں ' مدت تک یہہ خیال کیا گیا تها ' کہ یہہ بد استعمال گیارهویں بارهویں تیرهویں چودهویں صدي تک رها اور بالتخصیص یونان میں جاري تها ' مگر حقیقت میں یہہ ایک نتیجہ وحشت کا تها ' جو اُن جہالت کے زمانوں میں پهیلا هوا تها ' چنانچہ یہي بد استعمال رومیوں میں بهي رایج تها ' اور جیسا کہ عموما خیال کیا گیا تها ' اُس سے زیادہ اخیر زمانہ تک اُن لوگوں میں یہہ استعمال جاري رها *

The total number of manuscripts of the New Testament (whether they have been transmitted to us entire or in fragments) which are known to have been wholly or partially collated, amounts nearly to five hundred; but this number forms only a small part of the manuscripts found in public and private libraries. The result of these collations has shown that certain manuscripts have an affinity to each other, and that their text is distinguished from that of others by characteristic marks; and eminent critics (particularly Griesbach, who devoted the whole of his life to sacred criticism), after diligently comparing the quotations from the New

عهد جدید کے قلمي نسخے پورے یا ناقص ' جو علماء عیسائي کے هاتهہ آئے ' اور جنسے کل کا یا جزکا مقابلہ کیا گیا ' اُن کل کي تعداد پانسو کے قریب تهي ' اور یہہ تعداد بہت چهوٹا حصہ هے اُن قلمي نسخونکا ' جو سرکاري اور لوگونکے نِج کے کتب خانوں میں پائے جاتے هیں اُن مقابلونکے نتیجہ سے یہہ ظاهر هوا ' کہ بعض قلمي نسخے ایک دوسرے سے تسلسل رکهتے هیں ' اور وہ اور نسخوں سے بلحاظ نشانونکے پهچانے جاتے هیں ' مشهور علماء محققین عیسائي خصوصا گریس بک صاحب نے ' جسنے اپني تمام زندگي

Testament in the writings of Clement of Alexandria, and of Origen with those made by Tertullian, and Cyprian, have ascertained that, so early as the third century, there were in existence two families, recensions, or editions of manuscripts, or in other words, two entirely different texts of the New Testament. Michaelis has observed that, as different countries had different versions according to their respective languages, their manuscripts naturally resembled their respective versions, as these versions, generally speaking, were made from such manuscripts as were in common use. Five different systems of recensions or editions have been proposed, viz. by Griesbach and Michaelis, by Mathai, by Mr. Nolan, by Professor Hug, and by Professor Scholz. *

تحقیقات مقدس میں صرف کي ' عہد جدید کے اُن فقرات کو ' جو سکندریہ والے کلیمنٹ ' اور اوریجن کي تحریروں میں ہیں ' اُن فقرات سے ' جو ترتُلّین صاحب اور سائي پیرین صاحب نے لیئے ہیں ' نہایت کوشش سے مقابلہ کرکر دریافت کیا ' کہ بہت ابتداء زمانہ میں یعني تیسري صدي تک قلمي نسخوں کے دو سلسلہ موجود تھے ' یا اسطرح پر تعبیر کیا جاوے ' کہ دو پورے مختلف نسخے عہد جدید کے وجود میں تھے ' میکئلس صاحب نے یہہ دریافت کیا ' کہ مختلف ملکوں میں بموجب اُنکي خاص زبانوں کے مختلف ترجمے عہد جدید کے تھے ' اور اُنکے قلمي نسخے بالذات اپنے مخصوص ترجموں کے مطابق تھے ' اور یہہ ترجمے ایسے قلمي نسخوں سے بنائے گئے تھے جو عام استعمال میں تھے ' غرضکہ مختلف طور سے پانچ طرح پر ' عہد جدید کي کتابوں کے ڈاکٹر گریس بک صاحب میکئلس نے اور میتھي اور مسٹر نولن نے ' اور پرافسر ہگ اور پرافسر سکالز نے قسمیں نکالي ہیں *

The basis of Dr. Griesbach's system is, the division of the Greek manuscripts into three classes, each of which is considered as an independent witness for the various readings which it contains.

ڈاکٹر گریس بک صاحب کے قاعدہ کي بموجب عہد جدید کے یوناني نسخے تین قسموں میں منقسم ہوتے ہیں ' اور ہر ایک قسم واسطے اُن مختلف عبارتونکي ' جو اُس قسم میں ہیں بطور ایک علاحدہ گواہ کے سمجھا جاتا ہے *

The value of a reading, so far as manuscript authority is regarded, is decided by Griesbach, not according to the individual manuscript in which it is found, but according to the number of classes by which it is supported. The classes, under which he arranges all the Greek manuscripts, are the following; and to each of which classes is given the appellation of recension or edition.

گریس بک صاحب نے کسي عبارت کي معتبریکو جہاں تک کہ قلمي نسخہ کي سند پر لحاظ کي جاتي ہے ' صرف اُسي نسخہ کي بموجب ' جس میں وہ عبارت ہے قرار نہیں دیا ' بلکہ بلحاظ تعداد اُس تمام قسم کے نسخوں کے ' جو اُسکي تائید کرتي

هیں قرار دیا هے ' اور وہ قسمیں جنمیں
ڈاکٹر گریس بک صاحب نے ' یوناني
نسخونکو ترتیب دیا هے ' حسب تفصیل
ذیـــل هیں ' اور اِن قسموں میں کے هر
ایک قسم کو نسخہ کے نام سے تعبیر کرتے
هیں *

1. The first class or Alexandrian recension, which is also called the Egyptian recension, comprises those manuscripts, which, in remarkable and characteristic readings, agree with the quotations of the early Alexandrian writers particularly Origen and Clement of Alexandria. After them, the recension was adopted by the Egyptian Greeks. To this class belong the following codices or manuscripts.

۱ الکذندرین نسخہ اِسکو مصري نسخہ
بهي کهتے هیں ' اِس قسم میں وہ قلمي
نسخے داخل هیں ' جنکي مشهور عبارتیں
الکذرندریہ کے مورخوں کي اُن عبارتوں سے
جو اُنهوں نے اپني کتابوں میں نقل کي
هیں مطابقت رکهتي هیں خصوصا اوریجن
اور کلیمنت الگذندریہ والے کي نقل کردہ
عبارتوں سے ' اور آنکے بعد اسي نسخہ کو
مصري یونانیوں نے اختیار کیا تها ' مفصلہ
ذیل نسخے اس قسم میں داخل هیں *

English	Urdu
Codex Alexandrinus. (Griesbach.)	کوڈکس الکذندرینس گریس بک
The Vatican Manuscript. (Ditto)	ویٹیکن قلمي نسخہ گریس بک
Codex Ephræmi. (Dr. Scholz.)	کوڈکس افریمي ڈاکٹر سکالز
Codex Regius 62. (Ditto.)	کوڈکس ریجي آس نمبر ۶۲ ڈاکٹر سکالز
The Guelpherbytanus A. (Ditto.)	کیوئل فربي ٹینس الف ڈاکٹر سکالز
The Guelpherbytanus B. (Ditto.	کیوئل فربي ٹینس ب ڈاکٹر سکالز
Codex Borgiæ. (Ditto)	کوڈکس بارجي ڈاکٹر سکالز
Codex Regius 72. (Griesbach.)	کوڈکس ریجي آس نمبر ۷۲ گریس بک
Codex Regius 14. (Ditto.)	کوڈکس ریجي آس نمبر ۱۴ ایضا
Codex Medicæus. (Ditto.)	کوڈکس مڈي سي آس ایضا
Codex Regius 305. (Ditto.)	کوڈکس ریجي آس نمبر ۳۰۵ ایضا

The Alexandrian recension is followed by the undermentioned versions.

یهہ ترجمے جنکا آگے بیان آتا هے اسي
الگذندرین نسخہ کے پیرو هیں *

English	Urdu
The Coptico Memphitic.	کاپٹیکو میئم فیٹک
The Coptico Basnuric.	کاپٹیکو باسنیورک
The Coptico Sahidic.	کاپٹیکو سهیدک
The Ethiopic.	اتهیوپک
The Armenian.	آرمینین
The Syro-Philoxenian.	سائیرو فلاک سینین

The Occidental or Western recension is that which was adopted by the Christians of Africa, Italy, Gaul, and the west of Europe generally.

This Recension is followed by the following manuscripts.

The Codex Alexandrinus, in the Acts of Apostles and the Catholic Epistles.

The Codex Bezæ or Cantibrigensis.

The Codex Regius 314. (Griesbach.)

The Codex Regius 50. (Ditto.)

The Codex Regius 379. (Ditto.)

The Codex Leicestrensis.

The Codex Vindobonensis.

The Codex Vaticanus, 360. (Griesbach.)

The Codex Vaticanus, 2. (Ditto.)

The Codex Regius 177.

The Codex Regius 375.

With these manuscripts sometimes harmonize the Sahidic versions, made in the fourth century, the Syriac version of Jerusalem, and the readings in the margin of the Syro Philoxenian version; as also the Old Latin versions, which were in use before the Vulgate version. With this edition also coincides the Vulgate Latin version, which is followed by Isidore, Bishop of Seville, Remigius, Bede, Rabanus Maurus, Haymo, Anselm, Pietro, Daimiani, Bernard, and all subsequent writers in communion with the Latin Church for the last thousand years, as well as the Lectionaries, and other Ecclesiastical books of that church.

٢ آکسي ڈنٹل یا ویسٹرن (یعني مغربي نسخه) یهه وه نسخه هے ' جو افریقه اور اٹلي اور گال اورمغربي یورپ میں مروج تها ' اِس نسخه کے پیرو یهه نسخه هیں

کوڈکس الکذندرینس اعمال حواریین ' اور کیتهلک ناموں میں

کوڈکس بیزي یا کین ٹي بري جینسس

کوڈکس ریجي آس نمبر ٣١٤ گریس بک

کوڈکس ریجي آس نمبر ٥٠ گریس بک

کوڈکس ریجي آس نمبر ٣٧٩ ایضا

کوڈکس لیسس ٹرین سس

کوڈکس وندو بانن سس

کوڈکس واٹیکینس نمبر ٣٦٠ گریس بک

کوڈکس واٹیکینس نمبر ٢ گریس بک

کوڈکس ریجي آس نمبر ١٧٧

کوڈکس ریجي آس نمبر ٣٧٥

اِن نسخوں سے بعض جگهه سهڈک ترجمه جو چوتهي صدي میں هوا ' اور یروشلم والا سریا زبان کا ترجمه ' اور وه عبارتیں جو سیرو فلاک سینین ترجمه کے حاشیه میں هیں متفق هوتي هیں اور وه پرانے رومي ترجمے بهي جو ولگٹ ترجمے سے پیشتر مستعمل تهے ' مطابقت رکهتے هیں ' اسي ڈور صاحب بشپ سول کے ' اور رمي جي آس صاحب ' اور بیڈ صاحب ' اور ربنس مارس صاحب ' اور هیمو صاحب ' این سلم صاحب ' اور پیرو دیمني صاحب اور برنرڈ صاحب ' اور اور پچهلے مورخ ' جو هزار سال گذشته میں رومي گرجي سے علاقه رکهتے تهے ' جس ولگٹ رومي ترجمے کي پیروي کرتے تهے ' وه بهي اِس نسخه سے مطابقت رکهتا هے ' اور اسیطرح

درسي کتابیں ' اور اُس گرجي کي مذهبي کتابیں سب اسي نسخه کے مطابق هیں ٭

3. **The Byzantine or Oriental Recension or Edition.** Towards the end of the fourth century, and during the fifth and sixth centuries, critics have observed a text differing from the two first, which they call by the above name, because it was in general use in Constantinople, after that city had become the Capital, and the Metropolitan see of the Eastern Empire.

۳ بائیزین تاین ' یا اوري اینٹل (یعني مشرقي نسخه) چوتهي صدي کے اخیر ' اور پانچویں اور چهٹي صدي کے درمیان میں ' محققین نے ایک ایسا نسخه تلاش کیا ' جو اگلے دو نسخوں سے مختلف هے ' اور اُنهوں نے اُس نسخه کا یهه نام رکها هے ' جو اُوپر مذکور هوا ' اسلیئے که اُسکا قسطنطنیه میں جسکا نام بائیزین تاین هے ' عموما مستعمل تها ' اُس زمانه میں جبکه یهه شهر مشرقي شهنشاهي پوپ کا دار الخلافة هوگیا تها ٭

(1.) When a manuscript is dictated, whether to one or several copyists, the person dictating might not speak with sufficient clearness; he might read carelessly, and even utter words that were not in his manuscript; he might pronounce different words in the same manner. The copyist, therefore, who should follow such dictation, would necessarily produce different readings.

١ جبکه ایک شخص منقول عنه کو پڑھتا جاوے ، اور ایک یا بہت سے نقل کرنے والے آسکو لکہتے جاویں ، اور جو شخص پڑہ کر لکہواتا هے ، وہ اچہي طرح نه بتاوے بلکه بے پرواهي سے پڑھے ، اور ایسے لفظ زبان سے نکالے ، جو اس نسخے میں نہوں جسکي وہ نقل کرواتا هے ، اور اسیطرح مختلف الفاظ زبان سے بتاوے ، تو اس سبب سے ناقل سے جو آسکے بتانے بموجب لکہتا هے ، بالضرور نقل میں اختلاف واقع هونگے *

(2.) Further, as many Hebrew and Greek letters are similar, both in sound, and in form, a negligent or illiterate copyist might occasion various readings by substituting one word or letter for another.

٢ عبري اور یوناني حرف آواز اور صورت میں مشابه هیں ، اس سبب سے غافل اور بیعلم نقل کرنے والا ایک لفظ یا حرف کو ، بجاے دوسرے لفظ یا حرف کے لکہہ کر عبارت میں اختلاف ڈالدیتا هے *

(3.) In like manner the copyists might have mistaken the line on which the copy before them was written, for part of a letter, or they might have mistaken the lower stroke of a letter for the line, or they might have mistaken the true sense of the original and thus have altered the reading: at the same time they were unwilling to correct such mistakes as they detected, lest their pages should appear blotted or defaced, and thus they sacrificed the correctness of their copy to the beauty of its appearance.

٣ منقول عنه جو لکیر کہینچ کر لکہے گئے تهے ، نقل کرنے والا آسکو کسي حرفکا جزو سمجہه گیا ، یا حرف کے کسي شوشه کو غلطي سے لکیر سمجهه گیا ، یا آسنے اصلي لفظ کے صحیح معنے کو غلط سمجہه کر اُسطرح پر لفظ کو بدل دیا ، یا جب وہ غلط لفظ لکہہ گیا اور آسنے جان بهي لیا ، که میں نے غلط لکھا مگر اس خیال سے که نقل میں ذت کٹ هو کر بد صورت هوجاوے گي آسکو صحیح نلیا ، اور اپني نقل کي خوب صورتي پر آسکي صحت کو قربان کردیا ، اور اس سبب سے نسخوں کي عبارتوں میں اختلاف پڑ گیا *

(4.) A person having written one or more words in a wrong place, and not observing it, or not choosing to erase it, might return to the right line

٤ نقل کرنے والا لکهتا کہیں تها اور لکهه گیا اور کہیں سے ، اور پهر آسکو خبر نهوئي یا خبر هوئي ، مگر اپنے لکہے کو مٹانا یا

and thus produce an improper insertion of a word or a clause.

لکهنا بهنند نکیا ' اور جہاں سے چهوتا تها وهیں سے پهر شروع کیا ' اور اسطرح پر ایک لفظ یا جمله نا مناسب طرح سے داخل هوگیا *

(5.) When a transcriber had made an omission, and afterward observed it, he might then subjoin what he had omitted, and thus produced a transposition.

۵ نقل کرنے والے نے کوئي لفظ چهوڑ دیا ' اور جب اُسکو معلوم هوا تو اُسنے اُس چهوٹے هوئے لفظ کو ' اُس جگهه پر لکهدیا جهاں اُسکو خبر هوئي ' اور اسطرح پر لفظ الٹ پلٹ هو گئي ' یعني کهیں کا کهیں لکها گیا *

(6.) Another cause of various lections in Hebrew manuscripts is the addition of letters to the last word in the lines in order to preserve their symmetry; and in Greek manuscripts omissions are frequently occasioned by what is called homœaleteuton or when a word after a short interval occurs a second time in a passage. Here, the transcriber having written the word at the beginning of the passage, on looking at the book again from which he copies, his eye catches the same word at the end of the passage, and continuing to write what immediately follows, he of course omits intermediate words.

۶ عبري نسخوں میں اختلاف عبارتکا بڑا سبب یهه هے ' که سطرونکا اندازه برابر رکهنے کے لیئے ' سطروں کے اخیر میں زیاده لفظ بڑها دیئے جاتے تهے ' اور یوناني قلمي نسخوں میں اکثر الفاظ اور جمله اسلیئے لکهنے سے ره گئے ' که ایک لفظ جو آچکا تها تهوڑي دور بعد پهر وهي لفظ آیا ' اور نقل کرنے والے کي نگاه پہلے لفظ پر سے چوک کر دوسرے لفظ پر جاپڑي ' اور وهاں سے لکهنے لگا ' اور اُن دونوں لفظوں کے درمیان میں جو کچهه آیا وه لکهنے سے ره گیا *

(7.) As all manuscripts were written in capital letters, and without any spaces, between words or even sentences, syllables are frequently omitted or repeated. So, careless or ignorant transcribers have very often mistaken the notes of abbreviation, which are of frequent occurence in ancient manuscripts.

۷ تمام قلمي نسخے بڑے حرفوں میں لکهے جاتے تهے ' اور لفظوں بلکه فقرونکے درمیان میں جگهه نچهوڑتے تهے ' اس سببسے سے کهیں لفظونکے جزو لکهنے سے ره گئے اور کهیں مکرر لکهے گئے ' یا بے پرواه اور جاهل نقل کرنے والیئے اختصار کے نشانوں کو جو قدیم قلمي نسخوں میں اکثر واقع هوتے هیں غلط سمجها *

(8.) Lastly, the ignorance or negligence of transcribers has been a most

۸ بهت بڑا سبب اختلاف عبارت کا نقل کرنے والوں کي جهالت یا غفلت هے

fruitful source of various readings, by their mistaking marginal notes or scholia for a part of the text. It was not unusual in ancient manuscripts to write in the margin an explanation of difficult passages, or a word synonymous to that in the text, but more usual and more easily understood, or with the intent of supplying a seeming deficiency; any or all of which might, in the copies taken from the manuscript in which these notes were written, be easily obtruded into the text itself.

2. Errors or imperfections in the manuscript, from which a transcriber copied, are a further source of various readings.

Besides the mistakes arising from the strokes of certain letters being faded or erased, others of a contrary nature may arise from the transparency of the paper or vellum, whence the stroke of a letter on one side of the leaf may seem to be a part of a letter on the other side of the leaf, and thus different words may be produced.

3. A third source of various readings is critical conjecture, or an intended improvement of the original text.

In reading the works of an author of known literary reputation we ascribe grammatical or arthographical errors, if any are to be found, rather to a mistake of the printer than to a want of knowledge in the writer. In the

که اُنهوں نے حاشیه پر جو شرح لکهي هوئي تهي اُسکو متن کا جزو سمجها ' قدیم قلمي نسخوں کے حاشیه میں مشکل مقامات کي شرح لکهنے کا اکثر رواج تها ' اور آساني سے سمجها جاتا تها ۰ که یهه حاشیه کي شرح هے ' پس اُن حاشیونکي شرحوں میں سے تهوڑا یا سب اُن نسخوں کے متن میں آساني سے مل گیا هوگا جو نسخے ایسے نسخوں سے نقل هوئے جنکے حاشیه پر شرحیں لکهي هوئي هونگي *

دوم دوسرا سبب اختلاف عبارتوں کا خواه اُس قلمي نسخه میں غلطیوں کا هونا هے ' جس سے نقل لکهنے والے نے کي هے *

علاوه اُن غلطیوں کے جو بعض حرفوں کے شوشه کم هو جانے یا مٹ جانے سے واقع هوتي هیں ' چمڑے یا کاغذ کے مختلف حالات سے بهي پیدا هوتي هیں ۰ کاغذ یا چمڑا پتلا هو جس میں سے ایک ورق کا ایک طرف کا لکها هوا دوسري طرف بهوٹ جاوے ' اور دوسري طرف کے حرف کا ایک جزو معلوم هونے لگے ' اور اور لفظ سمجهه میں آوے *

سوئم اختلاف عبارتوں کا سبب یهه بهي هے ' که نکته چین قیاس سے اصلي متن کو ارادتا بهتر اور درست کرنے کي مراد سے صحیح کیا گیا هے *

جبکه هم ایک مشهور عالم کي تصنیف کي هوئي کتاب پڑهتے هیں ' اگر اُسکي کتاب میں کوئي صرف نحو یا قواعد مناظره کي غلطي پاتے هیں ' تب اُس غلطي کو زیاده تر چهاپنے والے پر منسوب

same manner the transcriber of a manuscript attributes the faults of his original to the errors of a former copyist, and alters them, as he supposes they were written by the author. But if he carries his critical conjectures too far, he falls himself into the error which he intended to avoid. This may be done in various ways.

کرتے هیں ' بهنسبت اِسکے که مصنف کیطرف نسبت کریں ' اسیطرح ایک قلمي نسخه کا نقل کرنے والا ' جو اُس کتابمیں جس سے وہ نقل کرتا ہے غلطیاں پائے ' تو اُسکو ناقل اول کیطرف منسوب کرتا هے اور پھر اُنکو وہ اپنی دانست میں اسطرح پر صحیح کرتا هے ' که مصنف نے اُسکو یوں لکھا هوگا ' لیکن اگروہ اپنے نکته چین قیاس کو بہت وسعت دیتا هے ' تب وہ خود اُس غلطي میں پڑتا هے ' جسکے رفع کرنے کا اُسنے ارادہ کیا تھا ' اوراُسکا غلطي میں پڑنا کئي طرح پر هوسکتا هے *

(1.) Thus the transcriber may take an expression to be faulty, which in reality is not so, or he may mistake the sense of the author, and suppose he has discovered a grammatical error, when in fact he himself construes falsely :— or the grammatical error intended to be corrected proceeded from the author himself.

۱ مثلا نقل کرنے والا ایک لفظ کوجو حقیقت میں صحیح هے غلط سمجھه لے ' یا جو مصنف کي مراد هے اُسکو غلط سمجھے ' اور یهه جانے که اُسنے صرف نحو کي غلطي پکڑي ' حالانکه وہ خود غلطي پر هے ' یایهه بات هو که وہ صرف نحو کي غلطي جسکے صحیح کرنے کا اُسنے ارادہ کیا هے حقیقت میں خود مصنف هي نے کي هو *

(2.) Further, some critical copyists have not only corrected ungrammatical or inaccurate expressions, but have even converted inelegant into elegant phrases: and they have likewise omitted words that appeared to them superfluous, or the difference of which they did not understand.

۲ بعض نکته چیں ناقلوں نے نادرست کلامونکو صرف صحیح هي نهیں کیا ' بلکه عمدہ طرز کلامونکو بجاے غیر عمدہ طرز کلامونکے بدلدیا ' اور اسیطرح اُنهوں نے اُن الفاظ کوجو اُنکو فضول معلوم هوئے یا جنکے فرق کو وہ نه سمجھے لکھنے سے چھوڑ دیا *

(3.) Of all the sources of various lections the most ample according to Michaelis, and the most productive of spurious passages in the New Testament, is the practice of altering parallel passages so as to render more perfect their

۳ اختلاف عبارت کے سببوں میں سے بموجب قول مکیلس صاحب کے ' بہت بڑا سبب جس سے عهد جدید میں دروغ آمیزمقامات نهایت کثرت سے پیدا هوئے هیں یهه هي ' که یکساں مقامات کو اسطرح

conformity to each other. The Gospels in particular have suffered in this way; and Saint Paul's Epistles have very frequently been interpolated, in order to make his quotations from the Old Testament harmonize with the Septuagint version, where they differed from the exact words of the latter.

تبدیل کیا گیا هے ' جس سے اُن میں ایک دوسرے سے زیادہ کامل مطابقت کي جاوے اور خاص کر انجیلوں کو اس طریقه سے نقصان پہونچا ' اور سینٹ پال کے ناموں کو اکثر مقامات میں سے اسلیئے اولٹ پلٹ کیا گیا هے ' که اُسکے عهد جدید کے حوالوں کو اُن مقامات میں ' جهاں وه سپٹو ایجنٹ ترجمه کے بعینه الفاظ سے تفاوت رکہتے هیں ' سپٹو ایجنٹ ترجمه سے مطابق کریں *

(4.) Lastly, some critics have altered the New Testament in conformity to the Vulgate version, and thus produced various readings.

۴ بعض نکته چینوں نے عهد جدید کے نسخوں میں اسطرح اختلاف عبارت ڈالدیئے ' که اُنکو ترجمه ولگٹ کے مطابق تبدیل کردیا *

4. Wilful corruptions, in order to serve the purposes of a party, whether Orthodox or Heterodox, are another source of various readings.

چهارم ایک سبب اختلاف عبارت کا ایسي خرابیاں یا تبدیلیاں هیں ' جو کسي فریق کے مطلب برائي کے لیئے دانسته کي گئي هوں ' خواه وه فریق درست مذهب رکهتا هو یا بدعتي هو *

It is a fact that some corruptions have been designedly made by those who are termed Orthodox, and have subsequently been preferred when so made, in order to favor some received opinion, or to preclude an objection against it. So much has been quoted exactly word by word from Mr. Horne's treatises on the subject of various readings.

یهه بات تحقیق هے ' که اُن لوگوں نے جو دیندار کہلاتے هیں ارادتا بعض خرابیاں کیں ' جو خرابیاں یا تبدیلیاں اس دور اندیشي سے کي گئیں تهیں ' که جو مسئله تسلیم کیا گیا هے ' اُسکو تقویت هو ' یا جو اعتراض اُس مسئله پر هوتا هو وه نهوسکے یہاں تک بعینه هارن صاحب کے قول کي نقل هے *

It must be acknowledged that the occurrence of errors, at the time of transcribing, is not only confined to the Scriptures, but extended indeed to all other books likewise; so much so that even our holy Koran of which there are thousands of manuscripts, is not free.

اسبات کا اقرار کرنا چاهئیے ' که نقل هونے میں غلطیوں کا واقع هونا کچهه انهي کتابوں پر موقوف نهیں هے ' بلکه جو کتابیں هاتهه کي لکهي هوئي هونگي ' اُن سب میں غلطیاں واقع هونگي یہاں تک که قران مجید جسکے هزارها قلمي

from such errors; but it must be understood that our holy Koran has never been, nor can be, liable to the errors arising from the faults of copyists; because we Mohomedans do not merely rest our faith on what is written in a copy of the Koran, but on what has been to this day, handed down from man to man in a connected chain, since from the very moment that the holy Koran descended from heaven down to the present time it has always been preserved in their hearts by each succeeding generation of Mohomedans. Hence it is that when certain contradictions are found in a manuscript, we are sure to distinguish, without all danger of error, between what is right and what is wrong. If all the manuscripts and printed editions of the holy Koran were to disappear or perish from the face of the world, we should not be in need of any copy of the Koran at all, to restore its contents to us; for there is not a city or town in which a certain number of persons could not be found, who have the holy Koran from beginning to end so indelibly engraven on the tablets of their memory, that they could readily repeat all the verses of its chapters, and rightly determine the proper place and extent of every verse; and who could judge as to the correctness of its every word, as regards the spelling, the vowel point, and the accent. And all such guardians of our holy Koran will be found supported by a connected chain of proof terminating in our Prophet. Thus it is quite apparent hat when such means are secured to us

قلمي نسخے پائے جاتے هیں ' وہ بهي اس سے خالي نهیں هیں ' مگر اتنا فرق هے که کاتبونکي غلطي سے همارے قران مجید کو کچهه نقصان نهیں پونچها ' اور نه پونچهه سکتا هے ' کیونکه هم مسلمان صرف تحریر پر بهروسا نهیں کرتے ' بلکه روز نزول قران مجید سے اجتک جو سینه بسینه بسند متصل حفظ چلا آتا هے ' اوسپر اعتماد کرتے هیں بس اگر کسي قلمي نسخه میں کوئي غلطي یا اختلاف نکلے ' اسي وقت اصلي اور غلط لفظ میں اسطرح پر تمیز هو جاتي هے ' جس میں کسیطرح کا شبهه نهیں رهتا یہاں تک که اگر اسوقت تمام زمانے میں سے قران مجید کے قلمي اور چهاپه کے نسخے معدوم هو جاویں ' تو همکو قران مجید کے موجود کرنے کے لیئے کبهي نسخه کي حاجت نهیں هے کیونکه هر ایک شهر اور قصبه میں ایسے بہت آدمي نکلیںگے ' جنکو تمام قران مجید من اوله الی آخره بقید آیت اور لفظ اور اعراب اور قرات کے یاد هو گا ' اور هر ایک کے پاس اپنے سے جناب پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم تک سند متصل موجود هو گي جس کے سبب کسیطرح اسکي صحت پر اور اسبات پر که در حقیقت وهي بعینه اور بلفظه نازل هوا ' کسیطرح کا شبهه نهیں هو سکتا *

for determining the strict accuracy of every passage of our holy Koran, no difficulty can arise on this point.

Having thus referred to the causes of the various readings of the Scripture manuscripts, let us now proceed to investigate how they could be determined. The Christian doctors have greatly laboured to reconcile the manuscripts of the Scriptures with their autographs, and the methods pursued by them in so doing, are six in number viz.;—

1. Manuscripts.
2. The most ancient and best editions.
3. Ancient versions.
4. Parallel Passages.
5. Quotations from the Fathers.
6. Conjectural Criticism.

1. The Christian doctors have admitted those manuscripts to be authentic and trustworthy, which have been under the guardianship of the Jewish, Samaritan, and Christian Churches, although they contain those errors which have crept in from whatever cause.

They have preferred the authority of one single authentic manuscript to that of several; for a single such manuscript may contain many such correct readings that were not to be found in many manuscripts put together. Hence the quality and antiquity of manuscripts are rather to be considered than their number.

بهر حال جبکہ همکوقلمي نسخوں کے اختلاف کے اسباب معلوم هوگئے تو اب اسبات پر غور کرنا چاهیئے کہ آنکي صحت کس طرح پر ممکن تهي علماء مسیحي نے ان کتابوں کو اصلي نسخہ کے مطابق صحیح کرنے پر بہت کوشش کي هے اور چهہ اصول قرار دیئے هیں ' جنسے آنهوں نے قلمي نسخوں کو حتي الوسع صحیح دیا هے *

اول قلمي نسخے *

دویم نهایت قدیم اور نهایت عمدہ اڈشنز (یعني چهپے هوئے نسخے *

سویم قدیمي ترجمے *

چهارم یکساں مقامات *

پنجم اگلے مصنفوں کي کتابیں جنمیں کتب مقدسہ کے فقروں کي نقلیں هیں *

ششم قیاسي اصلاح *

۱ علماء مسیحي نے آن قلمي نسخوں کو جو یہودي اور سمارتیں اور عیسائي گرجوں کي نگهباني میں تهے ' بہت معتبر سمجها هے ' باوجود اسبات کے کہ آن میں بهي کسي سبب سے جو غلطیاں داخل هوگئي تهیں وہ آن میں موجود هیں *

علاوہ اِسکے عیسائي علمانے ایک هي معتبر صحیح نسخہ کي سند کو کئي نسخوں کي سند سے ترجیح دي هے ' اور نسخوں کي عمدگي اور خوبي اور قدامت پر زیادہ خیال کیا هے ' نہ آسکي تعداد پر ' کیونکہ جو اچها ایک نسخہ هے ممکن هے کہ آس میں صحیح عبارت هو

اور بہت سے نسخوں میں نہو *

Those manuscripts are accounted the best, which are most agreeable to those used by the ancient interpreters.

جو قلمی نسخے اُن نسخوں سے مطابقت رکھتے ھیں جنکو قدیم مترجموں نے استعمال کیا تھا ، اُن پر زیادہ بھروسا کیا ہے *

The lately written manuscripts are not always to be regaded as unreliable, for it is possible that such a manuscript should have been copied from a correct authentic manuscript.

نئے لکھے ہوئے نسخوں کو بھی عموما نا معتمد نہیں ٹھہرایا ، کیونکہ ممکن ھے کہ شاید وہ نسخہ کسی عمدہ اور قدیم نسخے سے نقل کیا گیا ہو *

An accurate manuscript is preferable to one that is negligently written.

ایک اچھے لکھے ہوئے نسخہ کو برے لکھے ہوئے نسخہ سے ترجیح دی ھے *

When a word is seen erased in some manuscript, and another was substituted, the substituted one is not generally preferred, but whichever of the two seems best to suit the subject, is chosen.

جن قلمی نسخوں میں کوئی لفظ مٹاکر دوسرا لفظ لکھدیا تھا ، عموما اس دوسرے لفظ کو صحیح تصور نہیں کیا ، بلکہ دونوں میں سے جونسا اچھا معلوم ہوا اُسکو پسند کیا ھے *

2. The various readings to be found in the printed editions of the books of the Bible are not to be neglected; they are to be carefully attended to.

٢ چھپے ہوئے نسخونمیں جو اختلاف عبارت ہے ، اُس سے بھی غفلت نہیں کی گئی ، مناسب طرح سے اُسپر بھی لحاظ کیا گیا ھے *

3. Ancient versions, though not free from errors, may be consulted with great advantage in determining the correct reading.

٣ قدیمی ترجمے اگرچہ غلطیوں سے آزاد نہیں ھیں ، مگر اُن سے صحیح اور اعلی عبارت کے تمیز کرنے میں نہایت مدد لی ہے *

4. When a reading is dubious, or lost, and all the means of determining or restoring it fail, parallel passages are then of great help; for instance, if a reading is doubted in a passage, and the same has occurred somewhere else, then if these both agree with each other, the reading formerly doubted is considered correct.

٤ جب کوئی عبارت مشکوک ہو ، یا کچھہ کم ہو گئی ہو ، اور تمام طریقہ تصحیح کے اُسکی صحت سے قاصر ہوں ، اُسوقت مساوی مقامات سے مدد لی گئی ہے ، مثلا ایک مقام کی عبارت کی صحت پر شبہہ ہے ، اور وہی مضمون دوسری جگہہ بھی ایا ہے ، تو اُسکی مطابقت سے مشتبہ عبارت کی صحت کی گئی ہے *

5. **Quotations from the Old and New Testament in the writings of the Fathers shew what were the readings of their day, and are thus serviceable in the determination of various readings by a collation of them. But in doing so, the use of such editions is recommended as are in Greek; the more ancient they are, the more trustworthy they are considered.**

٥ عہد عتیق اور عہد جدید کے فقرے اگلے مصنفوں کي کتابوں میں پائے جاتے ہیں، اُن سے معلوم ہوتا ہے، کہ اُس زمانہ میں کیا عبارت مستعمل تھي اُن کے مقابلہ سے بہوي عبارت مختلف کي تصحیح کي گئي ہے، مگر اسکام کے لیئے وہ کتابیں جو یوناني زبان میں تصنیف ہوئي ہیں معتبر ٹہرائي ہیں، اور جسقدر پراني تصنیف ہو اُسیقدر زیادہ متعبر ہے*

6. In the application of critical conjectures to the decision of various readings the Christian divines have acted with great care and precaution: they assert that the conjectural critism of an interested party in his own case, is little better than subornation of testimony in a court of law; and consequently they have carefully and sparingly presumed to make use of this means of emendation.

٦ قیاسي اصلاح میں علماء مسیحي نے بہت احتیاط کي ہے، اور نہایت غور سے اُسکو استعمال کیا ہے، وہ کہتے ہیں " کہ ایک صاحب غرض کي قیاسي اصلاح اپنے ہي مقدمہ میں، اور برخلاف مستحکم شہادت کے ایسے گناہ سے کچہہ ہي کم ہے جو گناہ آئیں کي عدالت میں جہوٹي شہادت بنانے میں ہوتا ہے " اس سبب سے قیاسي اصلاح میں نہایت تامل سے دلیري کي گئي ہے*

However, conjectural readings, strongly supported by the sense, connexion, the nature of language, or similar texts, may sometimes be probable, especially when it can be shown that they would easily have given occasion to the present reading; but the conjectural readings which do not suit the subject, are contrary to the rules prescribed, or unauthorized or unsupported, are to be rejected.

مگر بعضي دفعہ ایسي قیاسي سي عبارتیں جو ازروے مراد یا ازروے تسلسل مضموں یا محاورہ زبان یا مشابہت نسخوں کے مستحکم ہونے میں غلبہ دي گئي ہیں، خصوصا اُسوقت جبکہ یہہ بات ثابت ہو کہ اُنکا ہونا ضرور چاہیئے تہا، اور جو عبارتیں اِسکے برخلاف، یا ازروے عقاید مستعملہ کے نا جایز یا بے سند ہوتي تہیں، اونکو نہیں مانا جاتا تہا*

"No one" "says Mr. Horne" should attempt this kind of emendation who is not most deeply skilled in the sacred languages; nor should critical conjectures ever be admitted into the text, for we never can be certain of the truth of

ہارنصاحب لکہتے ہیں، کہ کسي شخصکو جو زبانہائے اقدس میں نہایت خوب واقف نہو نہ اس قسم کي اصلاحکا قصد کرنا چاہیے، اور نہ قیاسي اصلاح کو متن میں شامل کرنا چاہیے، کسواسطے کہ قیاسي

merely conjectural readings. Were these indeed to be admitted into the text, the utmost confusion and uncertainty would necessarily be created. The diligence and industry of the Masorites are in this respect worthy of our imitation: they invariably inserted their conjectures in the margin of their manuscripts, but most religiously abstained from altering the text according to their hypotheses: and it is to be regretted that their example has not been followed by some modern translators of the Old and New Testament (and especially of the latter) who, in order to support doctrines which have no foundation whatever in the sacred text, have not hesitated to intrude their conjectures into the text. This is particularly the case with Greek and English New Testaments, edited by Dr. Macey, whose bold and unhallowed emendations were exposed by Dr. Twells, and also with the editors of the (Socinian) Improved Version of the New Testament, whose conjectures and erroneous criticism, and interpolations have been most ably exposed by the Revd. Dr. Nares, and Laurence, the Quarterly and Eclectic Reviewers, and other eminent critics.

عبارت کي صداقت هرگز همکو تحقيق نهين هے ' بلاشبهه اگر اِن قياسي اصلاحون کو متن مين داخل کيا جاوے توبالضرور نهايت پريشاني اور ناتحقيقي هو گي ' اس مقدمه مين مسورا کے قاعده کے بموجب ترجمه لکهنے والون کي محنت اور ادب اس لايق هے ' که هم اُنکي نقل کرين ' وه لوگ هميشه اپنے قلمي نسخون کے حاشيه پر اپنے خيالات يا قياسي اصلاحونکو لکهتے هين ' مگر نهايت مذهبي طور سے متن کو اپنے خيالات کے بموجب تبديل کرنے سے پرهيز کرتے تهے ' اور يهه بات جاے تاسف هے ' که اُن کے طريق کي عهد عتيق اور عهد جديد کے مترجمون علي الخصوص عهد جديد کے زمانه حال کے مترجمون نے ' پيروي نهين کي ' ان لوگون نے اُن مطالب کو جو تحريرهاے اقدس مين کچهه بنياد نهين رکهتے هين ' مستحکم کرنيکے ليئے اپنے خيالات کو متن مين داخل کرنے مين تامل نهين کيا هے ' بالتخصيص يهه حال يوناني اور انگريزي عهد جديد کے اُس نسخه کا هے ' جسکو ڈاکٹر ميسي صاحب نے چهپوايا ' اور اُسکي گستاخ اور ناپاک اصلاحون کو ڈاکٹر توولز صاحب نے گرفت کرکر ملزم کيا ' اور نيز عهد جديد کے ترقي شده ترجمه سوشي کي متن کے چهاپنے والونکا بهي يهي حال هے ' جنکے خيالات اور غلط اصلاحون اور ترجمون کو ' نيرز صاحب اور لارنس صاحب نے جو مذهب کي هر سه ماهي کے امورات پر نظر ثاني کرنے والے هين ' اور اور مشهور نکته چينون نے گرفت کرکر الزام ديا هے *

Taking into consideration all the foregoing points connected with the Scriptures it must now be clear, that the Scriptures had become corrupted by various readings from the multiplicity of copies transcribed; and that the Christian doctors have, as faithfully as they could, endeavoured to remove those differences, and to restore the text in conformity with the originals of the sacred writers in the best way they could. For the attainment of this object they collected numerous ancient manuscripts and carefully examined and collated them with each other; and they corrected whatever errors and differences they found among them, and strove to harmonize to the utmost of their ability, one copy with another in accordance with the rules which have been already mentioned. But notwithstanding all their anxious and laborious efforts to reform and purify from errors the Scriptures, we Mohomedans hold it to be porbable, that there may still be some passages that may not correspond with the autographs or original manuscripts written by the Apostles themselves: because as the transcribers were not supernaturally gifted at the time of copying the manuscripts, and consequently failed to make strictly correct counterparts, so also those who made the subsequent emendations, and who were equally without Divine guidance in the matter, cannot be supposed to have done their work so perfectly as to be altogether faultless; for it is to be observed that the readings which they preferred after comparing various copies might not after all have

ان تمام حالات کے دریافت هونیکے بعد یهه بات قابل تسلیم هے ' که کتابهائے اقدس کے نسخے بسبب کثرت سے نقل هونیکے نهایت مختلف هوگئے تهے ' اور اُن کے صحیح کرنے پر علماء مسیحي نے نیک نیتي سے نهایت درجه پر سعي وکوشش کي ' اور جهاں تک هوسکا ' اور جهاں تک نیک نیتي سے اُنکي سمجهه میں آیا ' اُنهوں نے اُنکو صحیح کیا ' اور یهه بات چاهي که مطابق اصل کے هو جاویں ' چنانچه اسي ارادے سے علماء مسیحي نے کتب مقدسه کے بهت سے نسخے جمع کیئے اور اُن کا مقابله کیا ' اور جسقدر غلطیاں یا اختلاف عبارت اُن میں نکلے اُنکو بموجب اونهي قواعد کے جو همنے ابهي بیان کیئے صحیح کیا ' باایں همه هم مسلمانوں کے نزدیک اب بهي اسبات کا امکان باقي هے که باوجود اسطرح پر مقابله اور تصحیح کے اب بهي ایسے مقامات هوں ' که اُن اصلي نسخوں سے جنکو الهامي لکهنے والوں نے لکها تها مطابقت نرکهتے هوں ' کیونکه جسطرح نقل کرنے والے غلطي میں پڑنے سے خدا کیطرف سے بچائي نهیں گئي تهي ' اسیطرح صحیح کرنے والے بهي خدا کي طرف سے غلطي میں پڑنے سے محفوظ نه تهے ' پس یقین نهیں کیا جاسکتا ' که اُنهوں نے کاملیت کے ساتهه سب کو صحیح کیا ' کیونکه یهه بات غور کرنے کي هے ' که جن قلمي نسخوں یا چهپے هوئے نسخوں سے مقابله کرکر جو عبارت اُنهوں نے اختیار کي هے ' وه عبارت اصل نسخه کي جسکو الهامي لکهنے والوں نے لکها تها نهو ' بلکه جو عبارت اختیار نهیں کي وه عبارت اُس اصلي نسخه کي

conveyed the true sense of a doubtful passage; while on the other hand, that which they rejected as being spurious according to their judgment, might in fact have been the correct reading; and again the Parallel Passages, by which they collated readings, might not correspond in reality. The Quotations from the Fathers by which they also tested the different readings, cannot be relied upon, because the same difficulties present themselves in deciding upon the genuineness of the works of the Fathers, as those which occur in deciding that of the Scriptures; and suppose those works were allowed to be genuine, still the quotations which they make may not be faithful or corresponding with the autographs of the inspired writers. Further the conjectural criticism which the Christian doctors also used in correcting manuscripts, can never be admitted to have been exercised in such a way as to be in exact concord with the meaning of the inspired writers, despite all the care and judgment bestowed upon the work. Moreover, it was a very difficult task to determine the exact original where comments or marginal notes had been inserted in the text, where something of the text was omitted, or where the copyist had erroneously added something to the text.

By all these arguments we Mohomedans may, without reproach, infer that the Scriptures still contain some passages which may possibly be at variance

هو ' یا یکساں مقامات کے مقابلہ سے جو عبارت صحیح کي هے وهاں ویسي یکساں عبارت نہو جسطرح پر صحیح کي هے ' اگلے مصنفوں کي کتابوں میں کتب مقدسہ کے جو فقرات منقول هیں ' اور اُن سے بھي علماء نے مختلف عبارتوں کي تصحیح کي هے ' اُنکي صحت پربھي یقین نہیں هوسکتا ' اول تو اُس کتاب کي صحت پر جسمیں وہ فقرات منقول هیں وهي مشکلیں پیش اتي هیں جو کتب مقدسہ کے قلمي نسخونکي صحت میں پیش آتي هیں ' اوراگر هم یہہ تسلیم بھي کرلیں ' کہ وہ کتاب اُس مصنف کي اُسي اصلي نسخہ کے لفظ بلفظ مطابق هے ' جسکو اُسنے لکھا تھا ' توپھر هم کسیطرح یہہ یقین نہیں کرسکتے ' کہ جو فقرہ کتب مقدسہ کا اُس میں منقول هے ' وہ ایسے هي نسخہ سے نقل هوا هے ' جو بالکل الهامي لکھنے والوں کے نسخہ سے مطابق تھا ' قیاسي اصلاح علماء عیسائي کي گو وہ کیسي هي هوشیاري اور احتیاط سے کي گئي هو ' کسیطرح یقین نہیں دلاتي ' کہ وہ بالکل الهامي لکھنے والوں کے نسخہ سے مطابق هوگئي ' جن قلمي نسخوں میں حاشیہ اورشرح کي عبارت متن میں شامل هو گئي هے ' یا جنمیں سے اصل متن کي عبارت لکھنے سے رہ گئي ' یا جنمیں ناقلوں نے غلفت سے کچھہ گھٹا یا بڑھا دیا ' اُن میں تمیز کرنا نہایت مشکل کام هے *

اِن وجوهات سے هم مسلمان نتیجہ نکالتے هیں کہ ممکن هے کہ اب بھي کتابهاے اقدس میں ایسے مقام هوں جو اصلي نسخوں سے ' جنکو الهامي لکھنے والوں نے

in meaning, with the corresponding passages in the originals.

It must not however be supposed from what is said above, that we question the general harmony and conformity of the Bible with the autographs. On the contrary, we believe that it has been revised and corrected with as much conscientious care and patient industry as could possibly have been brought to bear on this most important task, but we may, at the same time, be permitted to assert that there are still some passages in it, that are not in exact agreement with their originals; and that there are also some passages in it, the fidelity of which to corresponding passages in the autographs is to this day a debated and doubtful question. Further, there may still be other such passages, of which no notice has hitherto reached us. I think that our views regarding these points cannot fairly be objected to by the Christians; nay, Christian commentators themselves hold the same opinion with us Mohomedans respecting them, as I hope to prove to the reader's satisfaction in the body of my commentary on the holy Bible at proper places.

لکھا تھا مطابقت نرکھتے هوں *

همارے اس گفتگو کا یهه مطلب نهیں هے ' که هم تمام بیبل پر اسبات کا شبهه رکھتے هیں ' که وه اصلي نسخوں سے جنکو الهامي لکھنے والوں نے لکھا تھا مطابقت نهیں رکھتي بلکه هم یقین کرتے هیں ' که جهاں تک هوسکا یهه کتابیں نیک نیتي سے اصلي نسخوں سے مطابق کرنے کے لیئے صحیح کي گئیں ' الا چند مقام اب بهي ایسے هیں ' جو بلاشبهه اصلي نسخوں کے مطابق نهیں هوے ' اور بعض ایسے هیں جو اب تک مشتبهه هیں اور ممکن هے که کوئي اور ایسے هي مقام هوں جنکي اطلاع ابتک همکو نهو میں سمجهتا هوں که اس باب میں هم مسلمانوں اور عیسائیوں میں کچهه اختلاف نهیں هے ' بلکه تمام محققین علماء عیسائي کي یهي راے هے جو هم مسلمانوں کي هے ' چنانچه اسکا بیان آینده تفسیر میں اپنے اپنے مناسب مقام پر اویگا *

From the foregoing views respecting the Scriptures we Mohomedans are under the necessity of pondering deeply and anxiously, in order to draw true and real illumination from their pages; and I now proceed to make allusion to those rules, by which we are guided in attaining to that light; they are briefly comprehended under the two following classes :—

بلحاظ ان حالات کے همکو اسبات کي ضرورت پیش آئي هے ' که ان پاک کتابوں سے اصلي اور سچي روشني حاصل کرنیکو زیاده تر دقیقه رس فکر کو کام میں لاویں چنانچه هم وه قواعد اور اصول بیان کریں ' جنکے روسے هم مسلمان ان پاک کتابوں سے ایسي روشني حاصل کرتے هیں ' اور وه قواعد دو چیزوں سے علاقه رکھتے هیں *

Firstly. Such as pertain to an inquiry after the genuineness of the *words* of Scriptnre, in order to find out the original words used by the inspired writers.

اول اِن پاک کتابوں کے صحت الفاظ سے ' تاکہ ہمکو وہ اصلی الفاظ ہاتھہ آویں جو الہامی لکھنے والوں نے لکھے تھے *

Secondly. Such as relate to the use of a correct interpretation of the *sense* of those words, in order to attain to the meaning intended by the inspired writers.

دویم اُن الفاظ کے معنی اور مراد سے تاکہ ہمکو معلوم ہو کہ الہامی لکھنے والوں نے کس معنی میں اور کس مراد میں ' اُن الفاظ کو استعمال کیا تھا *

For the attainment of the former object we apply these two rules.—

پہلا مطلب حاصل ہونے کے لیئے صرف دو اصول ہیں *

1. Collate the ancient editions as carefully as is possible in the same manner as the Christian divines have done. But there is a little difference between our manner of doing so and theirs. The difference being this, that on meeting with two various readings the Christians are disposed to consider that one to be true and right, which is most conformable to their acknowledged faith; while, on the contrary, we Mohomedans, when deciding upon this point, do not apply to it the test of the principles of our faith, or of those of the opposite party; but out of the two various readings we hold that one to be authentic, which has proved to be so after a deep and diligent examination; and by it we abide.—

اول مقابلہ کرنا اِن کتابوں کا جہاں تک ممکن ہو پرانے اور صحیح نسخوں سے ' جیسا کہ علماء عیسائی نے کیا ' مگر اُن کے طریقہ میں اور ہمارے طریقہ میں تھوڑا سا اختلاف ہے ' اور وہ یہہ ہے کہ علماء عیسائی نے بعض مقامات میں اُن اختلافات کو ترجیح دی ہے ' جنسے اُن کے عقاید مسلمہ کی تائید ہوتی تھی ہم مسلمانوں کا طریقہ یہہ نہیں ہے ' بلکہ ہم صحت عبارت کے وقت مطلق اسباتکا خیال نہیں کرتے ' کہ ہمارے یا دوسرے شخص کے عقاید مسلمہ کیا ہیں ' بلکہ ہم دو مختلف عبارتوں میں سے اُس عبارتکو اصلی قرار دیتے ہیں ' جو ایک پر غور امتحان پر ہمکو اصلی ثابت ہووے ' اور پھر اُسکے بموجب جو اعتقاد برامد ہو اُسکو اختیار کرتے ہیں *

2. Stndy the Bible as a whole, and thus try to discover its general aim and purport. When there are two rival readings, that one which corresponds best with the obvious tendency of the rest of the Bible must be the correct one.

دویم ہم تمام بیبل پر خیال کرتے ہیں کہ اُس سے عام نصیحت اور عام ہدایت کیا نکلتی ہے ' اور عبارت مختلفہ میں سے جون سی عبارت ' اُس عام نصیحت اور عام ہدایت کے مطابق ہوتی ہے ' اُسکو ہم ترجیح دیتے ہیں *

For the attainment of the latter object, or for correctly interpreting the sense of the words of Scripture, our fundamental principle is that the purport of all the Scriptures is the same, and differs in no respects whatever; we therefore adopt such of the several meanings of words, as seem most consistent with the general connected scope and design of holy writ; and not such meanings as would convey a sense different from, or inconsistent with that general scope and design.

Accordingly when a verse is met with, the words of which convey a meaning inconsistent with common and connected purport of the whole Bible, we proceed first to inquire into the authenticity of those words, and if unsuccessful in this, we then take them in the sense most consistent with the tendency of the whole Bible; and, again, if such a sense cannot be deduced from the passage in question, we are in that case to designate the verse a doubtful verse, as it does not agree with the general spirit of the inspired writers; but we do not, for a moment, imagine that the reputation of the sacred writers is by any means damaged by this circumstance. If there be any one to affirm in our opposition to our views, that such a verse is not different from what it ought to be, the *onus probandi* will of course rest with him, and he will be expected to prove his assertion, that the disputed passage presents itself to us in precisely the same form in which it was constructed by the inspired penman himself. Next as regards the interpretation

دوسرا مطلب حاصل کرنیکو همارا اصول یهه هے که هم اسبات کا یقین کرتے هیں ' که تمام بیبل کے مطالب متحد هیں ' اور آن میں کسیطرح کا اختلاف نهیں ' اسلیئے هرایک لفظ اور هرایک عبارت کے وه معنے اختیار کرتے هیں ' اور ایسي مراد لیتے هیں جس سے بیبل کي کسي نصیحت اور هدایت میں اختلاف واقع نهو ' اور ایسے معنی اور مراد هم هرگز اختیار نهیں کرتے جس سے بیبل کي هدایتیں مختلف هوجاویں *

اس پچھلے قاعده کے لیئے همارے هاں یهه قرار پایا هے ' که اگر کوئي ورس عهد عتیق یا عهد جدید کا ایسا هم پاویں ' جسکے ایسے الفاظ هوں که اُن سے برخلاف اُس عام هدایت کے جو اور مقاموں میں سے پائي جاتي هے کوئي هدایت نکلے ' تو اول هم اُس ورس کي صحت الفاظ پر متوجه هوتے هیں ' اور جب هم اُس سے کسیطرح مجبور هو جاتے هیں ' تو معاني کیطرف متوجه هوتے هیں ' اور وه معني اختیار کرتے هیں ' جنسے بیبل کے مطالب اهم میں اختلاف واقع نهو ' اور جب اس سے بھي مجبور هو جاتے هیں ' تو اُس ورس کو مشتبهه قرار دیتے هیں ' اور خیال کرتے هیں که اُسکي صحت همکو مطابق اصلي عبارت الهامي لکھنے والوں کے حاصل نهیں هوئي ' مگر کسیطرح الهامي لکھنے والوں پر بد ظني کا گمان نهیں کرتے ' اور جو شخص که اُس ورس کے صحیح اور اصلي هونیکا دعویدار هوتا هے ' اُس سے هم ثبوت اسبات کا چاهتے هیں ' که اُس ورس کے الفاظ درحقیقت اُنهي الفاظ کے مطابق

of the sense of words, we adopt, in the spirit of the rule above given, that meaning of a word, which is most in consonance with the connected purport of the Bible; and were any one to assert that that identical word is used in some parts of the Bible, in a sense different from what it should be according to the connected purport of the Bible, we should then require him to demonstrate, that the meaning of the word which he thus adopts contrary to the general scope and purpose of the whole Bible, was really used by the inspired writers in different senses at different places.

هیں ' جو الہامي لکھنے والوں نے لکھے تھے *
الفاظ کے معني اور مراد سمجھنے میں یہي همارا بھي قاعدہ ہے ' کہ هر لفظ کے وهي معني اختیار کرتے هیں جو عام مطالب بیبل سے مطابقت رکھتے هیں اور اگر کوئي شخص اُن الفاظ کے ایسے معني بیان کرتا ہے ' جو بیبل کے اور مقاموں میں مستعمل نہیں هوئے ' تو اُس سے اسبات کا ثبوت چاهتے هیں ' کہ الہامي لکھنے والوں نے اُسکے وہ معني قرار دیئے تھے *

Besides, if an historical narrative or any epistle of a nature not directly connected with the important purport of the Bible, be found variously related in the different books of Scripture, we should endeavour to ascertain the cause of the discrepancy, and we believe that, if the cause were traced out, the discrepancy itself would be immediately removed; but if we could not find out the cause, or if we were fully convinced of such accounts being in reality different from one another, we should then conclude, either that the copyist was guilty of the error, or that the emendator had failed to correct it: it will then follow that one of those different accounts of the same fact, may be correct; and yet no blame will be reflected upon the inspired historian himself.

علاوہ اسکے کتب مقدسہ میں کسي ایسي قسم کا اختلاف هم پاتے هیں ' جو تاریخ سے متعلق هے یا جسکے لیئے کوئي عام مراد کتب مقدسہ میں نہیں هے ' اگر همکو کچھہ اختلاف نظر پڑتا هے ' تو اول توهم اُس اختلاف کي وجھہ دریافت کرنے پر متوجہہ هوتے هیں ' اور یہہ سمجھتے هیں کہ اگر اسکي اصلي وجھہ معلوم هو جاوے ' تو غالباً یہہ اختلاف نرهے ' اور جب کوئي وجہہ نہیں معلوم هوتي ' یا یقیناً اُسکا مختلف هونا پایا جاتا هے ' تو هم یقین کرتے هیں کہ اُن دونوں مقاموں میں سے کسي مقام میں نقل کرنے والے یا اصلاح کرنے والے نے غلطي کي هے ' اُن دونوں میں سے ایک صحیح هو گا اور ایک غلط هو گا مگر اصل الہامي لکھنے والوں پر هم کسیطرح کا شبہہ نہیں کرتے *

Some Christian divines state that although numerous errors and various readings were found in the Scriptures on

بعض علماء مسیحي یہہ بیان کرتے هیں کہ اگرچہ عهد عتیق اور عهد جدید کے قلمي نسخوں میں مقابلے کے وقت بہت

سي غلطياں اور بہت سے اختلاف عبارت نکلے ' مگر تاهم کوئي بات ايسي نہيں نکلي جو عمده عقايد ايمانيه کے برخلاف هو *

collating and examining different copies of them, yet no discrepancy with respect to important points of faith was ever found.

*

اگرچه بعض لوگ اس پر تکرار کرتے هيں ' اور يهه کہتے هيں که يهه بات قابل تسليم کے نہيں هے ' کيونکه هر شخص جانتا هے ' که اگر کسي کلام ميں سے کوئي لفظ اولٹ پلٹ هو جاوے ' يا تراکيب نحويه اور قواعد صرفيه ميں جو کسي مطلب پر دلالت کرتے هيں تفاوت هو جاوے ' يا کوئي قيد بڑه جاوے يا کم هو جاوے يا کسي لفظ ميں تغير هو جاوے تو معاني اور مراد ميں نہايت تفاوت آجاتا هے ' يہاں تک که بعضي دفعه وصل اور فصل کے تبديل هونے سے ' اور بعضي دفعه حروف روابط کے بدل جانے سے معاني اور مراد ميں تغير آجاتا هے مثلا اگر بجاے اس لفظ کے که (خدا ميں هے) کہا جاوے که (خدا سے هے) تو باوصف بدلنے ايک خفيف حرف کے تغير عظيم معاني اور اعتقاد ميں هو جاتا هے ' پهر کيونکر تسليم کيا جاسکتا هے ' که باوجود نکلنے بہت سي غلطيوں اور اختلاف عبارتوں کے ' اُن سے عقايد ايمانيه ميں کچهه اختلاف نہيں آتا تها ' علي الخصوص ايسي صورت ميں که هم ديکهتے هيں که بعضے عيسائي فرقه (جيسے ابي اونيٹز) اسي قسم کے اختلاف کے سبب بالکليه عقايد ايمانيه ميں اور عيسائي فرقوں سے مختلف هيں *

However this has not been so accepted by some persons. These persons argue that if the words of a clause or passage are inverted, if the grammatical construction of a sentence be faulty,--if the restriction of words in a sentence be not duly attended to,--or if certain words be transposed, the real sense of such a passage or clause will then be changed. Again, they say that even the misapplication of a preposition, or error of punctuation alters the real sense of a sentence. Thus if instead of the sentence "This is in God" be substituted "This is from God," by even so slight a change, a very different sense will be conveyed and thus considerable influence be exercised on the principles of faith. Hence, when such is the case, even with so slight an alteration, how much more serious an aspect does the matter assume when the numerous errors and various readings of the Scriptures, are considered; and hence it is maintained that the numerous errors and various readings in the Scriptures may produce alterations in the real principles and articles of faith, and that from these alterations have arisen some distinct Christian sects, such as the Ebionites.

But while we find by all the present Scriptures in our possession, that all the principles and articles of faith, (the deliverance of which to us commenced with Moses and was continued by the succeeding prophets till the time of our prophet) tend to the same object, and differ no way from one another, we should abstain from entering upon this useless discussion.

مگر میري راے یهه ہے ' که جب هم خود انہي کتب موجودہ میں عقاید ایمانیه کو حضرت موسیٰ سے لیکر خاتم النبیین صلواۃالله علیهم اجمعین تک متحد پاتے هیں ' تو همکو اس فضول بحث اور تکرار میں پڑنے سے کیا فایدہ ہے *

NINTH DISCOURSE.

ان کتابوں کے ترجموں کي نسبت مسلمانوں کا کيا اعتقاد هے

WHAT belief have Mohomedans in the versions of these books?

To turn what is written in one language into another is a most difficult task. Plain subjects in one language may, indeed, be exactly translated; but it is almost impossible that the complicated and subtle doctrines of divinity, and articles of faith should be rendered so as to retain the same degree of elegance and fidelity as in the original tongue; for, such articles of faith cannot be clearly apprehended and understood merely from their simple and literal translation; to be fully comprehended they require attention to be paid to the substance of words, to etymology and to the peculiarities of the grammar of that language, in which they are written. To convey all these important points in a translation from one language into another, is an impossible task.

جاننا چاهيئے که ايک زبان کا ترجمه دوسري زبان ميں درحقيقت ايک نهايت مشکل کام هے ' سيدها سيدها مطلب البته ترجمه ميں ادا هوجاتا هے ' مگر ايسا ترجمه جس سے دقيق دقيق مذهبي مسايل جو نهايت باريک هيں ' اور اعتقاديات اور الهيات سے متعلق هيں ۰ اُس سے اسيطرح پرنکليں جسطرح اصل کتاب سے نکلتے تهے غير ممکن هے ۰ کيونکه اِس قسم کے مسايل صرف صحيح ترجمه هي سے نهيں نکالے جاتے ' بلکه ماده لفظ اور طريقه اشتقاق اور ترکيب نحويه جو مخصوص اُس زبان کي هے اُن سب سے ملکر نکلتے هيں ' اور يهه باتيں سب کي سب اُسيطرح جسطرح اصل ميں هيں ترجمه ميں ادا هوني غير ممکن هيں *

It is frequently the case that a word or phrase of one language conveys several meanings, and that another language does not possess its eqivalent.— In such a case the translator is reduced to the necessity of rendering such passages so as to convey only one meaning out of the several derivable from the translated phrase, or he may adopt a sense thereto which may be in accordance with the principles of his own faith; and by thus translating a

اکثر ايسا اتفاق هوتا هے ۰ که ايک لفظ يا ايک فقره کئي معني رکهتا هے ' اور اُسکے مقابله ميں دوسري زبان کا ايسا لفظ نهيں هوتا جس سے وه سب معني حاصل هوں اسليئے مترجم بمجبوري يا تو اُسکا ترجمه کسي ايک پهلو پر کرتا هے يا صرف بموجب اپني راے اور اپنے اعتقاد اور اپنے مسلمات کے اُسکا ترجمه کرديتا هے جو درحقيقت کلام الهي کي وسعت کو نا واجب تنگي ميں ڈالتا هے ' کيونکه

difficult sentence or phrase, he necessarily contracts the sense of the words of God within unlawful limits, because unless the words of God are expressly restricted to a certain definite and indisputable signification by the power of inspiration or under divine guidance, every person has a right to take into consideration all the different meanings, of which a passage may be susceptible; in order that he may judge for himself, and so abide by that one which may seem to him most correct and right.

هر شخص يهه حق رکهتا هے ' که جبتک بذريعه الهام کے کوئي خاص معني کسي کلام الهي کے مقرر نهوئے هوں اُسوقت تک کلام الهي سے حسقدر مطالب نکلتے هوں اُنسبکو سمجهے اور سب پر غور کرے اور جو مطلب حق اور صحيح ثابت هو اُسکو اختيار کرے *

Hence the translator who has rendered a dubious word or phrase in a style conformable to the rules of his faith, has usurped an unlawful power, especially when the principles of his professed faith are founded on error. From these circumstances it is held in our religion to be essentially necessary, to become conversant with the original language, in which the inspired writers have written their books; for, until we acquire this knowledge we cannot implicitly put our trust in the articles of faith advocated and recommended in the translated versions of those books. A great error was committed even by such eminent translators as Aquila, Theodotian, and Symmachus, namely in the book of Isaiah ch. 7 v. 14., the Hebrew word 'alma' meaning *virgin*, was translated by them into the word *maid*. Our religion therefore cautions us not hastily either to accept any versions of Scripture as right, nor to reject them as wrong, unless we are positively assured of the fact;

پس جبکه مترجم نے اُس کلام الهي کو جس ميں متعدد پهلو تهے ايک پهلو پر جو اُسکے اعتقاد کے مطابق تها ترجمه کرديا تو اُسنے ايک عام حق تلفي کي خصوصا اُس صورت ميں جبکه اُسکا اعتقاد جسکے بموجب اُسنے ترجمه کيا درحقيقت غلط هو ان وجوهات سے هم مسلمانوں کے هاں ضرور ترهے ' که جس زبان ميں مذهب کي اصلي کتابيں هوں اُس زبان سے واقف هونا چاهيئے اور جب تک اصل زبان سے واقفيت نهو صرف ترجمه پر اعتقاديات ميں اعتماد نهيں هوسکتا ديکهو کيسي غلطي کي کتنے بڑے مترجم ايکويلا اور تهيودوشن اور سيميکس نے که کتاب اشعياه باب ۷ ورس ۱۴ ميں جو علمه کا لفظ عبري زبانکا تها اُسکا ترجمه بجائے کنواري کے جوان عورت کرديا ' اسليئے همارے مذهب ميں يهه حکم هے ' که جب تک بخوبي صحت نهو جاوے اُسوقت تک ترجموں کي نه تصديق کرني چاهيئے اور نه تکذيب کرني چاهيئے بلکه يهه کهنا چاهيئے که جو کچهه

خـــدا نے اوتارا ہے اسپر ہم ایمان رکھتے ہیں *

but we may be allowed to assert that we are ready in all circumstances to abide by whatever has descended from Heaven. In the Bookharee there is a tradition related on the authority of Abee Hooraira, that in the time of our prophet the Jews used to read the Pentateuch to Mohomedans in Hebrew, and expound its meaning to them in Arabic, (but as the Mohomedans did not know whether what they explained to them was true or not), our prophet commanded the Moslems neither to be against, nor in favour of what was stated, but to make this reply "We believe in God, and in that which hath been sent down unto us, and in that which hath been sent down unto Abraham, Ismael, Isaac, Jacob, and the tribes, and in that which was delivered to prophets from their Lord: we make no distinction between any of them, and to God are we resigned."

بخاري

عن ابي هريرة قال كان اهل الكتاب يقرؤن التوراة بالعبرانية و يفسرونها بالعربية لاهل الاسلام فقـــال رسول الله صلى الله عليه وسلم لاتصدقوا اهل الكتاب ولاتكذبوهم وقولوا امنا بالله وماانزل الينا وماانزل الى ابراهيم واسمعيل واسحق ويـــعقوب والاسباط ومـــااوتي موسى وعيسى وما اوتي النبيون من ربهم لانفرق بين احدمنهم ونحن له مسلمون *

بخاري میں ابوہریرہ رضي الله تعالى عنه سے روایت ہے، کہ رسول خدا صلی الله علیه وسلم کے زمانه میں یہودي عبراني میں توریت پڑھتے تھے، اور مسلمانونکے لیئے عربي میں اُسکا مطلب سمجھاتے تھے (مگر مسلمانوں کو یہہ معلوم نہ تھا، کہ وہ مطلب صحیح ہے یا نہیں) اسلیئے رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے فرمایا کہ تم اہل کتاب کو نہ سچا بتاو نہ جھٹلاو اور تم کہو ہمنے یقین کیا الله پر اور جو اُترا ہم پر اور جو اُترا ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق اور یعقوب اور اُسکي اولاد پر، اور جو ملا موسی کو اور عیسی کو اور جو ملا سب نبیوں کو اپنے پروردگار سے ہم فرق نہیں کرتے ایک میں اُن سب سے اور ہم اُسیکے حکم پر ہیں *

Whatever I have above stated about the difficulties incident to the faithful translation of writings from one language into another cannot be well illustrated unless some explanation is given respecting the various versions; accordingly I proceed to offer a few remarks relative to the ancient and modern versions of the books of the Old and New

یہہ مطالب جو ہمنے بیان کیئے اِن کي تصدیق اُسوقت بخوبي ہوتي ہے، جب کتب مقدسه کے قدیم اور جدید ترجمونکا حال معلوم ہو، اسلیئے میں مناسب سمجھتا ہوں، کہ ہارن صاحب کے انٹرو ڈکشن سے کتب مقدسه کے قدیم وجدید چند ترجموں کا ذکر اِس مقام پر کروں،

Testament, which are extracted from Mr. Horne's Introduction to the Critical Study of the Scriptures. But I do not intend at present to make any allusion to those particular verses, which have been so variously translated by their several translators, that they have created a great diversity of meanings touching the fundamental articles of faith, for I mean to take notice of them in their proper places in my comments on the books of the Holy Bible.

اور جن جن ورسوں کے ترجمه میں ایسا اختلاف واقع هوا هے جس سے عقاید ایمادیه میں اختلاف بیدا هوتا هے ' آسکے تذکرہ سے اس مقام پرباز رهوں ' کیونکه آن کا تذکرہ میری تفسیر میں هرایک ایسے ورس کی تفسیر میں اوںگا انشاالله تعالی *

It should, however, be understood that the various interpretations of the same subjects, or other similar errors (if such are to be found among the received versions) are to be ascribed to the inaccuracy of translators, and not to the original, from which those versions have been rendered, and the authenticity of which can, no way, be injured by them: and those who have ventured to assert that the originals are impaired by these diversities and errors among their versions, have certainly erred, and have stepped beyond the limits of truth and justice by forming such an opinion respecting them. May the Almighty Judge forgive such persons for their rashness and presumption.

مگر یهه بات سمجهه لینی چاهیے ' که اختلاف یا غلطی تراجم سے جو درحقیقت مترجموں کا قصور هے ' اصل کتب مقدسه پریا آن کی صحت اور مطابقت پر الزام نهیں آسکتا ' جن لوگوں نے بسبب نقصان ترجموں کے اصل کتب مقدسه میں نقصان تصور کیا ہے ' درحقیقت آنهوں نے غلطی کی هے ' اور حد انصاف سے گذر گئے هیں والله غفور الرحیم *

Of the Chaldee or East Aramean Versions.

The Chaldee Paraphrases which are called Targums, are the versions of the Old Testament in the Chaldee dialect. After returning from their captivity in Babylon, the Jews had become familiar with this tongue. The word *targum* signifies a detailed version—a ver-

کالدی یا ایست ارمین یعنی مشرقی ارمینیه کے ترجمے

کالدی پارافریز ' جسکو تارگم کهتے هیں یهه سب ترجمے عهد عتیق کے کالدی زبان میں هیں ' جبکه یهودی بابلن کی قید سے چهوٹ کرائے ' تو آس زبان سے بخوبی واقف هوگئے تهے ' تارگم کے معنی مفصل ترجمه کے هیں ' جو صرف لفظی ترجمه نهو ' بلکه

sion not only literal but having an exposition or comments with itself. It is probable that when Ezra used to read the Pentateuch to the people in synagogues, he also used to explain it, in order to make it well understood by them.

ترجمه کے ساتھہ مختصر بیان یا تفصیل یا تفسیر بھي شامل هو *

Thus from this time the practice of of reading the Pentateuch in this way was introduced among the Jews. But they did not insert their comments in the original books; they used to make only oral comments or explanation. The practice of inserting comments in the Chaldee versions began with them about the time of Jesus Christ. There were ten Targums written on different books of the Old Testament. As the authors of these Targums were well acquainted with the Hebrew, these Targums are therefore much trusted as furnishing a generally correct interpretation of the Scriptures. They are of great use, especially when there are no other means left to decide the meaning of certain passages in the Old Testament. All these Targums are, however, not of the same value, as will be seen from the perusal of their brief accounts which we now set out to give:—

اغلب هے که حضرت عزرا جب عبادت خانوں میں توریت پڑه کرسناتے تهے ' تو لوگوں کے سمجہانے کو آسکي تفسیر بهي فرماتے تهے ' جب سے یهودیوں میں اس طرح پر توریت کے پڑهنے کا رواج هوا ' مگر تفسیر کا اصل کتاب پر لکهنے کا دستور نه تها ' حضرت مسیح علیه‌السلام کے زمانه کے قریب تفسیرکا کالدي زبان کے ترجموں کے ساتهه لکهنے کا رواج هوا ' اسطرح پر دس تارگمیں عهد عتیق کي مختلف کتابوں پر لکهي گئیں اور جو که آن تارگموں کے مصنف عبري زبانسے بخوبي واقف هونیکا بهت اچها قابو رکهتے تهے ' اس سبب سے آن ترجموں پر کتاب اقدس کے عموما صحیح معنی دینے میں زیاده بهروسا کیا گیا هے ' خصوصا ایسے مقاموں میں جهاں اور کسي وسیله سے آن معنوں کا پانا محال هو ' مگر هرایک تارگم برابر رتبه کي نهیں هے چنانچه هم هرایک کا مختصر حال بیان کرتے هیں *

The Targum of Onkelos.—It is not known with certainty, at what time Onkelos flourished, nor of what nation he was. Some persons say that he was not a Jew, but a native of Babylon, and that he was a proselyte to Judaism, and a disciple of the celebrated Rabbi Hillel, who flourished about fifty years

١ تارگم انکیلاس ' اسکے مصنف کا حال تحقیق نهیں که کب تها اور کس قوم کا تها ' بعضے کهتے هیں که یهودي نه تها بلکه بیبلن کا رهنے والا تها ' اور آسنے یهودي مذهب اختیار کرلیا تها ' ربي هلل جو پچاس برس بیشتر حضرت مسیح علیه‌السلام

before Jesus Christ; and consequently that Onkelos was contemporary with Christ. His Targum is free from idle legends and narratives; and is considered highly valuable. The Jews read this Targum in their synagogues till the sixteenth century.

سے تھے ' آنکا شاگرد تھا اور هم عصر حضرت مسیح علیہ السلام کا ' آسنے صرف حضرت موسی کي پانچ کتابوں پر تارگم لکھي ھے ' آسمیں کچھہ قصے اور فضول باتیں نہیں ھیں اور یہہ تارگم نہایت قدروالی ھے ' سولھویں صدي تک یہودي اس تارگم کو اپنے عبادتخانوں میں پڑھتے تھے *

2. The Targum of Pseudo-Jonathan is also on the five books of Moses; and it is full of fabulous narratives. It is said that the author of this Targum was Jonathan Ben Uzziel, but this assertion is not correct. There are several arguments, by which it is supported that this Targum was executed in the seventh or eighth century.

۲ تارگم سي ڈوجانتھن ' یہہ تارگم بھي حضرت موسی کي پانچ کتابوں پر ھے ' اسمیں افسانے بہت ھیں بعضے کہتے ھیں کہ یہہ تارگم جانتھن بن ازیل کي تصنیف ھے ' مگر یہہ قول صحیح نہیں ھے ' اور بہت وجوھات سے ثابت ھے ' کہ ساتویں یا آٹھویں صدي میں تصنیف کي گئي ھے *

3. The Jerusalem Targum also comments on the five books of Moses. It is by no means a connected paraphrase, sometimes omitting whole verses or even chapters; at other times explaining only a single word of a verse. In many respects it corresponds with the paraphrase of the Pseudo-Jonathan; and it is supposed to have been written in the seventh, eighth, or ninth century.

۳ تارگم یروشلیم ' یہہ بھي حضرت موسی کي پانچوں کتابوں پر ھے ' مگر سلسلہ وار نہیں ھے ' کہیں کسي ورس کي کہیں کسي ورس کي اور کہیں باب کے باب کي تفسیر نہیں لکھي ھے ' اور کہیں کسي ایت کے ایک ھي لفظ کي تفسیر لکھي ھے ' اسکي روش اور تارگم سي ڈوجانتھن کي روش بہت قریب قریب ھے ' اور ساتویں یا آٹھویں یا نویں صدي کے تصنیف ھے *

4. The Targum of Jonathan Ben Uzziel treats on the Prophetical books of the Old Testament. It is free from narratives and legends, and is very valuable and trustworthy.

۴ تارگم جانتھن بن ازیل ' یہہ تارگم عہد عتیق کي پیغمبرانہ کتابوں پر ھے ' اس میں قصے اور افسانے نہیں ھیں اور بہت معتبر اور بڑي قدروالی ھے *

5. The Targum on the Cetubim, Hagiographa, or holy Writings, is ascribed by some persons to Rabbi Joseph, surnamed the one-eyed or blind, who flourished in the third or fourth cen-

۵ تارگم سیٹوبم ' ھیجو گریفا (یعني تحریرھاے اقدس) بعضے کہتے ھیں ' کہ ربي جوزف یہودي جو تیسري چوتھي صدي میں تھا ' اور آسکا کانا یا اندھا لقب

tury; but its author is unknown.

پڑگیا تھا ' اِسکا مصنف ہے ' مگر تحقیق بات یہہ ہے کہ اِسکا مصنف نامعلوم ہے *

6. The Targum on the Megilloth, or five books of Ecclesiastes, Song of Songs, Lamentations of Jeremiah, Ruth, and Esther, is evidently a compilation by several persons. In it are embodied numerous narratives, and idle tales, which prove it to be of the sixth century.

۶ تارگم مجلینھہ ' تاریخ اور غزل الغزلات اور نوحہ جرمیا اور روت اور استھر پر یہہ تارگم بہت سے مصنفوں کي تالیف معلوم ہوتي ہے ' اسمیں افسانے بہت ہیں اور چھٹي صدي کي تصنیف معلوم ہوتي ہے *

7, 8, 9. The Three Targums on the book of Esther. These Targums are full of absurd fables and traditions, and are all of them of very late date.

۷ ۸ ۹ تارگم ہاے استھر ' اس کتاب پر تین تارگمیں ہیں ' اور حال کي تصنیف معلوم ہوتي ہیں ' اور ان میں نا معقول افسانے بہت بھرے ہوئے ہیں *

10. A Targum of the books of Chronicles.—It was unknown in former times, and became known in 1680. It is not very trustworthy and contains numerous tales.

۱۰ تارگم تاریخ پر ' یہہ تارگم پہلے زمانہ میں مشہور نہ تھي ' سنہ ۱۶۸۰ ع میں مشہور ہوئي ' اِسکا اعتبار بہت کم ہے ' اور اِسمیں افسانے بہت ہیں *

ON THE ANCIENT GREEK VERSIONS OF THE OLD TESTAMENT.

قدیم یوناني ترجمے عہد عتیق کے

The Septuagint, or Alexandrine is a very ancient version and was held in great esteem both by the ancient Jews and the Christians. It was constantly read in their synagogues and churches, and from this version various foreign translations were executed, viz. the Arabic, Armenian, Ethiopic, Gothic, and Old Italic; and to this day the Septuagint is exclusively read in the Greek and most other Oriental churches.

سپٹو ایجنٹ یا الکذنڈرین ' یہہ بہت پرانا ترجمہ ہے ' یہودي اور قدیم عیسائي سب مانتے چلے آئے ہیں ' اور اُن دونونکے عبادتخانوں میں پڑھا جاتا تھا ' اور عربي اور آرمینیہ اور اتھوپیک اور گاتھک اور قدیم اٹالک یعني قدیم لاطیني زبانوں میں جو ترجمے ہوئے تھے ' وہ سب اسي سے ترجمہ کیے گئے تھے ' اور آج تک یوناني گرجا میں اور اور مشرقي گرجوں میں یہي ترجمہ پڑھا جاتا ہے *

It is uncertain when this version was executed. Some accounts of its history are given to this effect, that the version was executed miraculously, and under the influences of the Holy

یہہ بات تحقیق نہیں ہوئي کہ یہہ ترجمہ کس زمانہ میں ہوا ہے اور چند حکایتیں مشہور ہیں جنکا مطلب یہہ ہے کہ یہہ ترجمہ بطور کرامت اور اعجاز کے اور روح القدس

Spirit, but even learned Christians do not credit these accounts, The truth seems to be that it was executed by a number of Jews in the year 285 or 286 before the birth of Christ. This version was denominated the Septuagint either from those Jews being seventy two in number, or from the fact of its being approved of by the Sanhedrin or great council of the Jews, which consisted of seventy two members. It was received and held in honor by all the ancients, and many commentaries were written on it. Up to the first century it was of unquestioned authority in the Jewish Synagogues, as a book of religion, when the Jews being unable to resist the arguments from prophecy which were urged against them by the Christians, in order to deprive them of the benefit of that authority, began to deny that it agreed with the Hebrew Text.

كي تائيد سے هوا هے ' مگر خود علماء مسيحي ان حكايتوں كو قابل اعتبار كے نهيں سمجهتے صحيح بات اسقدر معلوم هوتي هے ' كه دوسو پچاسي يا دوسو چهياسي برس قبل ولادت حضرت مسيح عليه السلام كے علماء يهود نے ملكر يهه ترجمه كيا ' يا تو اس سبب سے كه وه بهتر آدمي تهے ' يا اس سبب سے كه يهوديوں كي بڑي عدالت نے جو سينهڈرين كهلاتي تهي اور آس ميں بهتّر ممبر تهے اسكو منظور كيا تها ' سپتو اجنت اس ترجمة كا نام هو گيا ' مگر تمام قدما اسيكو مانتے آئے ' اور اسكي تفسيريں لكهي گئيں ' اور اول صدي تك يهوديوں كے عبادت خانوں ميں بهي بلا عذر سند رها مگر جبكه يهودي آن وجوهات كا بيش كوئي سے مقابله نكرسكے ' جو آنكے روبرو عيسائيوں نے آسكي سند غير معتبر كرنے كے ليئے پيش كيں ' تب يهوديوں نے اقرار كيا كه يهه هماري عبري متن سے مطابق نهيں هے *

1. The Version of Aquilla.—When the Jews had given up reading the Septuagint in their synagogues, the three other versions were executed in the Greek language, of which the present version being the first. The author of this translation was a native of Sinope; he was of Jewish descent, and converted to Christianity: but afterwards he again renounced Christianity. He executed this version in the year 129 of the Christian æra. It is very literally translated from the Original Hebrew.

۱ ايكوئيلا ' جب يهوديوں نے ترجمه سپتواجنت كو چهوڑ ديا تو تين ترجمے يوناني زبان ميں اور هوئے جن ميں سے اول يهه ترجمه هے ' اسكا مترجم سنوپ كا رهنے والا يهودي تها ' پهلے عيسائي هوا ' پهر مرتد هوكر يهودي هوگيا ' غالبا سنه ۱۲۹ ع ميں آسنے يهه ترجمه كيا ' عبري زبان كا نهايت لفظي يهه ترجمه هے *

2, The version of Theodotion, a native of Ephesus, who executed the

۲ . تهيوڈوشن ' يهه شخص افي سس كا رهنے والا تها ' آسنے غالبا سنه ۱۷۵ ع ميں

version probably in the 175 year of the Christian æra; he has revised, as it were, the Septuagint by making his version. His translation of the book of Daniel, which he performed likewise, was also introduced among the Christian Churches, as being deemed more accurate than that of the Septuagint.

3. Symmachus, we are informed by Eusebius, and Jerome, was a Semi-Christian, or Ebionite: for the account given of him by Epiphanius (that he was a Samaritan, then a Jew, next a Christian, and the last of all an Ebionite) is generally regarded as unworthy of belief. Concerning the precise time when he flourished, learned men are of different opinions. Jerome expressly states, that his translation appeared after that of Theodotion. Montfaucon accordingly places Symmachus a short time after Theodotion, that is, about the year 200. The version of Symmachus, who appears to have published a second edition of it revised, is by no means so literal as that of Aquilla; he was certainly much better acquainted with the laws of interpretation than the latter, and has endeavoured, not unsuccessfully, to render the Hebrew idioms with Greek precision.

4, 5, 6.—The three anonymous translations, usually called the fifth, sixth, and seventh versions, derive their names

یہہ ترجمہ کیا ' اِسنے گویا ترجمہ سپٹواجنٹ پر نظرِ ثاني کي ہے ' کتاب دانیال کا جو اُسنے ترجمہ کیا تھا وہ عیسائي گرجوں میں بھي مروج ھوا ' اور یہہ سمجھا گیا کہ بہ نسبت سپٹواجنٹ کے زیادہ ٹھیک اور درست ھے *

۳ سیمکس یوسیبیس صاحب اور جیروم صاحب کے بیان سے معلوم ھوتا ھے کہ یہہ مترجم ایبونایٹ یعني نصف عیسائي تھا ' کیونکہ ایپي فینیس صاحب کے بیان سے ظاھر ہے کہ وہ اول سامري تھا ' پھر یہودي ھوا پھر عیسائي ھوا اور اخیر میں ایبونایٹ ھوگیا ' مگر یہہ بات قابل اعتماد کے نہیں ھے ' اور اسباب میں کہ وہ کب ھوا ھے عالموں میں اختلاف ھے ' جیروم صاحب علانیہ یہہ بیان کرتے ھیں ' کہ اُسکا ترجمہ تہیوڈوشن صاحب کے ترجمہ کے بعد مشہور ھوا ' پس مانٹ فاکن سیمکس صاحب کے زمانہ کو ' تہیوڈوشن صاحب کے تہوڑي ھي مدت بعد ' یعني قریب دوسو سنہ عیسوي میں قرار دیتے ھیں ' اسکا ترجمہ جسکو اُنہوں نے دوبارہ نظرِ ثاني کرکے مشتہر کیا تھا ھرگز ایسالفظي نہیں جیسا کہ ایکوئیلا صاحب کا ترجمہ ہے ' بلاشبہہ سیمکس صاحب بہ نسبت ایکوئیلا صاحب کے قواعد ترجمہ سے زیادہ تر واقفیت رکھتے تھے ' اور اُنہوں نے عبري محاورات کا یوناني میں درستي کے ساتھہ ترجمہ کرنے میں جو کوشش کي ہے اُسمیں بخوبي کامیاب ھوئے ھیں *

۴و۵و۶ یہہ تین گم نام شخصوں کے ترجمے ھیں ' جنکو ھمیشہ پانچواں چھٹا اور ساتواں ترجمہ کہتے ھیں ' اُس ترتیب سے اُنکانام

from the order in which Origen disposed them in his columns. The author of the sixth version must have been a Christian from the manner in which he has translated the 13th verse of the 3rd chapter of Habakkuk. The dates of these three versions are evidently subsequent to those of Aquilla, Theodotion, and Symmachus: from the fragments collected by Montfaucon, it appears that they all contained the Psalms, and Minor Prophets; the fifth and sixth further comprised the Pentateuch, and Song of Solomon; and from some fragments of the fifth and seventh versions found by Bruns in a Syriac Hexaplar manuscript at Paris, it appears that they also contained the two books of Kings. Bauer is of opinion that the author of the seventh version was a Jew.

In the Septuagint, besides the alterations designedly made by the Jews, numerous errors were introduced, in the course of time, from the negligence or inaccuracy of transcribers, and from marginal notes, which had been added for the explanation of difficult words, being suffered to creep into the text. In order to remedy this growing evil, Origen, in the early part of the third century, undertook the laborious task of collating the Greek text then in use with the original Hebrew and with the other translations then in existence, and of producing a new or revised recension. Twenty eight years were devoted to the preparation of this

رکها گیا ہے ' جو اوریجن صاحب نے اپنے کالموں میں قرار دي ہے ' مصنف چوتهے ترجمہ کا کتاب حبقوق کے تیسرے باب کي تیرهویں آیت کے ترجمہ کے طرز سے عیسائي معلوم هوتا ہے یہہ تینوں ترجمے ایکوئیلا صاحب اور تهیوڈوشن صاحب اور سیمکس صاحب کے ترجموں کے بعد کے هیں ' اِن ترجموں کے متفرق حصوں سے جو مانٹ فاکن صاحب نے جمع کئے یہہ معلوم هوتا ہے ' که اُن میں زبور اور صغیر پیغمبروں کي تحریریں تهیں ' اور پانچویں اور چهٹے ترجمے میں عهد عتیق اور راگ سلیمان بهي تهے ' اور پانچویں اور ساتویں ترجموں کے چند ٹکڑوں سے جو برنز صاحب نے زبان سریا کي هگ سیپلر قلمي نسخه میں مقام پیرس میں پائے ' یہہ معلوم هوتا ہے ' که اُن دونوں ترجموں میں کتابهائے سلاطین بهي تهیں ' باؤیر صاحب کي یہہ راے ہے که ساتویں ترجمہ کا مصنف کوئي یہودي تها *

ترجمہ سپٹواجنٹ میں علاوہ اُن تبدیلیوں کے جو یہودیوں نے ارادتاً کیں ' بہت سي غلطیاں اور بهي زمانہ دراز کے گذرنے سے بسبب غفلت اور بے احتیاطي ناقلوں کي اور حاشیه پر کي شرحوں کو متن میں داخل کردینے سے ' جو واسطے سہولت الفاظ مشکل کے لکهي گئي تهیں پیدا هو گئیں اس بڑهنے والي برائي کے رفع کرنے کے واسطے ' اوریجن صاحب نے تیسري صدي کے شروع میں اُسوقتکے یوناني متن مستعملہ کو اصلي عبري متن اور اور ترجموں سے جو اُسوقت میں موجود تهے مقابلہ کرنے کے مشکل کام کو اختیار کرکے اُن سب سے ایک نیا نسخہ حاصل کرنا چاها ' اس عمدہ

ardous work, in the course of which he collected manuscripts from every possible quarter; aided (it is said) by the pecuniary liberality of Ambrose, an opulent man, whom he had converted from the Valentinian heresy, and with the assistance of seven copyists and several persons skilled in caligraphy. Origen commenced his labour at Cæsarea, A. D. 231; and it appears, finished his Polyglott at Tyre, but in what year is not precisely known. His Polyglott consisted of nine columns, the first of which contained the Hebrew in its proper characters: the second supplied the Hebrew text in Greek characters; the versions of Aquilla, Symmachus, the Septuagint, and Theodotion occupied the third, fourth, fifth and sixth columns respectively. When the fifth and sixth versions were added, the page consisted of eight columns; and when the seventh version was added, it comprised nine columns.

نسخه کے تیار کرنے میں اٹھائیس برس صرف هوئے ' جنکے اندر آنهوں نے هر طرف سے نسخے جمع کئے ' اور بیان کیا گیا هے ' که ایمبراس صاحب کے مدد خرچ سے جو ایک میر شخص تهے ' جنکو آنهوں نے غلط بنیاد والي فرقه ویلن ٹینین کے پیرووں میں سے عیسائي کرلیا تها ' اور بمدد سات ناقلوں اور بهت سے ایسے شخصوں کے جو عمده تحریر کا کامل فن رکھتے تهے ' اور اوریجن صاحب نے یهه کام مقام سیزاریامیں سنه ۲۳۱ع میں شروع کیا ' اور معلوم هوتا هے که آنهوں نے اپنا پالي گیلاٹ (یعني کئي متنوں کا مجموعه) مقام ٹائیر میں پورا کیا ' مگر یهه تحقیق نهیں هوا ' که کس سنه میں پورا کیا ' آن کے پالي گیلاٹ میں نو کالم تهے ' جن میں سے اول کالم میں عبري متن عبري حرفوں میں تها ' اور دوسرے کالم میں عبري متن یوناني حرفوں میں تها ' اور ایکوئیلا صاحب اور سمیکس صاحب اور تهیودوشن صاحب کے ترجمے ' اور سپٹو ایجنٹ تیسرے اور چوتهے اور پانچویں اور چهٹے کالم میں تهے ' جب که پانچواں اور چهٹا ترجمه زیاده کیا گیا ' تب پالي گیلاٹ کے صفحه میں آٹهه کالم هو گئے ' اور ساتواں ترجمه ' زیاده کرنے سے نو کالم هو گئے *

On the Ancient Oriental Versions of the Old Testament.

Of the Syriac Versions.

قدیمي مشرقي ترجمے عهد عتیق کے

ترجمے سریا زبان کے

1. Of the Syriac versions the most celebrated is the Peschito or Literal (Versio Simplex), as it is usually called, on account of its very close adherence to the Hebrew text, from which it was immediately made.

سریا زبان کے ترجموں میں سے نهایت مشهور ترجمه پیسکتو یعني لفظي ترجمه هے ' جو اس نام سے بسبب اثبات کے که جس متن عبري سے وه ترجمه کیا گیا تها ' آس سے نهایت مطابق هے پکارا جاتا

The most extravagant assertions have been advanced concerning its antiquity; some referring it to the time of Solomon and Hiram, while others ascribe it to Asa, the high priest of the Samaritans, and a third class to the apostle Thaddeus. The last tradition is received by the Syarin churches; but a more recent date is ascribed to it by modern scholars.

Bishop Walton, Carpzov, Leusden, Bishop Lowth and Dr. Kennicott, assign its date to the first century; Bauer and some other German critics, to the second or third century; Jahn fixes it, at the latest, in the second century. De Rossi pronounces it to be very ancient; but he does not specify any precise date.

سے ، درباب اسکي قدامت کے بہت سا مبالغہ کیا گیا ہے ' بعض لوگ آسکو زمانہ حضرت سلیمان اور جیروم صاحب کا بتاتے ہیں ' اور بعض شخص زمانہ آسا سي جو سامریوں کا پریسٹ تھا منسوب کرتے ہیں اور بعض تھدیس حواریکے وقت کا آسکو بیان کرتے ہیں سریا کے گرجوں میں اس اخیر روایت پریقین کیا گیا ہے ' مگر زمانہ حال کے نکتہ‌چین آسکو زیادہ زمانہ حال کا قرار دیتے ہیں بشپ والٹن صاحب اور کارپ زوز صاحب اور سیوسدن صاحب اور بشپ لوتھہ صاحب اور ڈاکٹر کني کٹ صاحب اس ترجمہ کو اول صدي کا قرار دیتے ہیں ' اور بائیر صاحب اور چند دیگر جرمني کے نکتہ چین دوسري صدي یا تیسري صدي کا قایم کرتے ہیں اور جین صاحب کم سے کم دوسري صدي کا اور ڈي راسي صاحب بہت قدیم کہتے ہیں ' مگر کوئي تاریخ نہیں مقرر کرتے ہیں *

The most probable opinion is that of Michaelis, who ascribes it to the close of the first, or to the earlier part of the second century, at which time the Syrian churches flourished most, and the Christians at Edessa had a temple for divine worship erected after the model of that of Jerusalem: and it is not to be supposed that they would be without a version of the Old Testament, the reading of which had been introduced by the Apostles.

نہایت غالب راے میکیلس صاحب کي ہے ' جو اس ترجمہ کو اول صدي کے اخیر یا دوسري صدي کے شروع کا بتاتے ہیں ' یعني جسوقت میں کہ سریا کے گرجوں کي اچھي ترقي تھي ' اور مقام اڈسا کے عیسائیوں نے یورشلم کے معبد کے طریق پر پرستش کے واسطے معابد بنا لیا تھا ' یہہ نہیں خیال کیا جاتا کہ آن کے پاس عہد عتیق کا کوئي ترجمہ نہوگا ' جسکے پڑھنے کا حواریوں نے وہاں رواج دیا ہو *

The arguments prefixed to the Psalms were manifestly written by a Christian author. This version was evidently

زبور کے اول میں جو وجوہات مندرج ہیں آنکو علانیہ ایک عیسائي نے لکھا ہوگا ظاہر معلوم ہوتا ہے ' کہ یہہ ترجمہ اصلي

made from the original Hebrew, to which it most closely and literally adheres, with the exception of a few passages which appear to bear some affinity to the Septuagint: Jahn accounts for this by supposing, either that this version was consulted by the Syriac translator or translators, or that the Syrians afterwards corrected their translation by the Septuagint.

عبري سے هوا جس سے وہ بجز چند مقاموں کے جو ترجمہ سپٹو ایجنٹ سے زیادہ تر مناسبت رکھتے هیں نہایت مطابق اور بعینہ ہے ' ان چند مقامونکے سپٹوایجنٹ سے مناسبت رکھنے پر جین صاحب کي یہہ راے ہے ' کہ سریـــا والے ترجمہ کے مترجموں نے ترجمہ کرتے وقت سپٹوایجنٹ ترجمہ سے کچہہ مدد لي هو ' یا یہہ کہ سریا والوں نے بعد ازاں اپنے ترجمہ کو سپٹوایجنٹ سے صحیح کیا هو *

Lensden conjectures, that the translator did not make use of the most correct Hebrew manuscripts, and has given some examples which appear to support his opinion Dathe, however, speaks most positively in favour of its antiquity, and fidelity, and refers to the Syriac version, as a certain standard by which we may judge of the state of the Hebrew text in the second century: and both Kennicott and De Rossi have derived many valuable readings from the version.

لیوسڈن صاحب یہہ خیال کرتے هیں ' کہ اس ترجمہ کے مترجم نے نہایت صحیح عبري نسخوں کا استعمال نہیں کیا ' اور چند وجوهات سے اپني راے کو تقویت دي ہے ' باوجود اسکے ڈیتھہ صاحب اس نسخہ کي قدامت اور وفاداري پر نہایت مستحکم راے رکھتے هیں ' اور کہتے هیں کہ اس سریا کے ترجمہ کو ایسا مقدم نسخہ سمجھیں ' کہ جس سے هم دوسري صدي کے عبري متن کو جانچیں ' اور کني کٹ صاحب اور ڈي راسي صاحب نے اس نسخہ میں بہت عمدہ عبارتیں پائیں هیں *

To its general fidelity almost every critic of note bears unqualified approbation, although it is not every where equal: and it is remarkably clear and strong in those passages which attribute characters of Deity to the Messiah.

تقریبا هر مشہور نکتہ چیں اس نسخہ کي عام مطابقت کو اصلي متن سے تسلیم کرتا ہے ' اگرچہ هرایک بدرجہ مساوي قبول نہیں کرتا ' اور یہہ آن کا تسلیم کرنا آن مقاموں سے بخوبي ظاهر هوتا ہے جن میں حضرت مسیح سے صفات الوهیت منسوب کي هیں *

Jahn observes, that a different method of interpretation is adopted in the Pentateuch from that which is to be found in the book of Chronicles; and

جین صاحب یہہ سمجھتے هیں کہ توریت کے ترجمہ کرنے کا طریقہ کتاب تاریخ کے ترجمہ کرنے میں استعمال نہیں کیا گیا '

that there are some Chaldee words in the first chapter of Genesis, and also in the book of Ecclesiastes and the Song of Solomon: whence he infers that this version is the work not of one, but of several authors.

اوریهه بهي كه كتاب پيدايش كے اول باب ميں اور كتاب وعظ اور كتاب راگ ميں چند كيلدي زبان كے لفظ پائے جاتے هيں جس سے جيں صاحب يهه نتيجه نكالتے هيں ' كه يهه ترجمه ايك شخص كا كيا هوا نهيں هے ' بلكه كئي شخصونكا هے *

The other Syriac versions being made from the Septuagint, it is therefore sufficient to give a brief notice of the Syriac translation of Origen's Hexaplar edition of the Seventy, which is the most celebrated and valuable. This translation was executed in the former part of the seventh century; the author of this version is unknown.

اور اور ترجمے سريا زبان كے سپٹو ايجنٹ سے هوئے هيں ' جنميں سے اوريجن صاحب كے هكسپلر نسخه كا جو سريا زبان ميں نهايت پسنديده اور مشهور ترجمه هے ' مختصر بيان كرنا كافي هو گا ' يهه ترجمه ساتويں صدي كے شروع ميں هوا هے ' اور مترجم اسكا نامعلوم هے *

The late Professor De Rossi who published the first specimen of it, does not decide whether it is to be attributed to Marr Abba, James of Edessa, Paul Bishop of Tela, or to Thomas of Heraclea. Assemanni ascribes it to Thomas, though other learned men affirm that he did not do more than collate the books of Scripture.

پرافسر ڈي راسي صاحب جنهوں نے اول هي اس نسخه كا نمونه چهاپا اس بات كا تصفيه نهيں كرتے هيں ' كه آيا اس ترجمه كو مار آبا صاحب يا جيمس صاحب ساكن اڈسي سي ' يا پال بشپ مقام ٹيلا يا طامس صاحب ساكن هريكليا سے منسوب كيا جاوے ' اسے سي ميني صاحب اسكو طامس صاحب سے منسوب كرتے هيں ' اگرچه اور علما يهه كهتے هيں كه اس شخص نے كتابهاے اقدس كے مقابله كرنے كے سوا اس نسخه ميں اور كچهه نهيں كيا *

This version, however, corresponds exactly with the text of the Septuagint, especially in those passages in which the latter differs from the Hebrew.

يهه ترجمه سپٹو ايجنٹ كے متن سے خاص كرأن مقاموں ميں بعينه مطابقت ركهتا هے ' كه جن مقامونميں سپٹوايجنٹ عبري متن سے اختلاف ركهتا هے *

Of the Arabic Versions.

عربي ترجمے

1. Rabbi Saadias Gaon, a celebrated Jewish teacher at Babylon, translated, or rather paraphrased, the Old Testa-

۱ عالم سادي اس گان نے جو ايك مشهور يهودي عالم بيبلن كا تها عهد عتيق كا عربي ميں ترجمه بطور تفسير كے كيا '

ment into Arabic: of this version the Pentateuch was printed at Constantinople, in the year 1546, in Hebrew characters; and in the Paris and London Polyglotts, in Arabic letters.—The prophecy of Isaiah was published by Paulus in 1790, 1791. The remaining books of this translation have not hitherto been discovered.

2. The Arabic version of the Pentateuch, published by Erpenius in 1622, appears to have been executed in the thirteenth century by some African Jew, who has very closely adhered to the Hebrew.

3. The Arabic version of the book of Joshua, printed in the Paris and London Polyglotts, is, in opinion of Bauer, made directly from the Hebrew. Its author and date are not certain.

4. The Pentateuch, Psalms, and Prophecy of Daniel, were translated by Saadia Ben Levi Asnekot, who lived in the early part of the seventeenth century: they are extant only in manuscripts in the British Museum, and are of very little value.

Of the Persian Versions.

Although we have no authentic account of the conversion of the whole Persian nation to Christianity, yet we are informed by Chrysostom and Theodoret, that the Scriptures were very anciently translated into the Persian language. The translation of the Pentateuch, printed in the 4th volume of Bishop Wal-

اس ترجمہ میں سے توریت مقام کانس ٹینٹ ان آوپل میں عبري حرفوں میں سنہ ۱۵۴۶ میں چھاپي گئي تھي ' اور پیرس اور لنڈن کے مذھبي مجموعوں میں عربي حرفوں میں چھاپي گئي تھي کتاب اشعیاہ کو پالس صاحب نے سنہ ۱۷۹۰ و سنہ ۱۷۹۱ع میں چھاپا اس ترجمہ کي باقي کتابیں اب تک نہیں ملیں *

۲ وہ عربي ترجمہ توریت کا جو اریپنیس نے سنہ ۱۶۲۲ میں چھاپا ' تیرھویں صدي میں کسي افریقہ کے یہودي کا جسنے ترجمہ کرنے میں عبري متن کا بہت لحاظ رکھا ہے لکھا ھوا معلوم ھوتا ھے *

۳ کتاب یوشع کا وہ عربي ترجمہ جو پیرس اور لنڈن کے مجموعہ میں چھپا ' بموجب بائیر صاحب کي راے کے عبري متن سے ھوا ھے ' آسکے مترجم اور تاریخ سے اطلاع نہیں ھے *

۴ سعدیا بن لیوي ایسنکي کاٹ نے جو سترھویں صدي کے شروع میں ھوا توریت اور زبور اور کتاب دانیال کا عربي میں ترجمہ کیا ' یہہ ترجمے اب کتب خانہ برٹش موسیم میں صرف قلمي نسخوں میں سے موجود ھیں ' اور بہت بے قدر ھیں *

فارسي ترجمے

اگرچہ تمام فارسیوں کے عیسائي ھوجانے کي کوئي صحیح خبر ھمارے پاس نہیں ہے ' تاھم کریز اسٹم صاحب اور تھیوڈورٹ صاحب کے بیان سے معلوم ھوتا ہے ' کہ فارسي زبان میں کتابہاے اقدس بہت قدیم زمانہ میں ترجمہ ھوئي تھیں ' توریت کا وہ فارسي ترجمہ جو بشپ والٹن صاحب

ton's Polyglott, was executed by a Jew, for the benefit of the Jews, in the eleventh or twelfth century. The Hebrew text is, for the most part, faithfully rendered.

کے مجموعه کي چوتهي جلد ميں چهپا ، آسکو گيارهويں يا بارهويں صدي ميں کسي يهودي نے يهوديوں کے واسطے تيار کيا تها ، يهه ترجمه عبري متن سے اکثر مطابق هوا هے *

Bishop Walton mentions two Persic versions of the Psalms, one by a Portuguese at Ispahan in the year 1618, and another by some Jesuists from the Vulgate Latin version.

بشپ والٹن صاحب زبور کے دو فارسي ترجموں کا ذکر کرتے هيں ، آن ميں سے ايک کسي پورچگل والے ساکن اصفهان نے سنه ١٦١٨ ع ميں کيا ، اور دوسرا کسي يهودي کا ولگٹ رومي ترجمه سے کيا هوا هے *

Of the Egyptian Versions.

مصري ترجمے

From the proximity of Egypt to Judea, it appears that the knowledge of the Gospel was very early communicated to the inhabitants of that country, whose language was divided into two dialects the Sahidic or dialect of Upper Egypt, and the Coptic or dialect of Lower Egypt. In the former of these dialects the ninth chapter of the book of Daniel was published by Munster at Rome in 1786; and Jeremiah chap. 9-17. to chap. 13. by Mingarelli at Bologna in 1785.

مصر سے يهوديه کے قريب هونے کے سبب سے معلوم هوتا هے ، که علم انجيل کا مصر کے باشندوں ميں زمانه ابتدا ميں پهونچا ، جنکي زبان دو قسم کي هے ، اول سهدک يا زبان مصر کے اوپر کے حصه کي اور دوسري کاپٹک يا زبان نيچے کے حصه کے منٹر صاحب نے مقام روم ميں سنه ١٧٨٦ ميں کتاب دانيال کے نويں باب کا ان ميں سے پهلي زبان ميں ترجمه کيا ، اور من گاري لي صاحب نے مقام بالوگنا ميں سنه ١٧٨٥ ميں کتاب جريمه کا نويں باب ورس ١٧ سے باب ١٣ تک اسي زبان ميں ترجمه کيا *

The Coptic language is a compound of the Old Egyptian and Greek; into which the Old Testament was translated from the Septuagint, perhaps in the second or third century, and certainly before the seventh century. The late Dr. Woide was of opinion that both the Coptic and Sahadic versions were made from the Greek. They express the phrases of the Septuagint Version;

زبان کاپٹک قديم مصري اور يونانيوں کي زبانوں سے مرکب هے ، اس زبانميں عهد عتيق کا ترجمه سپٹو ايجنٹ ترجمه سے شايد دوسري يا تيسري صدي ميں مگر بالتحقيق ساتويں صدي سے پيشتر هوا ، ڈاکٹر وايڈ صاحب کي يهه راے تهي که کاپٹک اور سهدک دونو زبانوں ميں ترجمے يوناني زبان سے هوئے ، آن ترجموں ميں

and most of the additions, omissions, and transpositions, which distinguish the latter from the Hebrew, are discoverable in the Coptic and Sahidic versions.

سپٹواجنٹ ترجمہ کے بہت سے طرزکلام پائے جاتے هیں *

Of the Ethiopic or Abyssinian Versions.

اتهیوپیا یا ابیسینیا کی زبان کے ترجمے

The Ethiopic or Abyssinian version, which is still extant, was made from the Septuagint: although its author and date are unknown, yet, from the marks of unquestionable antiquity which it bears there is every reason to believe that it was executed in the second century. Some peculiar readings occur in this translation: but, where it seems to be exact, it derives considerable authority. The first portions of the Ethiopic Scriptures that appeared in print, were the Psalms, and the Song of Solomon; editied at Rome, by John Potken A. D. 1513.

اتهیوپیا یا ابیسینیا زبان کا ترجمہ جو اب بهی موجود هے سپٹواجنٹ ترجمہ سے کیا گیا تها ٬ اگرچہ اس ترجمہ کا مترجم اور زمانہ معلوم نہیں هے لیکن نــــا قابل اعتراض قدامت کی علامتوں سے جو اسمیں موجود هیں ٬ اس بات کے یقین کرنے کی وجهہ هے ٬ کہ یہہ ترجمہ دوسری صدی میں هوا اس میں چند مخصوص عبارتیں پائی جاتی هیں ٬ مگر جهاں کہیں کہ وہ اپنی اصل کے مطابق هے وهاں وہ اپنے قدامت کے باعث سے بہت سی سند حاصل کرتا هے اتهیوپیا کی زبان میں جو حصے کتابہاء اقدس کے اول چهپے ٬ وہ راگ سلیمان اور زبور تهے ٬ جنکو جان پاٹکن صاحب نے روم میں سنہ ۱۵۱۳ میں مرتب کیا تها *

In 1548, the New Testament was also printed at Rome by some Abyssinian priests, and was afterwards reprinted in the London Polyglott: but as the manuscripts used in the Roman edition were old and mutilated, the editors restored such chasms as appeared in the text, by translations from the Latin Vulgate. These editions, therefore, are not of much value, as they do not present faithful copies of the ancient Ethiopic text. About the middle of the seventeenth century appeared in print, the book of Ruth; the Prophecies of

کسی ابیسینیا کے پریسٹ نے مقام روم میں سنہ ۱۵۴۸ میں بزبان ابیسینیا عہد جدید کوبهی چهاپا ٬ اور لندن کے مجموعہ میں بهی عہد جدید پهرچهاپی گئی مگر اسکے رومی نسخہ میں جو پرانے اور شکستہ قلمی نسخوں کا استعمال کیا گیا تها اسلیئے ایسے مقاموں کو جو اسکے متن میں نہیں تهے چهاپنے والوں نے ولگٹ رومی ترجمہ سے ترجمہ کرکے بحال کیا ٬ اسواسطے یہہ نسخے عہد جدید کے اس زبان میں بہت قابل قدر کے نہیں هیں ٬ کیونکہ قدیم اتهیوپیا کی زبان کے متن کی بعینہ نقلیں

Joel, Jonah, Zephan ah, and Malachi; the Song of Moses; that of Hannah (1. Samuel chap. 2.); the Prayers of Hezekiah, Manassah, Jonah, Azariah, and the three children; Isaiah; Habbakuk; the Hymns of the Virgin Mary, Zechariah, and Simeon; and the first four chapters of Genesis. In 1815, the British and Bible Society published a reprint of Ludolf's Edition of the Ethiopic Psalter. This is the whole of the Ethiopic Scriptures hitherto printed.

ان میں نہیں پائی جاتیں ' اور کتاب راموث اور کتاب ھاے پیشین گوئی یوایل اور یوحنا اور زفانیا اور ملاکی ' اور راگ موسیٰ اور راگ حینا (اول سموئیل باب ۲) دعائیں ھیزیکیا اور مینیسا اور یوحنا اور ایزیریا اور تین بچوں کی ' اور کتاب یوشع اور حبقوق اور مریم کی ھمز ' اور کتاب ذکریا اور سائمن اور کتاب پیدایش کے اول کے چار باب ' سترھویں صدی کے درمیان کے قریب ' زبان اتھیوپیا یا ابی سینیا میں یہہ سب چھاپی گئیں ' اتھیو پیا کے زبان کے مجموعہ کتابہاء اقدس کے لیڈ الف صاحب کے نسخہ کو برٹش اور بیبل سوسائٹی نے سنہ ۱۸۱۵ع میں دوبارہ چھاپا ' یہہ جتنی کتابیں ھمنے بیان کیں اتھیوپیا کی زبان میں اتنی ھی کتاب ھاے اقدس اب تک چھپی ھیں *

Of the Armenian Versions.

ارمینیا زبان کے ترجمے

The Armenian version was also made from the Alexandrian Septuagint: its author was Mesrob, who invented letters fully expressive of the Armenian tongue, towards the close of the fourth or early in the fifth century. It is said to have been subsequently altered according to the Peschito or Old Syriac version, and according to the Latin Vulgate by Uscan, an Armenian Bishop, who was specially sent to Amsterdam to superintend the edition there printed in 1666. The edition printed in Constantinople in 1705, was collated by Bredencamp, for the late Revd. Dr. Holmes's edition of the Septuagint. The Armenian version of the Scriptures, has been attributed to Chrysostom, but

ارمینیا زبان کا ترجمہ بھی الکذندریہ والے سپٹو ایجنٹ ترجمے سے ھوا ' اور اسکے مترجم میزراب صاحب تھے جنھوں نے چوتھی صدی کے اخیر یا پانچویں صدی کے شروع میں ارمینیا زبان کے حروف ایجاد کیئے ' بیان کرتے ھیں کہ اسکن صاحب ارمینیا کے بشپ نے ' جواس ترجمہ کے اس نسخہ کے چھپوا نے کی درستی کے واسطے جو سنہ ۱۶۶۶ میں چھپا مقام ایم سٹرڈیم کو بھیجے گئے تھے ' اس ترجمہ کو بموجب پیسٹتو یا پرانے سریا ترجمہ کے ' اور بموجب ولگٹ رومی ترجمہ کے بعدہ تبدیل اور صحیح کیا ھے ' جو نسخہ اس ترجمہ کا مقام کانس ٹینٹن اوپل میں سنہ ۱۷۰۵ میں چھپا ' بریڈن کیمپ صاحب

it does not appear on satisfactory authority.

نے پادري ڈاکٹر ھالمس صاحب کے سپٹواجنٹ کے نسخه سے اسکا مقابله کیا ' کتاب ھاے اقدس کے ارمینیا زبان کے ترجمه کو ' کرپر اسٹم صاحب سے منسوب کرتے ھیں ' مگر یهه بات حسب دلخواه سند نهیں رکھتي ھے *

Of the Russian Versions.

The Sclavonic or old Russian version, is derived from the Septuagint: it was executed in the ninth century by Cyril of Thessalonica, the inventor of Sclavonic letters, in conjunction with Methodius, by both of whom the Gospel was preached to the Bulgarians. The Pentateuch was first printed at Prague in 1519: and the entire Bible in 1570: the edition of the Sclavonic Scriptures, executed at Ostrog in 1581, is the exemplar whence all the modern Russian editions are printed. It is said to have undergone several revisions, particularly in the time of the patriarch Nicon: and the New Testament is rendered with more perspicuity than the Old.

روسي ترجمے

سکلبوانک یا قدیم روسي ترجمه سپٹواجنٹ ترجمه سے ھوا ھے سرل تھسي صاحب کونیکا والے نے جو سکلیوانک زبان کے حرفونکے موجد تھے ' اور میھتودیس صاحب نے شامل ھوکر نوین صدي میں یهه ترجمه کیا تھا ' اور ان دونوں صاحبوں نے بلگیریا والوں کو انجیل کا وعظ بھي کیا اور مقام پراگیو میں سنه ۱۵۱۹ میں توریت اس زبان میں اول چھپي ' اور تمام بیبل سنه ۱۵۷۰ میں اسي زبان میں چھپي ' سکلیوانک یا قدیم روسي زبان میں چھپي ھوئي کتاب ھاے اقدس کا وه نسخه ' جو مقام استراگ میں سنه ۱۵۸۱ میں تیار ھوا مقدم نمونه ھے ' جس سے تمام زمانه حال کے روسي نسخے چھپے ھیں ' بیان کیا گیا ھے که اس پر بهت سي نظر ثانیاں ھوئیں ھیں ' خاص درمقدم پادري نائیکن صاحب کي ' اور عهد جدید اس نسخه کے بهنسبت عهد عتیق کے زیاده صاف عبارت میں ترجمه ھوئي ھے *

On the ancient Latin Versions of the Scriptures.

At the commencement of the Christian æra, Latin was gradually supplanting Greek as a general language, and it soon might be called the language of the Western Church.

قدیم رومي ترجمے کتاب ھاے اقدس کے

۱ سنه عیسوي کے شروع میں رومي زبان بجاے یوناني زبان کے ' رفته رفته لوگوں کي عام زبان ھوتي جاتي تھي پس وه بهت جلد مغربي گرجے کي زبان کهلانے

From the testimony of Augustine, it appears that the Latin Church possessed a very great number of versions of the Scriptures, made at the first introduction of Christianity, and whose authors were unknown; and that, in the primitive times, as soon as any one found a Greek copy and thought himself sufficiently versed in both languages, he attempted a translation of it. In the course of time, this diversity of translations produced much confusion, parts of separate versions being put together to form an entire composition, and marginal notes being inserted into the text: but one of these Latin translations appears to have acquired a more extensive circulation than the others, and for several ages was preferably used, under the name of the Vetus Itala or Old Italic, on account of its clearness and fidelity. This version, which in the time of Jerome was received as canonical, is by him termed sometimes the Vulgate and sometimes the Old, in opposition to the new translation undertaken by him. He mentions no other version.

تھي ' اگستاین صاحب کي شہادت سے یہہ معلوم ہوتا ہے ' کہ کتابہاے اقدس کے بہت سے ترجمے 'جو مذہب عیسائي کے آغاز رواج میں ہوے تھے ' رومي گرجہ میں موجود تھے ' اور آنکے مترجم معلوم نہ تھے ' ابتدا کے زمانوں میں جو ہیں کوئي شخص یوناني نسخہ پاتا تھا ' اور اپنے تئیں دونوں زبانوں یعني یوناني اور رومي میں بخوبي قابل دیکھتا آسکے ترجمہ کا قصد کرتا تھا ایک زمانہ کے بعد ترجموں مختلف کي کثرت سے بہت پریشاني پیدا ہوئي یعني ترجموں کے متفرق حصوں کو ملا کر پوري تالیف بناتے تھے ' اور حاشیہ کي شرح کو متن میں' داخل کردیتے تھے ' مگر ان رومي ترجموں میں سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک نے بہ نسبت اوروں کي زیادہ شہرت حاصل کي تھي ' اور بہت سے برسوں تک بسبب اپني فصاحت عبارت اور اصل سے مطابق ہونے کے 'ویٹس ایٹلا یا پرانے رومي ترجمہ کے نام سے بسندیدگي سے لوگوں کے استعمـــال میں تھا ' یہہ ترجمہ جسکو جیروم صاحب کے زمانہ میں مذہبي استعمال کي کتاب مانا جاتا تھا بمقابلہ نئے ترجمہ کے جو جیروم صاحب نے کیا بعض اوقات ولگٹ یعني عام ترجمہ کے نام سے پکارا جاتا ہے ' اور کبھي قدیم رومي ترجمہ کے نام سے ' جیروم صاحب سواے اس ترجمہ کے کسي اور ترجمہ کا ذکر نہیں کرتے *

The Old Italic was translated from the Greek in the Old Testament as well as in the New, there being comparatively few members of the Western Church, who were skilled in Hebrew.

پورانے رومي ترجمہ کي عہد عتیق اور عہد جدید دونوں یوناني ترجمہ سے ہوئي ہیں ' کیونکہ مغربي یعني رومي گرجہ میں بہ نسبت مشرقي یعني یوناني

From the above cited expressions of Augustine, it has been inferred that the Old Italic version was made in the first century of the Christian æra, but the New Testament could not have been translated into Latin before the canon had been formed, which was certainly not made in the first century: and the greater number of Hebraisms and Syriasms observable in it, particularly in the Gospels of Matthew and Mark, have induced some eminent critics to conjecture that the authors of this translation were Jews converted to Christianity. There is, however, every reason to believe, that it was executed in the early part of the second century: "at least it was quoted by Tertullian before the close of that century. But, before the end of the fourth century, the alterations, either designed or accidental, which were made by the transcribers of the Latin Bible, had become as numerous as the alterations in the Greek Bible, before it was corrected by Origen."

گرجه کے چند ایسے ارکان تھے جو عبري زبان سے واقف تھے ' اگستاین صاحب کے کلام مذکورہ بالا سے یہه نتیجه نکالاگیا ہے ' که پورانا رومي ترجمه سنه عیسوي کے اول صدي میں هوا تها ' مگر عهد جدید آس زمانه سے پیشتر جس زمانه میں که مذهبي کتابوں کي ترتیب قرار پائي ' جسکا قرار پانا بلاشبهه اول صدي سے پیشتر نهوا هوگا ' رومي زبان میں ترجمه نهوئي هوگي اور بهت سي عبري اور سریا زبان کي اصطلاحوں کے عهد جدید میں پاے جانے سے ' خاص کر متي اور مارک کي انجیلوں میں بعض مشهور نکته چینوں نے یهه خیال کیا ہے ' که اس قدیم رومي ترجمه کے مترجم ایسے یهودي هوں گے جو عیسائي هوگئے هوں لیکن اسبات کے یقین کرنے کي کامل وجهه ہے ' که یهه ترجمه دوسري صدي کے شروع میں هوا ' القصه ترٹرلین صاحب نے اِسکو دوسري صدي کے اخیر کا بیان کیا ہے ' مگر چوتهي صدي کے انجام سے پیشتر اس ترجمه میں ایسي تبدیلیاں جو ارادتا کي گئیں تهیں یا اتفاق سے پیدا هوگئیں ' اور جو رومي بیبل کے ناقلوں نے کیں ' اسقدر کثیر هو گئے تهیں ' جسقدر یوناني بیبل میں آس زمانه سے پیشتر جس زمانه میں که اوریجن صاحب نے آسکو صحیح کیا تبدیلیاں تهیں *

2. To remedy this growing evil, Jerome, at the request and under the patronage of Pope Damascus, towards the close of the fourth century, undertook to revise this translation, and make it more conformable to the original Greek. He executed the revision of the Old

۲ اس بڑهنے والے برائي کے دفعه کرنے کے لئے ' جیروم صاحب نے حسب الایما اور مدد پوپ ڈیمسکس صاحب کے ' چوتهي صدي کے آخیر میں اس ترجمه پر نظر ثاني کرنے اور آسکو اصلي یوناني کے مطابق کرنے کا اراده کیا ' پس عهد

Testament according to the Hexaplar text of Origen, which he went to Cæsarea to consult, and the New Testament after the original Greek; and completed his task A. D. 384. Of this version the book of Job and the Psalms (which alone have been preserved to our times), together with the Chronicles, Proverbs, Ecclesiastes, and Song of Solomon, are all that were ever published; Jerome's manuscripts, comprising the remaining books of Scripture, having been either lost or destroyed through the wilful negligence or fraud of some individuals whom he has not named.

جديد کي نظر ثاني اوريجن صاحب کے نسخہ هکسپلر کے متن کے مطابق اُنهوں نے کي جس نسخہ سے مطابق کرنے کے واسطے وہ مقام سي زاريا کو گئے ' اور عهد جديد کو اصل يوناني نسخہ کے مطابق نظر ثاني کيا ' اور اُنهوں نے يهہ اپنا کام سنہ ۳۸۴ع ميں پورا کيا ' اس ترجمہ ميں سے کتاب ايوب اور زبور جو همارے زمانہ تک باقي رهي هيں ' اور کتب تاريخ اور امثال اور وعظ اور راگ سليمان ' يهہ وہ سب کتابيں هيں ' جو کبهي چهاپي گئيں هيں جيروم صاحب کے قلمي نسخے جن ميں کتاب اقدس کي باقي ماندہ کتابيں تهيں وہ قلمي نسخے بسبب دانستہ غفلت يا فريب بعض شخصوں کے ' جنکا اُنهوں نے نام نهيں بيان کيا هے ' جاتے رهے اور برباد هو گئے *

But before Jerome had finished his revisal, he had commenced a translation of the Old Testament from the Hebrew into Latin, in order that the Western Christians, who used this last language only, might know the real meaning of the Hebrew text, and thus be the better qualified to engage in controversial discussions with the Jews.

مگر پيشتر اس سے کہ جيروم صاحب نے اس ترجمہ کو نظر ثاني کيا ' اُنهوں نے عهد عتيق کا عبري سے رومي ميں اس ارادہ سے ايک ترجمہ شروع کيا تها ' کہ مغربي عيسائي جو صرف رومي زبان کو استعمال کرتے تهے عبري متن کے اصلي معنے جان سکيں ' تاکہ اُسکے اصلي معنوں سے واقف هوکر يهوديوں سے مباحثہ ميں بهتر قابليت کے ساتهہ مصروف هوں *

3. This version which surpasses all former ones, was executed at different times, Jerome having translated particular books in the order requested by his friends, we learn from Augustine, that it was introduced into the churches by degrees, for fear of offending weak persons: at length it acquired so great an

۳ يهہ ترجمہ جو تمام پهلے ترجموں پر سبقت رکهتا هے مختلف ايام ميں هوا هے ' کيونکہ جيروم صاحب نے خاص خاص کتابيں جس ترتيب سے کہ اُن کے دوستوں نے چاهيں ترجمہ کيں ' اگستاين صاحب کے بيان سے همکو معلوم هوتا هے کہ يهہ ترجمہ اس خوف سے کہ ضعيف

authority from the approbation it received from Pope Gregory 1., that ever since the seventh century it has exclusively been adopted by the Roman Catholic Church, under the name of the Vulgate version.

العقل لوگوں کو ناراضي نهو گرجوں میں بتدریج مروج هوا ۰ اخرکار بسبب منظوري پوپ گریگري اول کے ' اس ترجمه نے ایسي بڑي عزت اور سند حاصل کي , که ساتویں صدي سے رومي کیتهلک گرجے میں اسي کا ولگٹ ترجمه کے نام سے بالکل رواج هوگیا هے *

A decree of the Council of Trent, in the sixteenth century, commanded that the Vulgate alone should be used whenever the Bible was publicly read, and in all sermons, expositions, and disputations; and pronounced it to be authentic,—a very ambiguous term, which ought to have been more precisely defined, than the members of the Council chose to define it. "Upon this ground many contended, that the Vulgate version was dictated by the Holy Spirit, at least was providentially guarded against all error; was consequently of divine authority, and more to be regarded than even the original Hebrew and Greek texts."

اور ایک فتوے کونسل ٹرنٹ سے سولهویں صدي میں یهه حکم هوا که جب کبهي بیبل عموما پڑهي جاے تو صرف ولگٹ ترجمه هي استعمال میں لایا جایا کرے ' اور تمام قسموں کے وعظ اور تفسیروں اور مباحثوں میں اسیکا استعمال رهے ' اور اُس کونسل نے اس ترجمه کي سچائي کو تصدیق کیا ' یهه تصدیق کرنا ایک ایسي مشکوک اصطلاح هے ' جسکو ارکان کونسل نے زیاده درستي کے ساتهه بیان کیا هوتا به نسبت اسکے جیسا که اُنهوں نے اُسکا بیان کرنا پسند کیا هے ' یعني وجوهات اُسکي پسندیدگي کي بیان کرني چاهیئے تهیں ۰ مگر اس کونسل کے اس فتوے سے لوگ جزما یهه کهتے هیں ' که یهه ولگٹ ترجمه روح اقدس نے لکهوایا تها ' اور ادنے درجه یهه که روح اقدس نے اگر اُسکو نهیں لکهوایا تها تو اُسکے غلط نهونے پرخدا نے ضرور مدد کي تهي ' اس سبب سے وه بیان کرتے هیں ' که یهه ترجمه الهیه سند رکهتا هے ' اور اصل عبري اور یوناني متنوں سے بهي یهه زیاده قابل لحاظ کے هے *

In effect, the decree of the Council, however limited and moderated by the explanation of some judicious divines,

في الحقیقت اس کونسل کے فتوے سے ' جسکو رومیوں کے بعض عاقل عالموں علم الهي نے شرح سے محدود اور معتدل

has given to the Vulgate such a high degree of authority, that, in this instance at least, the translation has taken the place of the original: for, many translators, instead of the Hebrew and Greek texts, profess to translate the Vulgate. When they find the Vulgate very notoriously deficient in expressing the sense, they may indeed do the original Scriptures the honor of consulting them, and take the liberty, by following them, of departing from their authentic guide: but, in general, the Vulgate is their original text; and they give us a translation of a translation; by which second transfusion of the Holy Scriptures into another tongue, still more of the original sense is lost, and more of the genuine spirit evaporates.

The universal adoption of Jerome's new version throughout the Western Church rendered a multiplication of copies necessary; and with them new errors were introduced in the course of time, by the intermixture of the two versions (the Old Italic, and Jerome's or the Vulgate) with each other. Of this confusion, Cassiodorus was the principal cause, who ordered them to be written in parallel columns, that the Old version might be corrected by the Vulgate: and though Alcuin in the eighth century, by the command of Charlemagne, provided more accurate copies, the text again fell into such confusion, and was so disfigured by innumerable mistakes of copyists—(notwithstanding the efforts made to correct it by Lan-

کیا ہے ' ایسي بڑي سند اور عزت هوگئي ہے ' کہ سند پکڑنے میں بجاے اصل کے اسي کو اختیار کرتے هیں کیونکہ یہہ رومي مترجم بجاے عبري اور یوناني متنوں کے ولگت کو اپنے ترجموں کي اصل بتاتے هیں ' البتہ جب کبھي وہ ولگت ترجمہ کو مطالب ظاهر کرنے میں ناقص دیکھتے هیں ' تب وہ اصلي کتاب هاے اقدس کي طرف توجہہ کرتے هیں ' اور ان کي پیروي کرنے سے اپنے صادق هادي یعني ولگت ترجمہ سے علیحدگي اختیار کرتے هیں ' مگر عموما انکا اصل متن ولگت هوتا ہے ' پس وہ همکو ترجمہ کا ترجمہ دیتے هیں ' اور کتاب هاے اقدس کے رومي ترجموں کے اور زبانوں میں ترجمہ هونے سے اصلي متن کے مطالب گم هو جاتے هیں ' اور اصلي طبیعت عبارت کي اور زیادہ معدوم هوجاتي ہے *

مغربي گرجہ میں جیروم صاحب کے نئے ترجمہ کے عام رواج هوجانے سے بہت سے نسخوں کي کثرت هوني لازم ائي ' اور بسبب گذرنے زمانہ دراز کے قدیم رومي ترجمہ اور جیروم صاحب کے ولگت ترجمہ کے آپس میں ملجانے سے ان میں نئي غلطیاں داخل هو گئیں ' کیسیو ڈورس اس پریشاني کا پهلا باني تها ' جسنے یہہ حکم کیا تها کہ یہہ دونوں ترجمے موازي کالموں میں لکھے جاویں تاکہ قدیم رومي ترجمہ ولگت ترجمہ کے مقابلہ سے صحیح هو جاوے ' اگرچہ ایل کائن صاحب نے آٹھویں صدي میں شہنشاہ چارلي مین کے حکم سے بہ نسبت سابق کے زیادہ صحیح نسخے تیار کرائے اور لینک فرائینک

franc Archbishop of Canterbury, in the eleventh century, and by Cardinal Nicholas, and some other divines, about the middle of the twelfth, and in the thirteenth centuries)—that the manuscripts of the middle ages materially differ from the first printed editions.

صاحب بزرگ پادري كينٹربري نے ۱۱ صدي ميں ' اور كارڈنل نكوس صاحب اور بعض ديگر محققين نے بارهويں صدي كے وسط كے قريب ' اور تيرهويں صدي كے درميان ميں آنكے متن كے صحيح كرنے ميں بہت سي كوششيں كيں ' مگر متن پهر بهي ايسي پريشان حالت ميں رها ' اور ناقلوں كي بے شمار غلطيوں سے اسقدر خراب هو گيا ' كه اوسط زمانوں كے قلمي نسخے اول كے چهاپے گئے نسخوں سے بہت اختلاف ركهتے هيں *

Robert Stephen was the first person who attempted to remedy this confusion, by publishing his critical editions of the Vulgate in 1528, 1532, 1534, 1540, and particularly in 1545 and 1546. These, particularly the last, having incurred the censures of the doctors of the Sorbonne, John Hentenius a divine of Souvain, was employed to prepare a new edition of the Vulgate: this he accomplished in 1547, having availed himself of Stephen's previous labours with great advantage. A third corrected edition was published by Lucas Burgensis, with the assistance of several other divines of Souvain in 1573, in three volumes, which was also reprinted in 1586, with the critical notes of Lucas Burgensis.

The labours of the Souvain divines not being in every respect approved by Sixtus V., he commanded a new revision of the text to be made with the utmost care: to this work he devoted much time and attention, and corrected the proofs himself of the edition which was published at Rome in 1590. The text

رابرٹ سٹيفن صاحب اول شخص تهے ' جنهوں نے سنه ۱۵۲۸ وسنه ۱۵۳۲ وسنه ۱۵۳۴ وسنه ۱۵۴۰ ' اورخاص كر سنه ۱۵۴۵ سنه ۱۵۴۶ ميں اپنے نكته چيں نسخوں ولگٹ كے چهاپنے سے اس پريشاني كے دور كرنے كا قصد كيا ' اور ان نسخوں سے اورخاص كرپچهلے نسخوں كے مشتهر هونے سے مقام ساربان كے علمانے اُن كے مصنفوں پرملامت كي ' اسليئے جان هين ٹينڈنس صاحب محقق ساوين كو ولگٹ كا ايك نيا نسخه تيار كرنے كے واسطے مصروف كيا گيا اس نسخه كو آنهوں نے سٹيفن صاحب كے پهلے چهپے هوے نسخه سے بہت مدد ليكر سنه ۱۵۴۷ ع ميں پورا كيا ليوكس برجينسس صاحب نے بمدد بہت سے اور محققين ساوين كے ' تين جلدوں ميں ايك اورتيسرا صحيح كيا گيا نسخه اس ترجمه كا سنه ۱۵۸۶ ع ميں معه نكته چين شرحوں ليوكس برجنسس صاحب كے سنه ۱۵۷۳ ميں چهاپا ' اور يهه نسخه سنه ۱۵۸۶ ميں دوباره چهاپا گيا تها *

thus revised, Sixtus pronounced to be the authentic Vulgate, which had been the object of inquiry in the Council of Trent; and ordained that it should be adopted in the Romish Church. But, notwithstanding the labors of the Pope, the edition was discovered to be so exceedingly incorrect, that his successor Clement VIII. caused it to be suppressed, and published another authentic Vulgate in 1592: this however differs more than any other edition, from that of Sixous V., and mostly resembles that of Souvain.

ساوین کے محققوں کے ترجمہ کي هرایک بات کو پوپ‌سیکستس پنجم نے پسند نکیا ' اسلیئے اسنے حکم دیا که اس کے متن کي نہایت غور اور احتیاط سے نظر ثاني کي جاوے ' اس کام پر اسنے بہت ساوقت اور توجہه صرف کي '' اور اس ترجمه کا نسخه جو روم میں سنه ۱۵۹۰ میں چھپا ' وه اسکے پروف خود صحیح کیـــا کرتا تھا اس نسخه کے متن کي جب اسطرح سے نظر ثاني هوچکي ' پوپ‌سیکستس صاحب نے اسکو صحیح اور صادق ولگت ٹهرایا جس کي تحقیقات کونسل ٹرنٹ میں هوئي ' اور حکم دیا که گرجه روم میں اسکو رواج دیا جـــاوے ' باوجود ان پوپ کي کوششوں کے یهه نسخه اسقدر غلط معلوم هوا ' که انکے جانشیں پوپ کلمنٹ هشتم نے اسکا رواج اٹهادیا ' اور ایک اور صحیح نسخه ولگت کا سنه ۱۵۹۲ میں چھاپا ' سیکستس پنجم کے نسخه سے یهه نسخه به نسبت کسي اور نسخه کے زیاده اختلاف رکھتا ہے ' مگر ساوین کے چھپے هوے نسخه سے نہایت مشابه هے *

These fatal variances between editions, promulgated by pontiffs claiming infallibility, have not passed unnoticed by Protestant divines, who have taken advantage of them in a manner that sensibly affects the Church of Rome; especially Kortholt, who has at great length refuted the pretensions of Ballarmine in favor of the Vulgate in a masterly manner, and our learned countryman Thomas James, in his *Bellum Papale, Sive Concordia Discors Sixti* V. (London 1600, 4 to,) who has pointed

ان بہت بڑے اختلافات کو جو ولگت کے نسخوں میں پائے جاتے هیں ' اور جو پوپوں کے سبب سے بهي جنکو غلطي میں نه پڑنے کا دعوي تها بہت زیاده هوے محققیں پروتستنت نے بیان کرنے سے درگذر نہیں کي ہے ' اور ان اختلافات کو اسطرح سے ظاهر کیا هے که جس سے گرجه روم کو بڑا نقصان پهونچتا هے خاص کر کارتهولت صاحب نے بالرمائن صاحب کي وجوهات کو جنسے انهوں نے ولگت ترجمه کے عیب کو چهپایا هے بہت‌سي

out very numerous additions, omissions, contradictions and other differences between the Sixtine and Clementine editions.

دلایل سے نہایت عمدہ طرز کے ساتھہ غلط کیا ہے ' اور ہمارے ہم وطن عالم طامس جیمس صاحب نے اپنی کتاب بیلم پیپل وغیرہ مطبوعہ لندن سنہ ۱۶۰۰ع میں بہت افزودگیوں اور فرو گذاشتوں اور اختلافات کو جو سیکسٹس اور کیلمنٹ کے ولگٹ کے نسخوں میں ہیں ظاہر کیا ہے *

4. The Vulgate is regarded by Papists and Protestants in very different points of view: by the former it has been extolled beyond measure, while by most of the latter it has been depreciated as much below its intrinsic merit.

۴ کیتھلک اور پروٹسٹنٹ عیسائی ولگٹ ترجمہ کے باب میں مختلف راے رکھتے ہیں ' کیتھلک عیسائی تو اسکی بیحد تعریف کرتے ہیں ' اور پروٹسٹنٹ آسکی بیقدری اور کم عزت کرتے ہیں *

Our learned countryman, John Bois (Canon of Ely) was the first who pointed out the real value of this version in his *Collatio Veteris Interpretis cum Beza aliisque recentioribus* (8Vo. 1655.) In this work, which is now of extreme rarity, the author has successfully shown that, in many places, the modern translators had unduly depreciated the Vulgate, and unnecessarily departed from it. Bois was followed by Father Simon, in his *Historie Critique du texte et des versions du Nouveau Testament*, who has proved that the more ancient the Greek manuscripts and other versions are, the more closely do they agree with the Vulgate: and in consequence of the arguments adduced by Simon the Vulgate has been more justly appreciated by biblical critics of later times.

ہمارے ہموطن عالم جان بائس صاحب اول شخص تھے جنھوں نے اس ترجمہ کی اصلی قدر ومنزلت اپنی کتاب کالٹیو مطبوعہ سنہ ۱۶۵۵ع میں ہویدا کی ہے ' اس کتاب میں جو اب نہایت کمیاب ہے آسکے مصنف نے کامیابی سے یہہ ثابت کیا ہے کہ زمانہ حال کے مترجموں نے بہت سے مقاموں میں ولگٹ ترجمہ کی غیر واجبی طریق سے بیقدری کی ہے ' اور آس سے ناحق کنارہ کیا ہے ' بائس صاحب کے بعد فادر سائیمن صاحب نے اپنے نکتہ چینی تاریخ بیبل کے ترجمہ میں یہہ ثابت کیا ہے ' کہ یونانی قلمی نسخے اور اور ترجمے جسقدر قدیم ہوتے ہیں آسیقدر زیادہ وہ ولگٹ ترجمہ سے مطابق ہوتے ہیں اور بسبب وجوہات سائیمن صاحب کے زیادہ زمانہ حال کے بیبل کے نکتہ چینوں نے بہ نسبت سابق کے ولگٹ ترجمہ کی زیادہ واجب طور سے قدردانی کی ہے *

Although the Latin Vulgate is neither inspired nor infallible, as Marinus, Saurez, and other advocates of the Romish Church have attempted to maintain, yet it is allowed to be in general a faithful translation, and sometimes exhibits the sense of Scripture with greater accuracy than the more modern versions: for all those which have been made in modern times, by divines in communion with the Church of Rome, are derived from the Latin Vulgate, which in consequence of the decree of the Council of Trent above noticed, has been substituted for the original Hebrew and Greek texts. The Latin Vulgate therefore is by no means to be neglected by the Biblical critic: and since the *Ante Hieronymian* Latin translation is unquestionably of great antiquity, both these lead us to a discovery of the readings in very ancient Greek manuscripts, which existed prior to the date of any now extant. Even in its present state, notwithstanding the variations between the Sixtine and Clementine editions, and that several passages are mistranslated, in order to support the peculiar dogmas of the Church of Rome, the Latin Vulgate preserves many true readings, where the modern Hebrew copies are corrupted.

اگرچه رومي ولگت ترجمه نه تو الهام سے هوا هے ' او، نه ايسا هے که آس ميں غلطي بالکل هي نهو ' جيسا که مارينس صاحب اوردیگر پیروں گرجه روم نے آسکي بح کي هے تاهم آسکو عموما ایک درست نیک نیتي سے کیا هوا ترجمه مانا جاتا هے اور بعض اوقات آسمیں کتاب اقدس کے کلاموں کے معني به نسبت زمانه حال کے ترجمو نکے زیاده درست اور صحیح نکلتے هیں ' کیونکه وه سب ترجمے جنکو گرجه روم کے محققین نے زمانه حال میں کیا هے رومي ولگت سے هوے هیں ' جو بسبب فتوی کونسل ٹرنت مذکوره بالا کے بجاے اصلي عبري اوریوناني متنوں کے قرارپایا هے ' اسلیئے رومی ولگت سے علم بیبل کے تحصیل کرنے والے کو چاهئیے که ولگت سے بیخبر نرهے ' چنانچه این ٹي هیروني مین رومي ترجمه بلاشبهه بهت قدیم هے ' اسلیئے اِن دونوں نسخوں یعني ولگت اور اس ترجمه سے بهت قدیم یوناني ترجموں کي عبارتیں تحقیق هوتي هیں ' جو نسخے به نسبت اب کسي نسخه موجود کے بهت پہلے موجود تھے ' باوجود بهت سے اختلافوں کے جو درمیان سیکسٹس اور کلیمنت کے نسخوں کے هیں ' اور باوجود اسبات کے که گرجه روم کے خاص مسائل کي پرورش کرنے کے واسطے رومي ولگت کے بهت سے مقامونکا غلط ترجمه کیا گیا هے ' آن میں اس حالت میں بهي بهت سي ایسي صحیح عبارتیں موجود هیں جنکي عبري نسخوں میں تحریف هوگئي هے *

The Old Latin Version of the four Gospels was published at Rome, by Blan-

چاروں انجیلوں کے قدیم رومي ترجمه کو مقام روم میں بلنکني صاحب نے این جیلیدیم

chini, in two voloumes, under the title of *Evangeliarium quadruplex Latinæ versionis autique seu veteris Italicæ:* and the remains of the different ancient versions were collected and published by Sabatier at Rheims, in three volumes 1749. The printed editions of the Vulgate are so numerous, that any account of them would occupy too large a portion of the present work: the Paris edition of Didot published in 1785, in two volumes, may however be noticed for its singular beauty and accuracy, as well as the edition of the New Testament, printed under the superintendence of Leander Von Ess, entitled *Testamentum Novum Vulgatæ Editionis, juxta exemplar ex typographia Apostol. Vaticana, Romæ* 1592.

وغیرہ نام رکھہ کر دوجلدوں میں چھاپا ' اور سبیٹیر صاحب نے مقام ریمس میں قدیم متفرق ترجموں کے باقي ماندہ حصوں کو جمع کرکے سنہ ۱۷۴۹ع میں تین جلدوں میں چھاپا ' ولگٹ ترجمہ کے چھپے ہوے نسخے اسقدر کثرت سے ھیں ' کہ اگر آن کا کچھہ بیان کیا جاوے تو اس کتاب کا بہت ساحصہ بھر جاوے ' مگر ولگٹ ترجمہ کا ڈائیڈوٹ صاحب کا نسخہ جو مقام پیرس میں سنہ ۱۷۸۵ع میں دوجلدوں میں چھپا بسبب آسکي خوب صورتي اور درستی عبارت کے ' اور عہد جدید کا نسخہ جو باھتمام لینڈروان اس صاحب کے ٹستیمنتم ولگٹ وغیرہ کے نام سے مقام روم میں سنہ ۱۵۹۲ع میں چھپا ' یہہ دونو ذکر کرنے کے قابل تھے *

On the Ancient versions of the New Testament.

قدیم نسخے عہد جدید کے

The ancient versions of the New Testament may be divided into three classes—the Oriental, the Latin, and the Western: and as the Latin versions have been noticed in the preceding paragraphs, we shall at present confine our attention to the Oriental and Western translations.

عہد جدید کے قدیم ترجموں کو تین قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ھے یعني مشرقي اور رومي مغربي اور رومي ترجمونکا جو اول فقرہ میں بیان کیا گیا ھے ' اسلیئے ھم اب مشرقي اور مغربي ترجموں کا بیان کرینگے *

Of the Syriac versions of the New Testament.

سریا زبان کے ترجمے عہد جدید کے

The Old Syriac version is usually called the Peschito, that is, *right,* or *exact.* This translation comprises only the four Gospels, the Acts of the Apostles, the Epistles of Saint Paul (including the Epistle to the Hebrews), the first Epistle of St. John, St. Peter's first Epistle, and the Epistle of St. James. The celebrated passage in 1. John ch. 5. v. 7.

قدیم سریا زبان کا ترجمہ پیسکیٹو یعني صحیح اور بعینہ کہلاتا ھے ' اس ترجمہ میں چار انجیلیں اور اعمال حواریان اور نامےھاے سینٹ پال ھیں ' اور سینٹ پال کے ناموں میں وہ نامہ بھي جو یہودیوں کے نام تھا اور اول نامہ سینٹ جان کا اور اول نامہ سینٹ پیٹر کا اور سینٹ جیمس کا

and the history of the woman taken in adultery (John ch. 8. v. 2-11.), are both wanting. All the Christian Sects and the East make use of this version exclusively, which they hold in the highest estimation. Michaelis pronounces it the best translation of the Greek Testament which he ever read, for the general ease, elegance, and fidelity with which it is executed.

نامہ بھي هيں ، مشهور مقام جو جان كي انجيل كے باب ٥ـــ٧ ميں هے ، اور تاريخ اُس عورت كي جو زنا كاري ميں ماخوذ هوئي (جان باب ٨ــــ٢ لغايت ١٢) اس نسخه ميں نهيں هيں ، تمام عيسائي فرقے اورمشرقي عيسائي اسي نسخه كا استعمال كرتے هيں ، اور اسكي نهايت قدر كرتے هيں ميكيلس صاحب بسبب اس نسخه كي سليس عبارت اور مطابقت اصل كے اُسكو يوناني انجيل كا ايسا نهايت عمده ترجمه بتاتے هيں ، كه كبهي اُن كے ديكهنے ميں نه آيا تها *

This Syriac version retains many Greek words, which might have been easily and correctly expressed in Syriac: in Matt. ch. 27. alone there are not fewer than eleven such words. In like manner some Latin words have been retained which the authors of the New Testament had borrowed from the Roman manners and customs. This version also presents some mistakes, which can only be explained by the words of the Greek text, from which it was immediately made. This version is confessedly of the highest antiquity, and there is every reason to believe that it was made, if not in the first century, at least in the beginning of the second. It must certainly have been executed previously to the third century, because the text which it follows, according to Professor Hug, does not harmonize with the recension adopted by the Churches of Palestine and Syria, subsequently to the third century. It is independent, belonging to no family, and sometimes pre-

اُس ميں بهت سے ايسے يوناني لفظ هيں جو آساني سے صحيح سريا ميں آسكتے تهے ، متى كے باب ٢٧ ميں گيــــاره لفظ سے كم نهيں هيں ، اور اسي طرح سے چند رومي الفاظ بهي اُس ميں پاے جاتے هيں ، جنكو عهد جديد كے مترجموں نے رومي اطوار اور رسومات سے ليا ، اس سريا زبان كے ترجمه ميں چند غلطياں بهي معلوم هوتي هيں ، جنكو صرف يوناني متن كے هي الفاظ سے صحيح كيا جاسكتا هے ، كيونكه اسي متن سے وه اول هي زمانه ميں هوا تها ، يهه ترجمه في الحقيقت نهايت قديم هے ، اور اسبات كے يقين كرنے كے لئيے بهت سي دليليں هيں ، كه اگر يهه ترجمه اول صدي ميں نهيں هوا تو دوسري صدي كے شروع ميں هوا هوگا ، بلاشبهه تيسري صدي سے يهه ترجمه پيشتر هوا هوگا ، كيونكه وه متن جسكا وه پيرو هے بموجب پرافسرهگ صاحب كے قول كے اُس نسخه سے مطابقت نهيں ركهتا هے

sents the ancient and peculiar readings of the Vetus Itala or Old Italic version or those occuring in the Codex Cantabrigensis.

جسکو ایلستاین اور سریا کے گرجوں میں تیسري صدي کے بعد رواج دیا گیا تھا ' یہہ سریا زبان کا ترجمہ کسي نسخہ کا پیرو نہیں ہے ' اور کہیں کہیں اس میں قدیم رومي ترجمے یا کوڈکس کین ٹي بیري جینسس کي قدیم اور مخصوص عبارتیں واقع ہوتي ہیں *

There is also extant a Syriac version of the second Epistle of Saint Peter, the second and third Epistles of John, the Epistle of Jude, and the Apocalypse, which are wanting in the Peschito: these are by some writers ascribed to Mar Abba, Primate of the East, between the years 535 and 552. The translation of these books is made from the original Greek; but the author whoever he was, possessed but an indifferent knowledge of the two languages.

سینٹ پیٹر کے دوسرے نامہ کا اور یوحنا کے دوسرے اور تیسرے نامہ کا اور یہود کے نامے اور کتاب مشاهدات کا بهي ایک سریا زبان کا ترجمہ موجود ہے ' اور یہہ سب نامے وغیرہ پسکیٹو ترجمہ میں نہیں هیں ' بعض مورخ انکو مار ابا صاحب مشرق کے پرائیمٹ سے سنہ ۵۳۵ اور سنہ ۵۵۲ کے درمیان میں منسوب کرتے هیں ' ان کتابوں کا ترجمہ اصل یوناني متن سے هوا ہے ' مگر مترجم اس کا جسکا حال معلوم نہیں کہ وہ کون تھا دونو زبانوں کا اچھا علم نہیں رکھتا تھا *

The Philoxenian or Syro-Philoxenian version, derives its name from Philoxenus, or Xenayas, Bishop of Hierapolis or Mabug in Syria, A. D. 488-518, who employed his suffragan Bishop Polycarp, to translate the Greek New Testament into Syriac. This version was finished in the year 508, and was afterwards revised by Thomas of Harkel or Heraclea A. D. 616. Michaelis is of opinion that there was a third edition; and a fourth is attributed to Dionysius Barsalibaeus who was Bishop of Armida from 1166 to 1177. It appears, however, that there were only two editions–the original one by Polycarp, and that revised by Thomas

فیلاکزینین ترجمہ جسکو سائیروفیلاکزینین بهي کہتے هیں ' فیلاکزینیس یا اکزینیس صاحب کے نام سے ' جو هیروپولس یا میبلس واقع سریا کے سنہ ۴۸۸ سے سنہ ۵۱۸ تک بشپ رہے نکلا ہے ' جنہوں نے اپنے ماتحت بشپ پالي کارپ صاحب سے یوناني عہد جدید کا سریا زبان میں ترجمہ کرایا ' یہہ ترجمہ سنہ ۵۰۸ میں پورا هوا اور طامس صاحب هارکل یا هریکلیا والے نے بعد ازین سنہ ۶۱۶ میں اسپر نظر ثاني کي میکیلس صاحب کي یہہ راے ہے کہ عہد جدید کا سریا زبانمیں ایک تیسرا نسخہ بهي تھا ' اور ایک چوتھا ڈائیونیسیس بارسیلبیس

of Harkel; the single copy of the four Gospels, with the alterations of Barsalibaeus, in the twelfth century, being hardly entitled to the name of a new edition.

صاحب سے جو سنه ۱۱۶۶ سے سنه ۱۱۷۷ تک مقام ارمیڈیا کے بشپ رهي منسوب کیا جاتا هے ' مگر باوجود اسکے یهه معلوم هوتا هے ' که صرف دوهي نسخے سریا میں تهے ' اصلي نسخه تصنیف کیا هوا بالي کارب صاحب کا تها ' اور دوسرا نسخه وه تها جسکو طامس صاحب هارکل والیئے نظر ثاني کیا اور چاروں انجیلونکا اکیلا نسخه جسکو بارسیلبیس صاحب نے بارهویں صدي میں کچهه تبدیلیاں کرکے تیار کیا ' اسکو ایک نیا نسخه کهنا اچها زیبا نهیں هے *

The Philoxenian version, though made immediately from the Greek, is greatly inferior to the Peschito, both in the accuracy with which it is executed, and also in its style. It is, however, not devoid of value, and is of real importance to the critic, whose object is to select a variety of readings, with the view of restoring the genuine text of the Greek original, for he may be assured that every phrase or expression is a precise copy of the Greek text as it stood in the manuscript from which the version was made. But, as it is not prior to the sixth century, and the Peschito was written either at the end of the first, or at the beginning of the second century, it is of less importance to know the readings of the Greek manuscript that was used in the former, than those of the original employed in the latter.

یهه فیلا کزینیں ترجمه اگرچه یوناني سے ابتدا میں هوا ' لیکن پسکیٹو ترجمه سے بلحاظ اصلي متن سے مطابقت رکهني اور اپني طرز عبارت کے بهت کمتر هے ' لیکن تب بهي وه بالکل ناکاره نهیں هے ' اور ایسے نکته چین کے واسطے اصل ٹهرانے کے لیئے یهه بهت عمده هے ' جو مختلف عبارتونکو اس منشاء سے منتخب کرنا چاهتا هو که یوناني اصلي نسخه کا متن بحال کرے ' کیونکه وه یهه یقین کرلے که اس نسخه کا هر جمله اور کلام یوناني متن کا بعینه ویسے هي نقل هے جیسا که وه اس نسخه میں تها جس سے یهه ترجمه هوا مگر یهه ترجمه جو چهٹي صدي سے پیشتر کا نهیں هے ' اور پسکیٹو ترجمه خواه تو اول صدي کے انجام خواه دوسري صدي کے آغاز میں هوا تها ' اس لیئے اس یوناني نسخه کي عبارتونسے جس سے فیلا کزینین ترجمه تیار کیا گیا تها ' واقف هونا اسقدر مفید نهیں هے جتنا که اصلي متن کي عبارتوں سے جس سے پسکیٹو ترجمه تیار کیا گیا تها ' آگاه هونا فائده مند هے *

The Palestino-Syriac, or Syria Translation of Jerusalem, was discovered in the Vatican Library at Rome by M. Adler, in a manuscript of the eleventh century. It is not an entire translation of the New Testament, but only a Lectionarium, or collection of detached portions, appointed to be read in the service of the Church on Sundays and festival days. It is written in the Syriac or Chaldee dialect of Jerusalem, and was evidently made in a Roman province. This manuscript has not yet been collated throughout, so that it is very uncertain to what recension it belongs. But, from what is known concerning it, there is reason to think that it combines the readings of different families.

پیلسٹینو سریا زبان کے ترجمہ یا یورشلم کے سریا زبان کے ترجمہ کو بمقام روم کتب خانہ وٹیکن میں ایڈلر صاحب نے گیارھویں صدي میں ایک قلمي نسخہ میں پایا تھا ' یہہ عہد جدید کا پورا ترجمہ نہیں ہے ' مگر یہہ آن متفرق حصوں کا صرف ایک مجموعہ ہے جو گرجے کي نمازوں میں اتواروں اور تہواروں میں پڑھنے کے لیئے مقرر کیئے گئے تھے ' یہہ ترجمہ یورشلم کي سریا یا کیلدي زبان میں لکھا ہوا ہے ' اور علانیہ ایک رومي صوبہ میں تیار ہوا ھے ' اس ترجمہ کا ابتک بالکل مقابلہ نہیں کیا گیا ھے ' پس اسلیئے یہہ بات تحقیق نہیں ہوئي کہ یہہ کون سے نسخہ کے خاندان سے علاقہ رکھتا ھے ' مگر جو کچھہ ھمکو اسکے باب معلوم ہوا ازروے آسکے یہہ سمجھنا لازم ھے کہ اس نسخہ میں مختلف خاندانوں کي عبارتیں مخلوط ھیں *

Of the Egyptian Versions of the New Testament.

مصري ترجمے عہد جدید کے

There are two translations of the New Testament extant in the Egyptian language—one in the Coptic or ancient dialect of Lower Egypt, the other in the Sahidic or dialect of Upper Egypt.

The Coptic version was published at Oxford, in 1716, by Daniel Wilkins, a learned Prussian, who has endeavoured to prove that it must have been executed prior to the third century, but his opinion has been controverted by many learned men, and particularly by Louis Piques, who refers it to the fifth century. The celebrated passage (1. John ch. 5. v. 7,) is wanting in this version,

عہد جدید کے مصري زبان میں دو ترجمہ موجود ھیں ' ایک زبان کاپٹک میں ھے ' جو نیچي کے حصہ مصر کي زبان ہے ' اور دوسرا زبان سہدک میں ھے جو مصر کے اوپر کے حصہ کي زبان ھے *

بمقام آکس فرڈ سنہ ۱۷۱۶ میں ڈینیل ولکنز صاحب نے جو ملک پرشیا کے عالم ھیں ' کاپٹک ترجمہ کو چھاپا اور آنھوں نے اسبات کے ثابت کرنے میں کوشش کي ہے ' کہ یہہ ترجمہ تیسري صدي سے پہلے ہوا ہوگا ' مگر بہت سے عالم خاص کر لوئیس پیکیویس صاحب جو اس نسخہ کو پانچویں صدي کا بتاتے ھیں ان کي راے

as well as in the Syriac Peschito, and Philoxenian translations. A fragment of a Greek-Coptic version of the New Testament, comprising part of St. John's Gospel, was published by Father George, at Rome, in 1789; and another, comprising parts of the Old and New Testaments, was edited, at Copenhagen, by M. Engelbreth. From the observations of Dr. Woide, it appears, that the Coptic inclines more to the Alexandrian than the Sahidic—that no remarkable coincidence is to be found between the Coptic or Sahidic and the Vulgate;—and that we have no reason to suspect that the former has been altered or made to conform to the latter.

کے برخلاف هیں ' مشهور مقام جو اول یوحنا باب ۵ــ۷ میں هے اس ترجمه میں اور ایسے هي سریا زبان کے پسکیٹو اور فیلاکزینین ترجمه میں نهیں هے ' عهد جدید کے ایک یوناني کاپٹک متن کے نسخه کا وه ٹکڑا ' جس میں سینٹ یوحنا کي انجیل کا ایک حصه هے ' فادر جارجي صاحب نے بمقام روم سنه ۱۷۸۹ میں چھاپا اور ایک اور ٹکڑا جس میں عهد عتیق اور عهد جدید کے حصه هیں بمقام کوپن هیگن میں انجل بورتهه صاحب نے مرتب کیا ' اور ڈاکٹر وایڈ صاحب کي کیفیت سے یهه معلوم هوتا هے که کاپٹک ترجمه به نسبت سهدک ترجمه کے الکذنڈرین نسخه سے زیاده وابستگي رکهتا هے ' اور کاپٹک یا سهدک اور ولگٹ ترجموں میں بهت مطابقت نهیں پائي جاتي هے ' اسبات میں همارے شبهه کرنے کي کوئي وجهه نهیں هے که کاپٹک ترجمه کو تبدیل کرکے سهدک ترجمه کے مطابق کرلیا گیا هے*

Concerning the age of the Sahidic version, critics are not yet agreed. Dr. Woide, however, has shown that it was most probably executed in the second century; and, consequently, it is of the utmost importance to the criticism of the Greek Testament. In a dissertation on this version, written in the German language, and abridged by Bishop Marsh, Dr. Woide observes, that there are now in existence two Sahidic manuscripts, one formerly in the possession of the late Dr. Askew, the other brought by the celebrated traveller, Mr. Bruce. The former contains a work, entitled Sophia, and written by Valentinus, in

سهدک ترجمه کا زمانه قایم کرنے میں نکته چین متفق نهیں هیں ' لیکن ڈاکٹر وایڈ صاحب نے یهه ثابت کیا هے که یهه ترجمه غالبا دوسري صدي میں هوا هے ' اس سبب سے یوناني عهد جدید کي نکته چیني میں وه نهایت کار آمد هے ' ایک بحث سے جو اس ترجمه پر هوئي اور جرمني زبان میں لکهي هوئي هے ' اور اسکا بشپ مارش صاحب نے اختصار کیا هے ' ڈاکٹر وایڈ صاحب یهه سمجهتے هیں که اب دو سهدک نسخے موجود هیں ' ایک تو وه جو ڈاکٹر ایسکیو صاحب کے قبضه میں تها ' اور دوسرا وه جسکو مشهور

the second century. This manuscript contains various passages both from the Old and New Testaments, which coincide with the fragments of the Sahidic version now extant; whence it is concluded that a Sahidic version of the whole Bible not only existed so early as the beginning of the second century, but that it was the same as that of which we have various fragments, and which, if put together, would form perhaps a complete Sahidic version of the Bible. The other manuscript to which Dr. Woide appeals, contains two books.

Now that this version was written by a Gnostic, as well as the other manuscript, appears both from the title and the contents, and therefore it is concluded that the author lived in the second century. And as various passages are quoted in it both from the Old and New Testaments, Dr. Woide deduces the same inference as from the foregoing.

سیاح بروس صاحب لائے ' پہلے نسخہ میں ایک سوفیا نام کتاب ھے جسکو ویلی ٹینس صاحب نے دوسري صدي میں لکھا ' اس نسخہ میں ھردو عہد عتیق اور عہد جدید کے مقام پائے جاتے ھیں ' جو سہدک ترجمہ میں کے آن ٹکڑوں سے جو اب موجود ھیں مطابق ھیں ' جس سے یہہ نتیجہ نکالا جاتا ہے کہ صرف تمام بیبل کا سہدک ترجمہ ھي دوسري صدي میں موجود نہوگا ' بلکہ وہ ترجمہ ایسا ھي ھوگا جیساکہ وہ ترجمہ ہے جسکے ٹکڑے اب ھمارے پاس ھیں ' اگرآن ٹکڑوں کوجمع کیا جاوے تو شاید پوري بیبل کا سہدک ترجمہ بن جاوے ' ایک اور نسخے میں جسکي ڈاکٹروایڈ صاحب اطلاع دیتے ھیں دو کتابیں ھیں ' آن نسخوں کے نام اور مضامین سے یہہ معلوم ھوتاھے ' کہ یہہ دونوں کسي ناستک کے لکھے ھوے ھیں ' اسلیئے یہہ نتیجہ نکالا جاتا ھے کہ آن کا مصنف دوسری صدي میں ھوا ' اور اس سہدک ترجمہ میں جو عہد عتیق اور عہد جدید کے بہت سے مقام نقل کیئے ھیں آن سے ڈاکٹروایڈ صاحب ویسا ھي نتیجہ نکالتے ھیں ' جیسا کہ پہلوں سے *

Besides the versions in the Coptic and Sahidic dialects, Father George discovered, in a manuscript belonging to Cardinal Borgia, a fragment of a version written in a still different Egyptian dialect, which he calls *dialectus Ammoniaca*. It contains only 1 Cor. ch. 7. v. 36.—ch. 9. v. 16, and ch. 14, v. 33.—ch. 15. v. 33. Dr. Frederick Munter has printed the Sahidic and Ammonine texts of 1 Cor. ch. 9.

علاوہ کاپٹک اور سہدک زبانوں کے ترجمہ کے فادر جارجي صاحب نے ' ایک نسخہ میں جو کارڈینل بارجیا صاحب کا تھا ' ایک ترجمہ کا ایک ترجمہ پایا جو آن دونوں سے ایک اور مختلف زبان میں لکھا ھوا تھا ' جس زبان کا نام ایموني اکا پکارا جاتا ھے اس ٹکڑے میں صرف اول نامہ گرنتھیئنس کے باب ۷ ـــ ۳۶ سے لغایت باب ۹ ـــ ۱۶ ' اور باب ۱۴ ـــ ۳۳ سے لغایت باب ۱۵ ـــ ۳۳

v. 10.—v. 16., in his *Commentatio de Indole Versionis Novi Testamenti Sahidicæ*, in parallel columns, in order to present the reader with a distinct view of the similarity or difference between the two versions. On account, however, of the chief difference consisting in the orthography of single words, he is not disposed to assign to the Ammoniac the name of a separate dialect.

سے ڈاکٹر فریڈرک منٹر صاحب نے اپني تفسیر عہد جدید میں سہدک اور آیمونیک زبانوں میں ۰ اول نامہ گرنتھینس کے باب ۹—۱۰ سے آیت ۱۶ تک اس ارادہ سے موازي کالموں میں چھاپا ہے ' کہ پڑھنے والا ان دونوں ترجموں کي مطابقت اور اختلاف کو اچھي طرح دیکھہ لے ' بسبب مقدم اختلاف کے جو صرف لفظوں کي قوت اور آوازوں میں ہے ' فریڈرک منٹر صاحب نے ایمونیک زبان کو علحدہ نہیں قرار دیا ہے *

Of the Arabic versions of the New Testament.

عربي ترجمے عہد جدید کے

There are many Arabic translations of the New Testament, besides those which have appeared in print: for, since the Arabic language supplanted the Syriac and Egyptian languages, the inhabitants of the countries where these had been spoken, have been obliged to annex Arabic translations to the ancient versions, which are no longer understood. These Arabic translations are supposed to have been made at different times between the seventh and the eleventh centuries: in general they were not all executed from the original text, but from the versions which they were intended to accompany. Thus, some which are placed together with the Greek text, have been made from the Greek, while others have been made from the Syriac, the Coptic, and even from the Latin Vulgate. The chief Arabic translations which have been printed, are the following.

عہد جدید کے بہت سے اور عربي ترجمے علاوہ ان ترجموں کے ہیں جو چھپے ہیں ' کیونکہ جس وقت سے عربي زبان بجاے سریا زبان اور مصر کي زبان کے قرار پائي تب ان ملکوں کے باشندوں نے مجبور ہوکر قدیم کے ترجموں کے ساتھہ جو اب سمجھہ میں نہیں آتے عربي ترجمے لگائے تھے ' خیال کیا جاتا ہے کہ یہہ عربي ترجمے مختلف ایام میں درمیان ساتویں یا گیارھویں صدي کے ہوے ' یہہ ترجمے عموما سب اصلي متن سے نہیں ہوے ' مگر ان ترجموں سے ہوے جنکے ساتھہ لگائے جانے کے واسطے انکو کیا گیا تھا ' مثلا چند ترجمے جو یوناني متن کے ساتھہ لگے ہوے ہیں وہ یوناني متن سے ہوے ' اور باقي ترجمے سریا اور کاپٹک ترجموں سے بلکہ رومي ولگٹ ترجمہ سے بھي ہوے ' مقدم عربي ترجمے جو چھپے ہیں حسب تفصیل ذیل ہیں *

1. The four Gospels printed at Rome, 1590-91: there are some copies with a new title page, and dated 1619. An interlineary Latin translation (taken from the Vulgate, but slightly altered to make it correspond to the Arabic) was published at the same time. This Arabic version appears to have been made from the Greek text: the edition of the four Gospels was reprinted with some corrections in the Paris Polyglott, and again with very numerous corrections from manuscripts by Bishop Walton in the London Polyglott.

۱ نسخہ چار انجیلوں کا جو بمقام روم سنہ ۱۵۹۰ ع اور سنہ ۱۵۹۱ ع میں چھپا ٬ اور چند اور نسخہ هیں جنکے سرنامے نئے هیں اور تاریخ اُنکي سنہ ۱۶۱۹ ہے اسي زمانہ میں ایک عربي ترجمہ جسکے ساتھہ سطر بسطر اُسکا رومي ترجمہ ولگت سے لیا گیا ہے ٬ مگر عربي ترجمہ سے مطابق کرنے کے واسطے اُس میں کچھہ تبدیل کیا گیا ہے چھپا ٬ معلوم هوتا ہے کہ یہہ رومي ترجمہ اصل یوناني متن سے هوا هوگا ٬ چاروں انجیلوں کا یہہ نسخہ معہ چند اصلاحوں کے پیرس کے مجموعہ میں دوبارہ چھاپا گیا تھا ٬ اورپھر بشپ والٹن صاحب نے بہت سے نسخوں کي مدد سے اُس میں بہت سي اصلاحیں کرکے اُسکو لنڈن کے مجموعہ میں چھاپا ٭

2. Erpenius published an Arabic translation at Leyden, in 1616, from a manuscript said to be written A. D. 1342, in the monastery of Saint John, in the desert of Thebais: he has copied his manuscript with singular accuracy, even where there appeared to be Grammatical errors. This is the most elegant, faithful, and genuine edition of the Arabic version, but is unfortunately very difficult to be procured; it corresponds exactly with the Roman edition.

۲ ایک نسخہ سے جسکو بیان کرتے هیں کہ سنہ ۱۳۴۲ عیسوي میں لکھا گیا اور سینٹ یوحنا کے عبادت خانہ واقع بیابان تھے بیس میں دستیاب هوا ٬ ارپینیس صاحب نے مقام لنڈن میں سنہ ۱۶۱۶ میں ایک عربي ترجمہ چھاپا ٬ اِن صاحب نے اپنے نسخہ کو عجیب مطابقت سے نقل کیا هے ٬ یہاں تک کہ جہاں کہیں صرف ونحو کي غلطي بھي معلوم هوئي اُسے بھي ویسے هي رهنے دیا یہہ نسخہ نہایت عمدہ اور بہتر اور اصلي نسخہ عربي ترجمہ کا هے ٬ مگر اِس کا بہم پہونچنا مشکل ہے ٬ رومي ترجمہ سے یہہ نسخہ بعینہ مطابق ہے ٭

3. The Arabic and Latin Bible, printed at Rome by the Congregation *De Propagunda Fide* in 1761, in three

۳ عربي اور رومي بیبل کو جسکو مذهبي مجلس نے مقام روم میں باهتمام سرجیس ریھیس صاحب بشپ دمشق

volumes, under the care of Sergius Risius, Bishop of Damascus, is altered from the Vulgate, and consequently is of no use, either in the criticism or interpretation of the Scriptures.

کے تین جلدوں میں سنہ ۱۷۹۱ع میں چھاپا رومی ولگت سے مختلف کردیا گیا ہے ' اور اس سبب سے یہہ نسخہ کتابہاے اقدس کی عبارت یا معنے کی صحت کرنے میں کچھہ کام کا نہیں ہے *

4. The same remark is applicable to the Arabic New Testament published at London by the Society for promoting Christian knowledge, A. D. 1727, for the use of the Christians in Asia. Its basis is the text of the Paris and London Polyglotts: but the editor, Solomon Negri, has altered in it those passages which vary from the readings of our present Greek text.

۴ جو عربی ترجمہ عہد جدید کا مذہبی سوسائیٹی نے لندن میں سنہ ۱۷۲۷ع میں ایشیا کے عیسائیوں کے استعمال کے لیئے چھاپا ' اسکی بھی کیفیت یہی ہے ' یعنی اسکو بھی تبدیل کردیا گیا ہے ' پیرس اور لندن کے مجموعہ اس نسخہ کی بنیاد ہیں ' مگر اسکے مولف سالومن نگری صاحب نے اسکو ان مقاموں میں تبدیل کیا ہے ' جو ہمارے موجودہ یونانی متن کی عبارت سے اختلاف رکھتے ہیں *

Of the Ethiopic Versions of the New Testament.

اتھیوپیا زبان کے ترجمے عہد جدید کے

Of the author of the Ethiopic version we have no historical account; he is supposed to have been Trumentius, who about the year 330 first preached Christianity in Ethiopia. This version is in the Gheez, or dialect appropriated to religion in Ethiopia. There is also a translation of the New Testament in the Amharic or common dialect of Ethiopia.

اتھیوپیا زبان کے مصنف کے حال سے ہمکو اطلاع نہیں ہے ' خیال کرتے ہیں کہ مصنف اسکے ترومینٹس صاحب تھے جنھوں نے قریب سنہ ۳۳۰ع کے اتھیوپیا میں مذہب عیسائی کا وعظ کیا ' یہہ ترجمہ زبان غیظ میں ہے ' یعنی اس زبان میں جو اتھیوپیا میں مذہب کے لیئے خاص ہے ' عہد جدید کا ایمہرک زبان میں بھی جو اتھیوپیا کی عام زبان ہے ایک ترجمہ ہے *

Of the Armenian Versions of the New Testament.

ارمینیہ زبان کے ترجمہ عہد جدید کے

The Armenian version of the New Testament is unanimously ascribed to Miserob, the inventor of the Armenian Alphabet, and to the Patriarch Isaac, at the end of the fourth or early in the

عہد جدید کے ارمینیہ ترجمہ کو سب لوگ متفق مزراب صاحب سے جو ارمینیہ زبان کے (الف بے) کے موجد ہیں ' اور بشپ اسحاق سے منسوب کرتے ہیں

fifth century. It was twice translated from the Syriac, and then from the Greek; and that the copies now extant were made from the latter text, is evident from their containing those books of the New Testament which were never admitted into the Peschito or ancient literal Syriac version. This version, in the opinion of Semler, is of great importance, as faithfully representing the manuscripts whence it was made: but Michaelis observes, that it would be an inestimable treasure, had it descended to us unaltered by time and superstition. It has, in several instances, been made comformable to the Vulgate by Haitho or Hethom, sovereign of Lesser Armenia from A. D. 1224 to 1270, who was attached to the Church of Rome, and skilled in the Latin language.

اورچھوتھي صدي کے اخیریا پانچویں صدي کے شروع کا خیال کرتے هیں ' یهه ترجمه سریا ترجمه سے دو دفعه کیا گیا تھا ' اور بعده یوناني متن سے کیا گیا تھا ' اس ترجمه کے نسخوں میں جو عهدجدید کي وہ کتابیں پائي جاتي هیں ' جنکو پسکیتو یا قدیم لفظي سریا زبان کے ترجمه میں هرگز جائز نرکھا گیا تھا ' اس سے یهه علانیه معلوم هوتا ہے کہ اس ترجمه کے موجودہ نسخے یوناني متن سے کیئے گئے تھے ' سیملر صاحب کي رائے کے بموجب بڑے کام کا ہے کیونکه جن نسخوں سے وہ هوا ہے آنکي عبارتیں اس میں بعینه نظر آتي هیں ' مگر میکئلس صاحب یهه خیال کرتےهیں که یهه نسخه گویا ایک بیحد خزانه هوتا اگر زمانه اور کذب مذهبي کي خرابیوں سے محفوظ رهکر همتک بجنسهه پهونچتا بادشاه قلیل حصه ارمینیه کے مسمی هیتهویاهیتهم نے سنه ۱۲۲۴ سے سنه ۱۲۷۰ع تک اس نسخه کو بهت سے مقاموں میں تبدیل کر کر رومي ولگت کے مطابق کر لیا ہے ' یهه بادشاه گرجه روم سے تعلق رکھتا تھا ' اور رومي زبان سے واقف تھا *

Of the Persian versions of the New Testament.

فارسي ترجمے عهدجدید کے

There are extant two Persian versions of the four Gospels, the most ancient and valuable of which was first printed in the London Polyglott, by Bishop Walton, from a manuscript in the possession of Dr. Pococke, dated A. D. 1314: it was made from the Syriac, having sometimes retained Syriac words, and subjoined a Persian translation.

چاروں انجیلوں کے دو فارسي ترجمه موجود هیں ' جنمیں سے نهایت عمده اور پسندیده نسخه کو بشپ والٹن صاحب نے ایک نسخه مقبوضه ڈاکٹر باکوک میں سے سنه ۱۳۱۴ع میں لیکر لندن کے مجموعه میں اول چھاپا ' یهه نسخه سریا ترجمه سے هوا ' اس میں کهیں کهیں سریا زبان کے

انفاظ بهي مسلم رکهے هیں ' اور اسکے ساتهه ایک اور فارسي ترجمه لگا هوا تها *

The other Persian translation was edited by Wheloc, and after his decease by Pierson, at London, in 1652-59, after a collation of three manuscripts. It is supposed to have been made from the Greek.

دوسرا فارسي زبان کا ترجمه وي‌لاک صاحب نے ' اور اُنکي وفات کے بعد پیرسن صاحب نے سنه ١٦٥٢ع سے سنه ١٦٥٧ع کے درمیان تک تین نسخوں سے مقابله کرکے مرتب کیا اور چهاپا ' خیال کیا جاتا هے که یهه نسخه یوناني متن سے هوا *

OF THE ANCIENT WESTERN TRANSLATIONS OF THE NEW TESTAMENT.

قدیم مغربي ترجمے عهد جدید کے

The Gothic version of the New Testament was made from the Greek by Ulphilas, a celebrated Bishop of the Mæso-Goths, who assisted at the council of Constantinople in 359, and was sent on an embassy to the Emperor about the year 378. He is said to have embraced Arianism, and to have propagated Arian tenets among his countrymen. Besides translating the entire Bible into the Gothic language, Ulphilas is said to have conferred on the Mæso-Goths the invention of the Gothic characters. The character, however, in which this version of the New Testament is written, is in fact the Latin character of that age; and the degree of perfection, which the Gothic language had obtained during the time of Ulphilas, is a proof that it had then been written for some time.

عهدجدید کے گاتهک زبان کے ترجمے کو یوناني سے الفي لاس صاحب نے جو میسوگات قوم کے مشهور بشپ تهے کیا ' اور کانستاینتن اوپل کي کونسل جو سنه ٣٥٩ع میں هوئي اُسکے معاون تهے ' اور شهنشاه کانستاینتن اوپل کے پاس انهي کو بطور ایلچي کے سنه ٣٧٨ع میں بهیجا گیا تها ' بیان کرتے هیں که یهه صاحب مذهب ایرین ٹینیٹز کے مسائل کے پیرو تهے ' اور اُنهوں نے اصول مذهب مذکوره کو اپنے ملک کے لوگوں میں پهیلایا تها ' کهتے هیں که پوري بیبل کا زبان گاتهک میں ترجمه کرنے کے علاوه الفي‌لاس صاحب نے گاتهک زبان کے حرف بهي ایجاد کیئے ' مگر وه حرف جنمیں کے عهدجدید کا یهه ترجمه لکها هوا هے ' حقیقت میں اُس زمانه کے رومي حرف هیں ' درجه کاملیت جو زبان گاتهک نے زمانه الفي لاس صاحب میں پایا تها دلیل اس بات کي هے که وه حرف تهوڑي مدت تک رهے *

The translation of Ulphilas (who had been educated among the Greeks) was

الفي‌لاس صاحب کا ترجمه جنهوں نے یونانیوں میں تعلیم پائي تهي یوناني متن

ے ہوا ' مگر بہت سے مقاموں میں جو یہہ ترجمہ رومي متن سے مطابقت رکھتا ہے ' اسلیئے یہہ شبہہ ہوتا ہے ' کہ اُس میں رومي ولگٹ میں سے کچھہ لیکر زمانہ حال میں تغیر و تبدیل کردي گئي ہے ' مگر اسکے ناقابل اعتراض قدامت اور اسکے عموما اصل سے مطابق ہونے کے سبب سے اس ترجمہ کو بیبدل کے نکتہچینوں نے بڑا مرتبہ دیا ہے ' مگر بدقسمتي سے یہہ ترجمہ ہمارے وقت تک پورا نہیں پہونچا ' اسکے حصے جو اب چھپے ہیں ' وہ صرف چار انجیلوں میں کابہت سا حصہ ' اور سینٹ پال کے ناموں کے جو بنام رومیوں کے ہیں چند ٹکڑے ہیں *

executed from the Greek: but from its coincidence in many instances with the Latin, there is reason to suspect that it has been interpolated, though at a remote period, from the Vulgate. Its unquestionable antiquity, however, and its general fidelity, have concurred to give this version a high place in the estimation of biblical critics: but unfortunately it has not come down to us entire. The only parts extant in print, are a considerable portion of the four Gospels, and some fragments of St. Paul's Epistles to the Romans.

سکلي وانک یعني قدیم روسي زبان کے ترجمے

سکلیو انک یا قدیم روسي ترجمہ دو مسمی سرل صاحب جو قدیم روسي زبان کے حرفوں کے موجد تھے ' اور میتھوڈیس صاحب دونوں بہائیوں نے ' یوناني اصلی متن سے نویں صدي میں تیار کیا ' یہي دونوں صاحب عہد عتیق کے بھي مترجم تھے ' تمام اُن نسخونمیں جو سنہ ۱۶۵۳ ع سے پہلے کے ہیں ' مشہور آیت اول یوحنا باب ۵ — ۷ نہیں پائے جاتے ہے ' سنہ ۱۶۵۳ ع اور سنہ ۱۶۶۳ ع کے نسخہ میں اس کو حاشیہ پر لکھدیا ہے ' مگر اس نسخہ سے بعد کے تمام نسخوں میں اس آیت کو متن میں شامل کردیا ہے *

Of the Sclavonic or old Russian versions.

The Sclavonic or old Russian version was executed from the original Greek in the ninth century by the two brothers, Cyril (who invented the Sclavonic characters) and Methodius, the translators of the Old Testament. In all the editions prior to the year 1653 the memorable verse, 1. John chap. 5. v. 7. is omitted. In the edition of 1653, and 1665 it is inserted in the margin, but it is incorporated in the text in all subsequent impressions.

اینگلو سیکسن یعني قدیم انگریزي زبان کے ترجمے

اگرچہ مذہب عیسائي ملک برطانیہ میں اول صدي میں آیا تھا ' مگر یہہ

Of the Anglo-Saxon versions.

Although Christianity was planted in Britain in the first century, it does

not appear that the Britons had any translation of the Scriptures in their languages earlier than the eighth century. About the year 706, Adhelm, the first Bishop of Sherborn, translated the Psalter into Saxon: and at his earnest persuasion, Egbert or Eadfrid, Bishop of Lindisfarne, or Holy island, soon after executed a Saxon version of the four Gospels. Not many years after this, the learned and venerable Bede (who died A. D. 735) translated the entire Bible into that language. There were other Saxon versions, either of the whole or detached portions of the Scriptures, of a later date. A translation of the book of Psalms was undertaken by the illustrious King Alfred, who died A. D. 900, when it was about half finished: and Elfric, who was Arch-Bishop of Canterbury in 995, translated the Pentateuch, Joshua, Judith, part of the book of Kings, Esther and Maccabees.

نہیں معلوم ہوتا ہے کہ اُس ملک کے باشندوں کے پاس آٹھویں صدی سے پہلے اُنکی زبان میں کتاب اقدس کا کوئی ترجمہ تھا یا نہیں ' قریب سنہ ۷۰۶ کے ایڈھیلم صاحب شیربارن کے اول بشپ نے زبان سیکسن میں کتاب زبور کا ترجمہ کیا ' اور اُنہی بشپ صاحب کی خواہش سے ایگبرٹ یا اِڈفرڈ صاحب بشپ لنڈس فارن یا مقدس جزیرہ والے نے چاروں انجیلوں کا زبان سیکسن میں اِسکے تھوڑے دنوں بعد ترجمہ کیا ' اس ترجمہ کے ہونے سے تھوڑے دنوں بعد معزز عالم بیڈ صاحب نے جنکا سنہ ۷۳۵ میں انتقال ہوا پوری بیبلکا اس زبان میں ترجمہ کیا ' علاوہ ان ترجموں کے سیکسن زبان کے دیگر ترجمے تمام کتابوں اقدس خواہ متفرق حصوں کے زمانہ حال کے کئے ہوے تھے ' اور کتاب زبور کا ایک ترجمہ مشہور بادشاہ الفرڈ نے جنکا سنہ ۹۰۰ میں انتقال ہوا کرنا شروع کیا تھا ' اُن کی وفات تک صرف ادھا ہونے پایا ' اور الفرک صاحب نے جو مقام کینٹربری کے بشپ اعظم تھے کتاب ہاے توریت اور یوشع اور جوڈت اور سلاطین کا تھوڑا سا حصہ ' اور کتاب استھر اور میکبیس کا اس زبان میں ترجمہ کیا *

The Anglo-Saxon version being evidently translated from the Old Latin, Michaelis is of opinion that it may be of use in determining the readings of that version; and Semler has remarked, that it contains many readings which vary both from the Greek and Latin texts, of which he has given some examples. Dr. Mill selected various lections from this version; which,

اینگلو سیکسن زبان کا ترجمہ علانیہ قدیم رومی ترجمہ سے ہوا معلوم ہوتا ہے میکیلس صاحب کی یہہ راے ہے کہ یہہ ترجمہ قدیم رومی ترجمہ کی عبارتوں کی تصحیح میں کارآمد ہوسکتا ہے ' اور سملر صاحب نے یہہ کیفیت بیان کی ہے ' کہ اس ترجمہ میں بہت سی ایسی عبارتیں ہیں جو یونانی اور رومی دونوں متنوں

from difference of style, and inequalities observable in its execution, he ascribes to several authors: it is supposed to have been executed in the eighth century.

سے اختلاف رکھتي هيں ' اس اختلاف کے ثبوت میں آنھوں نے چند مقام اپني کتاب میں درج کئے هیں ڈاکٹر مل صاحب نے اس ترجمہ سے مختلف عبارتیں انتخاب کیں هیں اور بسبب اختلاف طرز بیان اور دیگر بہت سے ناهمواریوں کے ' جو اس ترجمہ میں پائي جاتي هیں ڈاکٹر مل صاحب کي یہہ راے هے کہ اِسکو کئي مترجموں نے تیار کیا هے ' خیال کیا گیا هے کہ یہہ ترجمہ آٹھویں صدي میں هوا هے *

ON THE MODERN LATIN VERSIONS OF THE OLD AND NEW TESTAMENTS.

زمانہ حال کے ترجمے عہد عتیق اور عہد جدید کے

Of the Modern Latin versions of the Old Testament, made by individuals in communion with the Church of Rome, those of Pagninus, Montanus, Malvenda, Cajetan, and Houbigant, are particularly worthy of notice.

عہد عتیق کے زمانہ حال کے رومي ترجموں میں سے جو گرجہ روم کے پیرووں کے کیئے هوے هیں ' پیگنینس صاحب اور مانٹینس صاحب اور میلونڈ صاحب اور کیجٹن صاحب اور هوبي گینٹ صاحب کے ترجمے خاص کر قابل ذکر کرنے کے هیں *

I. Sanctes Pagninus, a Dominican Monk, was the first modern oriental scholar who attempted to make a new translation of the Scriptures from the original languages. Having, in the course of his studies, been led to conceive that the Vulgate Latin version of Jerome, of which an account has already been given, was greatly corrupted, he undertook to form a new translation of the Old Testament from the Hebrew, following Jerome only where he thought that his version corresponded to the original. Under the patronage of the Popes Leo X., Hadrian VI., and Clement VI., he devoted twenty five years to this great work; which was first

سینکٹس پیگنینس صاحب جو ایک ڈامینکا کے درویش تھے ' زمانہ حال کے مشرقي طالب علموں میں سے اول تھے جنھوں نے اصلي زبانوں سے کتاب هاے اقدس کے نئے ترجمے کرنے کا ارادہ کیا ' آنھوں نے اپنے تحصیل علم کے زمانہ میں یہہ خیال کرکے کہ رومي ولگٹ ترجمہ جیروم صاحب کا جسکا ابھي بیان هوچکا هے بہت ناقص هوگیا هے ' عبري سے عہد عتیق کا ایک نیا ترجمہ تیار کرنے کا ارادہ کیا ' اسطرح پر کہ جہاں کہیں جیروم صاحب کا ترجمہ اصل سے مطابق پایا جائے اُن مقاموں میں اس نئے ترجمہ کے تیار کرنے میں آسکي بھي پیروي کي جاوے

printed at Lyons in 1528. The Jews who read it, attested its fidelity. The great fault of Pagninus is, that he has adhered too closely and servilely to the original text; and this scrupulous attachment has made his translation obscure, barbarous, and full of solecisms. He has also altered the commonly received names of men and cities, and has substituted others in their place, which are pronounced according to the pronounciation of the Masorites.

به استعانت دسویں پوپ لیو اور چھٹي هیدریں اور چھٹي کلیمنٹ کے آنهوں نے اس بڑے کام میں پچیس برس صرف کیئے ' یهه ترجمه اول بمقام لاینز سنه ۱۵۲۸ میں چھپا تها ' جن یهودیوں نے اسکو پڑھا آسکي اصل سے مطابق هونے کو تصدیق کیا ' پیگنینس صاحب کا بڑا قصور یهه هے که آنهوں نے اصلي متن کي اس ترجمه میں نهایت پیروي کي هے ' اور اس مشکوک پیروي نے اس ترجمه کو تاریک وحشت امیز اور غیر محاوره لفظوں سے معمور کردیا هے ' آنهوں نے انسانوں اور شهروں کے عام تسلیم شده ناموں کو بهي تبدیل کیا هے ' اور بجاے آن کے ایسے نام لکھے هیں جنکا تلفظ میسو رائیٹیس کے قواعد تلفظ کے موافق هوتا هے *

Though this translator's labours were very severely criticised by Father Simon, yet he acknowledges his ability and learning: and the later commentators and critics concur in justly commending his work, as being remarkably exact and faithful, and admirably adapted to explain the literal sense of the Hebrew text. Pagninus afterwards translated the New Testament from the Greek, which he dedicated to his patron, Pope Clement VII. It was printed with the former at Lyons, in 1528. In 1557, Robert Stephens printed a new edition of his translation with corrections, in two volumes, but it contains only the Old Testament of Pagninus's version. The New Testament is given in the Latin version of Beza, which we have already noticed.

اگرچه اس مترجم کے ترجمه کي طرز پر فادر سائیمن صاحب نے نهایت سخت نکته چیني کي هے ' تاهم وه آسکي قابلیت اور علم کا اقرار کرتے هیں ' اور آن سے پچھلے مفسر اور نکته چین آسکے ترجمه کو ایسا ماننے میں ازروے انصاف اتفاق کرتے هیں ' که وه ترجمه اصلي عبري متن سے بعینه اور مطابق هے اور آسکے لفظي معني ظاهر کرنے کے لیئے بهت مناسب هے پیگنینس صاحب نے بعد ازاں یوناني متن سے عهد جدید کا ترجمه کیا ' اور اس ترجمه کو اپنے معاون آٹهویں پوپ کلیمنٹ صاحب کے نام پر مخصوص کیا ' یهه ترجمه معه ترجمه عهد عتیق کے مقام لاینز میں سنه ۱۵۲۸ میں چھپا تها ' اور رابرٹ ستیفینز صاحب نے پیگنینس صاحب کے ترجمه کا نیا نسخه معه اصلاحوں کے دو جلدوں

میں سنہ ١٥٥٧ میں چھاپا ' مگر اس
نسخہ میں صرف عہد عتیق چھپي ہے اور
عہد جدید بیزا صاحب کے رومي ترجمہ
میں جسکا بیان ہوچکا ہے چھپي ہے *

2. The translation of Pagninus was revised by Benedict Arias Montanus, who has erroneously been considered as a new translator of the Bible in the Latin language. His chief aim was, to translate the Hebrew words by the same number of Latin ones; so that he has accommodated his whole translation to the most scrupulous rules of Grammar, without any regard to the elegance of his Latinity. Montanus's edition, therefore, may be considered rather as a grammatical commentary, than a true version. In the New Testament, Montanus changed only a few words in the Vulgate version, where he found it to differ from the Greek.

۲ پیگنینس صاحب کے ترجمہ
پربینیدکٹ ایریس مان‌ٹینس صاحب نے
جنکو رومي زبان کا ایک نیا مترجم غلطي
سے سمجھا گیا ہے نظرثاني کي اِنصاحبکا
مقدم ارادہ یہہ تھا کہ عبري الفاظ کو اسي
قدر رومي الفاظ سے ترجمہ کریں کہ جسقدر
عبري میں ہوں ' پس اس التزام کے
باعث سے اُنہوں نے اپنے تمام ترجمہ کو
صرف نحو کے نہایت مشکوک قواعد کے
بموجب کیا ہے اوررومي زبان کي خوبي پر
کسیطرح کا لحاظ نہیں کیا ' اسلیئے مانٹینس
صاحب کا نسخہ بہ نسبت اسکے کہ اُسکو
حقیقي ترجمہ سمجھا جاوے زیادہ‌تر ایسے
تفسیر ہے ' جسمیں صرف نحو کا زیادہ تر
التزام ہے ' عہد جدید میں ولگٹ ترجمہ
کے چند الفاظوں ہي کو صرف تبدیل کیا
ہے ' یعني جہاں کہیں اُنہوں نے اصل
یوناني متن سے اُنکو مختلف دیکھا *

3. The translation of Thomas Malvenda, a Spanish Dominican, being more grammatical and barbarous than that of Montanus, is but little esteemed, and has fallen into oblivion. The version, which bears the name of Cardinal Cajetan, strictly speaking, is not his production; having been made by two persons, (one a Jew, the other a Christian) both of whom were well skilled in the original language of the sacred volume. The whole of the New Testament was likewise translated, except

۳ طامس میل ویندا صاحب کے ترجمہ
میں بہ نسبت ترجمہ مان‌ٹینس صاحب
کے زیادہ ترصرف نحو کي پابندي ہے ؛
اور وحشت انگیز بھي ہے ' اس لحاظ سے
اسکي قدر کم کي جاتي ہے ' اورلوگوں نے
دل سے اُسکو فراموش کردیا ' ترجمہ جو
کارڈینل کیجٹن صاحب کے نام سے مشہور
ہے حقیقت میں اُن کا نہیں ہے ' اُسکو
دوشخصوں نے جن میں سے ایک یہودي
تھا ' اور دوسرا عیسائي ' اور دونو مقدس
کتاب کي اصلي زبان سے خوب واقف تھے

the Revelation. Cajeton carefully avoided those barbarous expressions which he must have used, if his version had been grammatically literal.

ترجمہ کیا تھا ' اسیطرح سے تمام عہد جدید کا بھی ترجمہ سواے کتاب مشاهدات کے انہوں نے ہی کیا تھا ' کیجٹن صاحب نے اُن وحشت انگیز کلاموں کو ' جنکو وہ استعمال کرتے اگر اُن کا ترجمہ بھی صرف نحو کے بموجب لفظی ہوتا ' هوشیاری سے فروگذاشت کیا *

4. The Latin version of the Old Testament, printed by Father Houbigant in his critical edition of the Hebrew Bible, is not framed according to the present Hebrew text, but according to the text, as he thought it should be corrected by manuscripts, ancient versions, and critical conjectures. Since the Reformation, several Latin versions of the Old Testament have been made from the original Hebrew by learned Protestants. The most esteemed are those of Munster, Leo Juda, Castalio, Junius and Tremellius, Schmidt, Dathe, Schott and Winzer.

۴ عہد عتیق کا وہ رومی ترجمہ جو فادر هوبی گینٹ صاحب نے عبری بیبل کے اپنے نکتہ چین نسخہ میں چھاپا عبری متن موجودہ کے بموجب ترجمہ نہیں کیا گیا ہے ' بلکہ بموجب ایسے متن کے ترجمہ کیا گیا ہے جسکا بمدد قدیم قلمی نسخوں اور قدیم ترجموں اور قیاسی اصلاحوں کے تصحیح کرنا انہوں نے مناسب سمجھا ' زمانہ رفارمیشن یعنی ترمیم مذہب سے علماء پروٹستینٹ نے اصلی عبری سے بہت سے رومی ترجمے عہد عتیق کے کیئے ہیں ' اِن ترجموں میں نہایت قدروالے ترجمے اِن صاحبوں کے ہیں ' یعنی منسٹر صاحب لیوجوڈا صاحب اور کیسٹیلیو صاحب اور جونس صاحب اور تریمیلیس صاحب اور سکمیڈٹ صاحب ' اور ڈیتھہ صاحب اور اسکاٹ صاحب اور ونزر صاحب کے *

1. In the year 1534, Sebastian Munster printed at Basle a new translation of the Old Testament from the original Hebrew: and in 1546 he published a second edition, with the Hebrew text, and with the addition of some notes, which Father Simon thinks useful for understanding the style of the sacred writings. Without rigidly adhering to the grammatical signification of the words, like Pagninus and Mon-

۱ سیباستین منسٹر صاحب نے اصل عبری متن سے عہد عتیق کا ایک نیا ترجمہ کرکے مقام بیسل میں سنہ ۱۵۳۴ میں چھاپا انہوں نے ہی ایک دوسرا نسخہ معہ عبری متن اور چند شرحوں کے جنکی نسبت فادر سائیمن صاحب کی یہہ راے ہے ' کہ وہ کتاب هاے اقدس کے طرز بیان کے سمجھنے کے واسطے مفید ہیں سنہ ۱۵۴۶ میں چھاپا ' اور لفظوں کے معنوں کی

tanus, he has given a more free and intelligible version: but not deviating from the sense of the Hebrew text, he has retained some of its peculiar idioms. He has also availed himself of the Commentaries of the best of the rabbinical writers.

صرف نحو سے بہت پیروي نکرکے جیسا کہ پیگنینس صاحب اور مان تینس صاحب نے کي ہے ' زیادہ صاف اور سمجھنے کے لایق ترجمہ کیا ہے ' عبري متن کے معنوں سے تجاوز جو نہیں کیا اسّ سبب سے عبري چند خاص محاورات آن کے ترجمہ میں موجود ہیں ' اس ترجمہ میں سیباس منستر صاحب نے نہایت عمدہ یہودي عالموں کي تفسیروں سے مدد لي ہے *

Simon freely censures particular parts of Munster's version; he decidedly prefers it to those of Pagninus and Montanus: and Huet gives him the character of a translator well versed in the Hebrew language, whose style is very exact and conformable to the original.

سائیمن صاحب منستر صاحب کے ترجمہ کے خاص حصوں پر اعتراض کرتے ہیں' لیکن پیگنینس صاحب اور مان تنس صاحب کے ترجموں کو بہ نسبت آسکے زیادہ پسند کرتے ہیں مگر ہیوایت صاحب منستر صاحب کو ایسا مترجم جانتے ہیں جو عبري زبان سے خوب اگاہي رکھتے تھے ' اور جنکا طرز بیان اصلي سے بالکل مطابق ہے *

2. The translation which bears the name of Leo Juda was commenced by him; but being prevented by death from finishing the work, he left it to be completed by Theodore Bibliander, Professor of Divinity at Zurich. With the assistance of Conrad Pellican, who was Professor of Hebrew in the same place, Bibliander translated the rest of the Old Testament from the Hebrew; the New Testament was undertaken by Peter Cholin and Rodolph Gualter, two learned Protestants, at that time resident at Zurich. Though it was condemned by the divines at Paris, it was favorably received by those of Salamanca, who reprinted it with some trifling alterations. It is acknowledged

۲ وہ ترجمہ جسپر لیوجوڈا صاحب کا نام ہے ' اُنہوں نے ہي کرنا شروع کیا تھا مگر اُن کي زندگي نے وفا نکي ' آخر تھیوڈور باي بیلي اینڈر پرافسر علم الہي مقام زورک والے کے حوالہ ہوا ' اور بمدد کان رڈ پیلیکن صاحب کے جو اُسي مقام میں عبري کے پرافسر تھے باي بیلي اینڈر صاحب نے عہد عتیق کے باقي ماندہ حصہ کو عبري سے ترجمہ کیا ' پیٹر کالن اور راڈالف گالٹر صاحب نے جو دو عالم پروٹستنٹ تھے ' اور اُسوقت مقام زورک میں سکونت رکھتے تھے عہد جدید کا ترجمہ کرنا اختیار کیا ' اگرچہ اُن کا کیا ہوا ترجمہ مقام پیرس کے محققین نے پسند نکیا ' مگر سیلیمینکا کے محققین نے اُسکو اچھي

to be very faithful; and its style is elegant than that of Munster; but the translators have, in some instances, receded too far from the literal sense.

طرح قبول کرکے قدرو منزلت کي اور پھر
چھاپا ' اس ترجمه کو اصل سے بہت مطابق
مانا جاتا ھے ' اوربه نسبت منسٹر صاحب
کے ترجمه کے اس کا طرز بیان زیادہ
پسندیدہ ھے ' مگر دونوں کے مترجم
بعض باتوں میں لفظي معنوں سے بہت
تجاوز کرگئے ھیں *

3. The Latin version of Sebastian Chattillon or Castalio (as he is generally called) was begun at Geneva, in 1542, and finished at Basle in 1550, where it was printed in the following year. His design was, to render the Old and New Testaments in elegant Latin like that of the ancient classic authors; but his style has been severely censured by some critics, as being too much affected, and destitute of that noble simplicity, grandeur, and energy, which characterize the sacred originals. Professor Dathe, however, has vindicated this learned Protestant from these charges.

۳ رومي ترجمه سیباسٹین یاکیسٹلیو
صاحب کا ' جنکو اس نام سے عموما پکار
تے ھیں ' مقام جینیوا سنه ۱۵۴۲ میں تیار
ھونا شروع ھوا ' اور مقام بئیسل میں جہاں
که وہ اگلے سال میں چھپا سنه ۱۵۵۰ میں تمام
ھوا ' ان کا ارادہ تھا ' که عهد عتیق اورعهد
جدید کو قدیم عمده رومي مورخوں کي
مانند ترجمه کریں ' مگر بعض نکته چینوں
نے آن کے طرز بیان پر نہایت سخت
اعتراض کیا ہے ' گویا که وہ محتاج ھے
عمده صفائي اور شان اور خوبي کا جو
مقدس اصلي کتابوں کي علامتیں ھیں '
مگر پروفسر ڈیتھے صاحب نے اس عالم
پروٹسٹنٹ کے ذمه پرسے یهه اتهام دور
کیا ھے *

The version of Francis Junius, and Immanuel Tremellius was first published in 1575: it was subsequently corrected by Junius, and has been repeatedly printed. By the Protestant Churches it was received with great approbation; and to this day it is held in great esteem for its simplicity, perspicuity and fidelity. Father Simon criticised it with great severity; but the learned Matthew Poole, in the preface of his *Synopsis Criticorum Sacrorum*, reckons it among the best versions: and

۴ فرانسیس جونیس صاحب اورایمانوئل
ٹیریمیلیس صاحب کا ترجمه ' اول مرتبه
سنه ۱۵۷۵ میں چھپا ' بعده جونیس صاحب
نے آسکو صحیح کیا تب دوبــــاره چھپا '
پروٹسٹنٹ گرجوں نے اس ترجمه کو بہت
پسند کیا ' اور بسبب آسکي سادگي اور
سلاست عبارت اور اصل سے مطابق ھونے
کے اجتک آسکي بڑي قدر کي جاتي
ھے ' فادر سائیمن صاحب نے اس ترجمه
پر نہایت سخت نکته چیني اور
اعتراض کیا ' مگر میتھیو پول صاحب

the ecclesiastical historian, Dupin, commends it for its close adherence to the Hebrew.

نے اپني کتاب سيناپ سس کے ديباچه ميں اسکو نهايت عمده ترجموں ميں شمار کيا ہے اور گرجا کي تاريخ لکھنے والے صاحب نے اس ترجمه کي ' اس لحاظ سے که وه عبري متن سے نهايت مطابقت رکھتا هے تعريف کي هے *

5. In 1696, was published (after the author's decease) a new Latin translation of the Bible, by Sebastian Schmidt, who was professor of oriental languages at Strasburgh. Of this version there have been several editions. It is strictly literal; and is chiefly useful to young students in the Hebrew language.

۵ سيباستينس سکميدت صاحب نے جو مشرقي زبانوں کے مقام ستراٹيس برگ ميں پرافسر تھے ' بيبل کا ايک نيا رومي ترجمه آسکے مترجم کي وفات کے بعد سنه ۱۶۹۶ ع ميں چھاپا ' اس ترجمه کے بهت سے نسخے هيں ' اور يهه بهت لفظي ترجمه خاص کر عبري زبان کے مبتدي طالب علموں کے ليئے نهايت مفيد هے *

6. The version of John Augustus Dathe, who was professor of oriental literature at Leipsic, is deservedly in high repute for its general fidelity and elegance, both in this country and on the continent.

۶ جان اگستس ڈيتهه صاحب کا ترجمه ' جومقام ليپ سک ميں علوم مشرقي کے پرافسر تھے ' اس ملک ميں اور تمام يورپ ميں بسبب اسکے که وه عموما اصل سے مطابق اور عمده هے بڑي شهرت رکھتا هے *

7. In the year 1816, another new translation of the Old Testament, from the Hebrew, was commenced by M. M. Henry Augustus Schott and Julius Frederick Winzer. One volume only has appeared, comprising the Pentateuch. This version professes to be very close.

۷ هنري اگستس سکاٹ صاحب اور جوليسس فرڈرک ونڈرصاحب نے عهد عتيق کا ايک اور نيا ترجمه عبري سے کرکے سنه ۱۸۱۶ ميں چھاپا ' ابتک آسکي ايک هي جلد جس ميں توريت هے چھپي هے ' يهه ترجمه اصل سے بهت مطابق معلوم هوتا هے *

Besides the preceding new modern Latin versions, there have been several editions of the Latin Vulgate, so much corrected from the original Hebrew and Greek, as in some degree to be considered new translations. Of this number are the Latin Bibles published by Clarius, Eber, and Osiander.

علاوه مذکوره بالا نئے زمانه حال کے رومي ترجموں کے ' بهت سے نسخے رومي ولگت ترجمے کے عبري اور يوناني متنوں سے اسقدر صحيح کئے گئے هيں که گويا نئے ترجمے سمجھے جاويں ' ان هي سب ميں سے وه رومي بيبليں بھي هيں ' جنکو

کیلاریس صاحب اور ایبر صاحب اور آوسی اینڈرز صاحب نے مشتہر کیا *

1. **Isidore Clarius's** edition of the Vulgate first appeared at Venice, in 1542, and is of extreme rarity; it was reprinted at the same place in 1557 and 1564. The editor has not only restored the ancient Latin text, but has also corrected it in a great number of places which he conceived to be erroneously translated, so as to make them conformable to the Hebrew original. Although he corrected more than *eight thousand* places as he states in his preface, yet he omitted some, lest he should offend the Roman Catholics by making too many alterations in the Vulgate version.

۱ اسے سی ڈور کیلاریس صاحب کا نسخہ رومی ولگت کا ' اول مرتبہ مقام وینس میں سنہ ۱۵۴۲ میں مشتہر ہوا اور بہت کمیاب ہے ' پھر اسی مقام میں یہہ نسخہ سنہ ۱۵۵۷ اور سنہ ۱۵۶۴ میں چھپا ' اُنہوں نے قدیم رومی بیبل کو صرف بحال ہی نہیں کیا بلکہ بہت سے مقاموںمیں جہاں کہیں اُنہوں نے خیال کیا کہ وہ غلط ترجمہ ہوا ہے اس طرح سے صحیح کیا ہے ' کہ جس سے وہ اصل عبری متن سے مطابق ہو جاوے ' اگرچہ اُنہوں نے جیسا کہ وہ اپنی کتاب کے دیباچہ میں بیان کرتے ہیں ' اٹھہ ہزار مقام سے زیادہ صحیح کیئے ' تاہم بہت سے اس خوف سے چھوڑدیئے ' کہ رومی ولگت میں بہت سی تبدیلیاں کرنے سے رومن کیتھلک برافروختہ نہوں *

2. The method of Clarius was followed by Paul Eber, who corrected the Vulgate from Luther's German version. His edition was published at Wittemberg, in 1565, with the addition of Luther's translation, under the authority of Augustus, Elector of Saxony, and was reprinted in 1574.

۲ پال ایور صاحب جنہوں نے رومی ولگت لیوتھر صاحب کے جرمن زبان کے ترجمہ سے صحیح کیا ' کیلاریس صاحب کے قاعدہ کے پیرو ہیں ' اِن کا نسخہ مقام وِٹم برگ میں معہ اُسکے جو لیوتھر صاحب کے ترجمہ سے اس میں زیادہ کیا گیا ہے ' اگسٹس صاحب کی سند سے جو مقام سیکسنی کے ایلکٹر ہیں سنہ ۱۵۶۵ ع میں چھاپا گیا تھا ' اور سنہ ۱۵۷۴ ع میں یہی ترجمہ پھر چھپا *

The edition of Luke Osiander appeared in 1578, and has since been very often reprinted; as also a German translation of it, which was first published at Stutgard, in 1600. Andrew **Osiander's** edition was also printed in

۳ نسخہ لیوک اوسی اینڈر صاحب کا سنہ ۱۵۷۸ ع میں مشتہر ہوا اور تب سے کئی بار چھپ چکا ہے ' جیسے کہ اُنکا جرمنی ترجمہ ولگت کا کئی مرتبہ چھپا ' جس کا اول نسخہ مقام سٹٹ گارڈ میں سنہ ۱۶۰۰ ع

1600, and frequently since. They have both corrected the Vulgate, according to the Hebrew originals; and have occasioned some confusion to their readers, by inserting their emendations in a character different from that in which the Vulgate text is printed.

میں چھپا ' اور اینڈرواوسي اینڈرصاحب کا ولگت نسخہ بھي سنہ ۱۹۰۰ ع میں چھپا اور پھر بعد کو بھي کئي دفعہ چھپ چکا ہے ' اِن دونوں صاحبوں نے ولگت کو بموجب اصل عبري کے صحیح کیا ہے ' جن حرفوں میں اُنھوں نے اپنے ولگت کو چھاپا ہے ' اُن حرفوں سے اور مختلف حرفوں میں اپني اصلاحوں کے چھاپنے سے اپني کتاب کے پڑھنے والے کو پریشاني میں ڈالا ہے *

There are likewise several Latin versions of the New Testament, made both by Catholics and Protestants, of which those of Erasmus, Beza, and Sebastiani are particularly worthy of notice.

اسي طرح سے عہد جدید کے بہت سے رومي نسخے ہیں ' جنکو دونوں فرقوں یعني کیتھلکس اور پروٹسٹنٹس نے کیا ہے ان ترجموں میں سے ایریسمس صاحب اوربیزا صاحب اورسیبااسٹي اینئي صاحب کے ترجمہ خاص کرلایق بیان کرنے کے ہیں *

The celebrated Erasmus has the honor of being the first translator of the new Testament into the Latin language from the original Greek. His object was to give a faithful and clear version, in which it is admitted he succeeded as far as it was possible at that time. In this version he followed not only printed copies, but also four Greek manuscripts; according to the example of Jerome, he varied but little from the Vulgate. The first edition of his translation appeared in 1516, and was dedicated to Pope Leo X., by whom it was highly commended in a letter of thanks which he wrote to Erasmus. The Pontiff's praises, however, did not prevent his labours from being censured with great severity by certain Roman Catholic writers, against whom Erasmus defended himself with great spirit.

' مشہور ایریسمس صاحب کو اس بات کي عزت ہے ' کہ اُنھوں نے اصلي یوناني متن سے رومي زبان میں عہدجدید کا سب سے پہلے ترجمہ کیا ' اُنکا مدعا یہہ تہا کہ ایک صاف اور اصل کے مطابق ترجمہ کریں ' جس ارادہ میں لوگ اسبات کوجایز رکھتے ہیں کہ وہ اسقدر کامیاب ہوے جتنا کہ اُس زمانہ میں ممکن تھا ۰ اس ترجمہ کے تیار کرنے میں اُنھوں نے صرف چھپے ہوے نسخوں سے ہي کام نہیں لیا ' بلکہ چارقلمي یوناني نسخوں کا بھي استعمال کیا ہے ' اور بموجب قاعدہ جیروم صاحب کے اُنھوں نے ولگت سے کچھہ ہي اختلاف رکھا ہے ' اُنکے ترجمہ کا اول نسخہ سنہ ۱۵۱۶ ع میں مشہور ہوا اور دسویں پوپ لیو کے نام پر مخصوص کیا گیا ' جنھوں نے شکرگذاري کي ایک چھٹي میں جو بنام

His version has been frequently printed and corrected both by himself and by his editiors.

ایریسمس صاحب کے لکھے اس نسخہ کي
بہت سي تعریف کي ، لیکن پوپ کي
تعریفوں سے یہہ نہوا کہ یہہ صاحب بعض
رومي کیتھلک نکتہ چینوں کے سخت
اعتراض اور نکتہ چیني سے محفوظ رہتے
جنکے مقابلہ میں ایریسمس صاحب نے
بڑي ہمت سے آپ کو اُن کے اعتراضوں
سے بري کیا ، ایریسمس صاحب نے اپنے
ترجمہ کو اکثر خود چھاپا اور اوروں نے بھي
چھاپا *

2. The Latin version of Theodoret Beza was first published in 1556, and has since been repeatedly printed. On account of its fidelity, it has always been highly esteemed by Protestants of every denomination. Bishop Walton, indeed, was of opinion, that he was justly charged with departing unnecessarily from the common readings, without the authority of manuscripts; but a careful examination of Beza's translation will shew that that distinguished prelate was in this instance mistaken.

۲ تھیودورٹ بیزا صاحب کا رومي ترجمہ
اول مرتبہ سنہ ۱۵۵۶ ع میں چھپا ، اور اُس
سے بعد کو بھي کئي بار چھپ چکا ہے ،
اُسکے اصل سے مطابق ہونے کے سبب
سے ہر فرقہ کے پروٹسٹنٹ اُسکي ہمیشہ
قدر کرتے رہے ، البتہ بشپ والٹن صاحب
کي یہہ راے تھي ، کہ اس ترجمہ کے
مصنف پر یہہ الزام ہونا واجب ہے کہ
اس نے عام عبارتوں سے بدوں سند قلمي
نسخوں کے بلا ضرورت پرہیز کیا ہے ، مگر
بیزا صاحب کے ترجمہ کا غور سے امتحان
کرنے پر ظاہر ہو گا ، کہ وہ مشہور بشپ
یہہ راے دینے میں غلطي پر تھے *

3. In the year 1817, a new Latin version of the New Testament was published by Leopoldo Sebastiani, the very learned editor of Lycophron, justly celebrated throughout the East, and not altogether unknown in England, for the losses he sustained, and the misfortunes he suffered, in consequence of the important services which he gratuitously rendered to the British Government, while resident in Persia as President of the missionaries sent out by the Church of

۳ لیوپالڈوسبیسٹیاني صاحب
نے جو کتاب لائي کا فران کے مرتب کرنے
والے ایک بڑے عالم تھے ، ایک رومي ترجمہ
عہد جدید کا سنہ ۱۸۱۷ ع میں چھاپا ، اور
یہہ صاحب مشرق میں خوب مشہور تھے
اور انگلستان میں بھي بالکل انکا نام
چھپا ہوا نہیں ہے ، بسبب نقصانوں کے
جو اُن کو ہوے اور بد بختیوں کے سبب
سے جو اُنہوں نے سرکار انگریزي کے اُن بڑي
خدمات کے سرانجام دینے میں اُسوقت

Rome, at the time that Bonaparte attempted to establish relations with the court of Ispahan. The version is made from the Alexandrian manuscript, with which the translator states that he collated several manuscripts and collections of various readings, availing himself also of every critical aid he could procure and particularly of the writings of the Greek Fathers, and the assistance of the most learned of the modern Greek clergy. To obtain the latter, M. Sebastiani expressly travelled through the whole of Greece. In all *doctrinal* points, this version is made conformable to the tenets inculcated *by the Church of Rome*.

میں سہیں ' جبکہ وہ فارس میں آن میشنریز کے پروپیگنڈس تھے ' جنکو گرجہ روم نے اسوقت میں روانہ کیا تھا جبکہ شہنشاہ بوناپارٹ نے دربار اصفہان سے تعلق پیدا کرنے کا ارادہ کیا ' یہہ ترجمہ الکذندریں نسخہ سے ہوا ' مترجم بیان کرتا ہے کہ میں نے اس نسخہ سے بہت قلمی نسخوں اور مختلف عبارتوں کے مجموعونکا مقابلہ کیا ' اور آسکے ساتھہ ہي آسنے ہر نکتہ چیں مدد سے جو وہ حاصل کرسکا ' خاص کر یونانی متقدمیں کي تحریروں کي ' اور زمانہ حال کے یونانی پادریوں میں سے بڑے عالموں کي مدد سے اپنے کو مستفید کیا ' اخیر مدد کے حاصل کرنے کے واسطے سیباستي اینی صاحب ظاہر ہے کہ تمام یونان میں پھرے ' تمام مقدم مسائل میں یہہ ترجمہ آن قواعد کے مطابق ہے جنپر گرجہ روم میں عمل ہوتا ہے *

Versions in the modern languages of Europe.

Of the German versions.

یوروپي ترجمے زمانہ حال کي زبانوں کے

جرمن زبان کے ترجمے

As Germany has the honor of being the country where the art of printing was first discovered, so it was distinguished in the annals of sacred literature, by being the first in which the holy Scriptures were issued from the press in the vernacular language of its inhabitants.

جرمني کو جیسے اس بات کي عزت ہے کہ اول چھاپہ کا فن وہیں ایجاد ہوا ' اسي طرح مقدس علوم کے دفتر میں آسکا نام اس سبب سے مشہور ہے ' کہ کتاب اقدس اول آسکے باشندوں کي زبان میں چھاپہ میں چھپ کر مشتہر ہوئي *

So early indeed as the year 1466, a German translation from the Vulgate was printed, the author of which is unknown. Scarcely, however, had the Reformation commenced, when Luther designed a new version of the Scriptures for the general use of his countrymen.

پہلے ہي سنہ ۱۴۶۶ ع میں ایک جرمني ترجمہ ولگت سے ترجمہ ہو کرچھپا ' جسکے مترجم کا نام نا معلوم ہے ابھي مذہب کے ترمیم شروع نہیں ہونے پائي تھي ' کہ لیوتھر صاحب نے اپنے ہموطنوں کے عام استعمال کے واسطے کتاب اقدس کا ایک نیا ترجمہ کرنے کا قصد کیا *

2. Luther's first publication comprised the seven penitential Psalms, from the Latin of John Reuchlin. These appeared in 1517, and were followed by the New Testament in 1522; by the Pentateuch, in 1523; by the book of Joshua, and the remaining historical books, in 1524; in which year also appeared the books of Job, Psalms, Proverbs, Ecclesiastes, and the Song of Songs. In 1526 were published the Prophecies of Jonah and Habbakuk; in 1528, those of Zechariah and Isaiah; in 1529, the apocryphal book of Wisdom; in 1530, the book of Daniel, together with the remaining apocryphal books; in 1531, the entire book of Psalms; and 1531 and 1532, the rest of the prophetical books.

۲ لیوتھر صاحب کا اول ترجمہ جو کچھہ تھا جان ریوکلن صاحب کے رومي متن سے سات سامز استغفار کا کیا ہوا تھا ' یہہ سامز سنہ ۱۵۱۷ع میں مشتہر ہوئي ' اور انکے بعد سنہ ۱۵۲۲ ع میں عہد جدید کا ترجمہ مشہور ہوا ' اور اسکے بعد سنہ ۱۵۲۳ ع میں توریت کا ترجمہ اور اُسکے بعد سنہ ۱۵۲۴ع میں کتاب یوشع اور باقي ماندہ کتب تواریخ کا ترجمہ چھپا ' اور اسي سال میں کتاب ہاے ایوب اور زبور اور امثال اور وعظ اور غزل الغزلات بھي چھپیں ' اور سنہ ۱۵۲۶ ع میں پیشین گوئیاں یوحنا اور حبقوق کي مشتہر ہوئیں اور سنہ ۱۵۲۸ ع میں پیشین گوئیاں اشعیاہ اور ذکریا کي اور سنہ ۱۵۲۹ ع میں خارج شدہ کتاب ورَدم کي اور سنہ ۱۵۳۰ ع میں کتاب دانیال معہ باقي ماندہ خارج شدہ کتابوں کے ' اور سنہ ۱۵۳۱ ع اور سنہ ۱۵۳۲ ع میں باقي اور پیغمبروں کي کتابیں چھاپي گئیں *

All the above mentioned portions of Luther's translations are of extreme rarity; in the revision of it he received very important assistance from the learned and candid Philip Melancthon, who also corresponeded with eminent men on various topics of Biblical criticism, in order to render the translation as correct as possible. Further, to ensure its accuracy, a select party of learned men assembled with Luther at Wittemberg, to revise every sentence which he had made directly from the Hebrew and Greek. Melancthon collated the Greek original, Cruciger the Chaldee, and other professors the Rabbinical writings. Justus Jonas, John Bugen-

لوتھر صاحب کے ترجمہ کے یہہ سب حصہ اب نہایت کمیاب ہیں ' اِسکي نظر ثاني کرنے میں اُنھوں نے عالم صاف دل فلپ میلینکتھن صاحب کي بڑي مددلي ' جنھوں نے مشہور شخصوں سے ببیل کے نکتہ چیني کي مختلف باتوں پر اس ارادہ سے خط کتابت کي ' کہ جہاں تک ہوسکے صحیح ترجمہ ہووے ' اور اس ترجمہ کي درستي اور اصل سے زیادہ تر مطابقت کرنے کے واسطے ایک منتخب مجمعہ عالموں کا ' لوتھر صاحب کے پاس مقام ویٹم برگ میں ہر فقرہ کے نظر ثاني کرنے کے لیئے ' جو لوتھر صاحب نے صرف عبري اور یوناني متنوں ہي سے کیا تھا

hagen, and Matthew Aurogallus, also contributed their aid.

جمع هوا ' میلینکتھن صاحب نے اصل یوناني سے مقابلہ کیا ' کروسیجر صاحب نے کالڈي سے اور اور پرافسروں اور یہودي علما کي تحریروں سے مقابلہ کیا ' جستس جونس صاحب اور جان بیوجن هیگن صاحب اور میتھیو اروگیلو صاحب نے بھي مدد دي *

The whole Bible thus revised was published in 1530, and again in 1534, 1541, and 1545. Luther made his version directly from the original Hebrew and Greek, and not one of his numerous enemies durst charge him with the ignorance of those languages. His translation is represented as being uncommonly clear, and accurate, and its style in a high degree pure and elegant.

اس طرح سے نظر ثاني هوکر یہہ تمام بیبل سنہ ۱۵۳۰ ع میں چھپي ' اور سنہ ۱۵۳۴ ع اور سنہ ۱۵۴۱ ع اور سنہ ۱۵۴۵ ع میں مکرر چھپي ' لیوتھر صاحب نے اپنا ترجمہ صرف اصلي عبري اور یوناني متن سے کیا ' اور اُن کے بہت سے دشمنوں میں سے کوئي یہہ اتہام نہ لگا سکا کہ وہ اِن زبانوں سے ناواقف هیں ' بیان کرتے هیں کہ آنکا ترجمہ بہت صاف اور اصل کے مطابق هے اور آسکا طرز بیان بہت عمدہ هے *

Having originally been published in detached portions, as these were gradually and successively circulated among the people, Luther's version produced sudden and incredible effects, and contributed more than any other cause, to extirpate the erroneous principles, and superstitious practices of the Church of Rome, from the minds of a prodigious number of persons.

اصل میں جو یہہ ترجمہ متفرق حصوں میں مشتہر هوا ' چنانچہ یہہ حصے درجہ بدرجہ دست بدست رهے ' اسلیئے لیوتھر صاحب کے ترجمہ سے بہت عجیب اثر پیدا هوے ' اور بے تعداد لوگوں کي طبیعتوں میں سے گرجــــہ روم کے غلط مسائیلوں اور کذب مذهبي استعمالوں کے نکال دینے کا یہہ تــــرجمہ بہت بڑا سبب هوا *

Vuluable as Luthers's German translation of the Scriptures confessedly is, it was severely attacked, on its publication, by the enemies of the Reformation, whose productions are enumerated by Walchius. Luther's translation, reformed by the Zuinglians and Calvi-

علانیہ جیسا کہ لیوتھر صاحب کا جرمني ترجمہ کتابوں اقدس کا بہت قیمتي هے ویساهي آسکے چھپنے کے بعد مذهب کي ترمیم کے دشمنوں نے جنکي کتابوں کو والچیس صاحب نے شمار کیا هے آسپر سخت حملہ کیئے ' لیوتھر صاحب کے

nists, has been printed for innumerable times at different places.

ترجمه کو قوم زینگلینز اور کیلو نیسٹس نے ترمیم کرکے بے شمار مرتبہ مختلف مقاموں میں چھاپا ہے *

3. Between the years 1525 and 1529, Leo Juda published at Zurich a German Swiss translation of the Scriptures. As far as he could, he availed himself of such parts of Luther's version as were then printed. In 1667, a new and revised edition of Leo Juda's translation was published at Zurich: the alterations and corrections in it are so numerous, that it is considered as a new translation, and is commonly called the *New Zurich Bible*, in order to distinguish it from the *Old* Zurich version of Leo Juda.

۳ لیوجوڈا صاحب نے مقام زورک میں سوئیز ٹرینسلیشن کی جرمني زبان میں کتاب ہاے اقدس کا ترجمہ سنہ ۱۵۲۵ ع اور سنہ ۱۵۲۹ ع میں چھاپا ' جہاں تک ہوسکا آنہوں نے لیوتھر صاحب کے ترجمہ کے ایسے حصوں سے جو اُسوقت میں چھپے تھے ' اس ترجمہ کے کرنے میں مدد لي مقام زورک میں سنہ ۱۶۶۷ ع میں ایک نیا اور نظر ثاني کیا ہوا ترجمہ چھپا تھا ' اس نسخہ میں تبدیلیاں اور اصلاحیں اسقدر کثرت سے ہیں ' کہ آسکو ایک نیا ترجمہ سمجھا جاتا ہے ' اور اس نظر سے کہ لیو جوڈا صاحب کے پورانے زورک ترجمہ کو اس نسخہ سے تمیز کرسکیں ' اسکو نیا زورک بیبل پکارتے ہیں *

4. As the Zurich edition differs very materially from that of Luther, John Piscator undertook another, from the Latin version of Junius, and Tremellius, which he has followed very closely. It appeared in detached portions between the year 1602 and 1604, and was repeatedly printed during the seventeenth century.

۴ زورک نسخہ جو لیوتھر صاحب کے نسخہ سے بہت اختلاف رکھتا ہے ' اسلیئے جان پسکیٹر صاحب نے . جونیس اور تریمیلیس صاحب کے رومي ترجمہ سے جسکي آنہوں نے نہایت پیروي کي ہے ' ایک اور ترجمہ کرنا اختیار کیا ' یہہ ترجمہ درمیان سنہ ۱۶۰۲ عیسوي اور سنہ ۱۶۰۴ ع کے متفرق حصوں میں مشتہر ہوا اور سترھویں صدي میں پھر چھپا *

Besides the preceding German versions made by Protestants, there are also translations made by Roman Catholic divines, one of which is the following.

علاوہ مذکورہ بالا جرمني زبان کے ترجموں کے جو پروٹسٹنٹ کے کیئے ہوے ہیں ' رومن کیتھلک محققیں کے کیئے ہوے ترجمے بھي ہیں ' جن میں ایک کا آگے بیان کیا جاتا ہے *

5. The version of John Detemberger, whose translation clearly evinces, that he was utterly unfit for the task he undertook. He took much from Luther, against whom, however, he vehemently inveighs.

۵ جان ڈیٹمبرجر صاحب کا ترجمہ جس سے یہہ صاف معلوم ھوتا ھے کہ اُسکا مترجم اُس کام کے لایق نہ تھا جو اُسنے اختیار کیا ، اِس شخص نے بہت سا کچھہ لیوتھر صاحب کے ترجمہ میں سے لیا ھے ، مگر لیوتھر صاحب کو بہت برا لکھا ھے *

6. There are also translations of the Old Testament in the dialect spoken by the Jews in Germany, called the Jewish-German.

۶ اُس زبان میں بھي عہد عتیق کے ترجمے ھیں جسکو ملک جرمني کے یہودي بولتے ھیں ، اور جسکا نام یہودي جرمني ہے *

7. A translation of the Old Testament in the Jewish-German, made by Rabbi Jekuthiel Ben Isaac Blitz, was printed at Amsterdam, in 1679. Kortholt terms this translator a blasphemous impostor, and charges him with having disguised certain prophecies relative to the Messiah, in consequence of his Jewish predilections.

۷ یہودي جرمني زبان میں ایک ترجمہ عہد عتیق کا جسکو یہودي عالم جي کتھیل ابن اسحاق بلیٹزا نے کیا ھے ، مقام ایمسٹرڈیم میں سنہ ۱۶۷۹ میں چھپا کارتھولٹ صاحب اِسکے مترجم کو خدا کا برا کھنے والا فریبي بتاتے ھیں ، اور یہہ الزام دیتے ھیں کہ اُسنے اپنے مذھب کي پچ سے چند پیشیں گوئیوں متعلقہ مسیح کو چھپا دیا ھے *

Of the versions in the languages spoken in the British Isles.

اُن زبانوں میں کے ترجمے جو انگریزوں کے جزیروں میں بولے جاتي ھیں

English Versions.—Although it is impossible, at this distance of time, to ascertain when or by whom Christianity was first planted in this island, as well as the earliest time when the Scriptures were translated into the language of its inhabitants, yet we know that, for many hundred years, they were favored with the possession of the part, at least, of the sacred volume in their vernacular tongue.

اگرچہ ایسے دراز زمانہ کے گذرنے پریہہ بات تحقیق کرني غیر ممکن ہے کہ انگلستان کے جزیرہ میں مذھب عیسائي نے اول ھي کب اور کس سے رواج پایا ، اور پہلي پہل کتاب ھاے اقدس اُسکے باشندوں کي زبان میں کب ترجمہ ھوئیں ، پھر بھي ھمکو یہہ معلوم ھے کہ بہت برسوں تک اُسکے باشندوں کے پاس مقدس کتاب کا کچھہ حصہ اُنکي خاص زبان میں تھا *

The earliest version of which we have any account, is a translation of the Psalms into the Saxon tongue by Ad-

نہایت زمانہ ابتدا کا ترجمہ جسکے باب میں ہم اطلاع رکھتے ھیں کہ زبور کا وہ ترجمہ ھے جو ایڈھایم یا ایڈیلم صاحب نے جوشربورن

helm or Adelme, the first Bishop of Sherborne, about the year 706.

کے اول بشپ تهے قریب سنه ۷۰۶ کے زبان
سیکسن میں ترجمه کیا *

2. A Saxon version of the Four Gospels was made by Egbert, Bishop of Lindisfern, who died, A. D. 721.

۲ ایگبرٹ صاحب بشپ لینڈس
فرن نے جنکا انتقال سنه ۷۲۱ میں هوا ،
چاروں انجیلوں کا سیکسن زبان میں ترجمه
کیا *

3. A few years after, the venerable Bede translated the entire Bible into that language.

۳ چند سال کے بعد معزز بیڈ صاحب
نے تمام بیبل کا سیکسن زبان میں ترجمه
کیا *

4. Nearly two hundred years after Bede, King Alfred executed another translation of the Psalms, either to supply the loss of Adhelm's (which is supposed to have perished in the Danish wars), or to improve the plainness of Bede's version.

۴ قریب دوسو برس کے بعد بیڈ صاحب
کے باد شاه الفرڈ نے ، خواه تو ایڈهلیم
صاحب کے ترجمه کا نقصان پورا کرنے کے
واسطے ، جسکو خیال کرتے هیں که ڈنمارک
کي لڑائي میں معدوم هوگیا تها ، یا بیڈ
صاحب کے ترجمه کو صفائي اور ترقي دینے
کے واسطے زبور کا ایک اور ترجمه کیا *

5. A Saxon translation of the Pentateuch, Joshua, part of the Kings, Esther, and the Apocryphal books of Judith, and the Maccabees, is attributed to Elfric, or Elfred, who was Archbishop of Canterbury A. D. 995.

۵ ایک سیکسن زبان کا ترجمه توریت کا
اور کتاب یوشع اور کتاب سلاطین کے کچهه
حصے اور کتاب استهر اور جوڈت کے خارج شده
کتابوں اور کتاب هاے میکیبیز کا ترجمه ،
الفرک یا الفرڈ صاحب سے جو سنه ۹۹۵
میں کینٹربري کے آرچ بشپ تهے منسوب
کیا جاتا هے *

A chasm of several centuries ensued, during which the Scriptures appear to have been buried in oblivion, the general reading of them being prohibited by the papal see. The first English translation of the Bible known to be extant, was executed by an unknown individual, and is placed by Archbishop Usher to the year 1290: of this there are three manuscript copies preserved, in the Bodleian library, and in the libraries of

۶ اس زمانه کے بعد کئے صدئیں گذر
گئیں ، جن میں معلوم هوتا هے که کتب
مقدس تغافل میں پڑیں ، اور اُن کے عام
پڑهے جانے کي پوپ نے منادي کي ، اول
انگریزي ترجمه بیبل کا جسکا موجود هونا
معلوم هوا هے کسي نامعلوم شخص کا هے
جسکو ارچ بشپ عشر صاحب سنه ۱۲۹۰ کا
بتاتے هیں ، اس ترجمه کے تین قلمي
نسخے کتب خانه بوڈ لین ، اور اکسفرڈ

Christ Church and Queen's Colleges at Oxford.

میں گرجہ عیسائي اور شہزادي کے کالجوں کے کتب خانوں میں محفوظ هیں *

7. Towards the close of the fourteenth century, John de Trevisa, Vicar of Berkeley in the county of Gloucester, at the desire of his patron Lord Berkeley, is said to have translated the Old and New Testaments into the English tongue. But as no part of this work appears ever to have been printed, the translation ascribed to him is supposed to have been confined to a few texts, which were painted on the walls of his patron's chapel at Berkeley Castle, or which are scattered in some parts of his works, several copies of which are known to exist in manuscript.

۷ چودهویں صدي کے انجام کے قریب کہتے هیں کہ جان ڈي تریویساصاحب نے جو مقام برکلي واقع صوبہ گیلاس ایسٹر کے پادري تھي ' اپنے مہربان لارڈ برکلي صاحب کي خواهش سے عہد عتیق اور عہد جدید کا ترجمہ انگریزي زبان میں کیا مگر اس ترجمہ کے کسي حصہ کا کبھي چھاپا جانا جو معلوم نہیں هوتا ' اس سبب سے یہہ خیال کیا گیا ہے ' کہ جو ترجمہ اُس سے منسوب کیا جاتا هے وہ چند هي متنوں میں محدود رها جو جان ڈي تریویسا صاحب کے مہربان کے گرجہ واقع قلعہ برکلي کي دیواروں پر نقش کردیئے گئے تھے ' یا جو اُن کي کتابوں کے چند حصوں میں جنکے اب بہت سے قلمي نسخے موجود هیں متفرق پڑے هوے هیں *

Nearly contemporary with him was the celebrated John Wickliffe, who, about the year 1380, translated the entire Bible from the Latin Vulgate into the English language as then spoken, not being sufficiently acquainted with the Hebrew and Greek languages to translate from the Originals.

۸ مذکورہ بالا مصنف کے همزمانہ مشہور جان وکلایف صاحب نے قریب سنہ ۱۳۸۰ع کے تمام بیبل کا اُس زمانہ کي انگریزي زبان میں ترجمہ کیا ' کیونکہ عبري اور یوناني زبانوں سے وہ بخوبي واقف نہ تھے *

9. In England, as in other parts of Europe, the spread of the pure doctrines of the Reformation was accompanied with new translations into the vernacular language. For the first printed English translation of the Scriptures we are indebted to William Tindal, who having formed the design of translating the New Testament from the original Greek into English, removed to An-

۹ انگلستان میں بھي اسیطرح سے جیسا کہ یورپ کے اور حصوں میں واقع هوا مذهب کي ترمیم کي پاک تعلیموں کے پھیلنے سے باشندوں کي خاص زبان میں نئے ترجمہ هوے کتب مقدسہ کے اول چھپے هوے انگریزي ترجمہ کے واسطے هم ولیم ٹنڈال صاحب کے ممنون هیں ' جنہوں نے عہد جدید کا اصلي یوناني سے انگریزي میں

twerp in Flanders, for this purpose. Here with the assistance of the learned John Fry or Fryth, who was burnt on a charge of heresy in Smithfield, in 1551, and a friar, called William Roye, who suffered death on the same account in Portugal, he finished it, and in the year 1526 it was printed either at Antwerp or Hamburg.

ترجمہ کرنے کا قصد کیا ' اور اسي نظر سے مقام اینٹ ورپ واقع فلینڈرز کو گئے اس مقام میں بمدد عالم جان فراي یافرتھہ صاحب کے جنکو مقام سمتھہ فیلڈ میں مذهب کي بنیاد میں غلطي کرنے کے اتہام سے سنہ ١٥٥١ ع میں زندہ جلادیا گیا تھا ' اور بمدد ایک مذهبي بھائي کے جسکا نام ولیم رای صاحب تھا ' اور آنکو بھي بسبب اسي اتہام کے مقام پورچگل میں قتل کیا گیا ; ولیم تندال صاحب نے اپنے ترجمہ کو پورا کیا ' اور خواہ بمقام اینٹ ورپ یا بمقام هیمبرگ کے سنہ ١٥٢٦ ع میں یہہ ترجمہ چھپا ' *

10. In 1535, the whole Bible translated into English, was printed in folio, dedicated to the King by Miles Coverdale, a man greatly esteemed for his piety, knowledge of the Scriptures, and diligent preaching; on account of which qualities King Edward VI. subsequently advanced him to the see of Exeter. This is the first translation of the whole Bible printed in our language. It was called a "special" translation, because it was different from the former English translations; as Lewis has shown by camparing it with Tindal's.

١٠ میلس کوردیل صاحب نے جوخدا پرستي اور علم کتب مقدسہ اور وعظ کي جفا کشي کے سبب سے بہت معزز تھے ' تمام بیبل کے انگریزي ترجمہ کو سنہ ١٥٣٥ ع میں چھاپ کر اپنے بادشاہ کے نام سے مخصوص کیا ' اور آن اوصاف کے سبب سے بادشاہ اڈورڈ چوتھے نے آنکو ضلع ایکسیٹر کي بشپي پر ممتاز کیا ' یہہ اول انگریزي ترجمہ تمام بیبل کا هماري زبان میں چھپا هوا ہے ' اِسکو اس وجھہ سے خاص ترجمہ کہتے تھے کہ پہلے انگریزي ترجموں سے مختلف ہے ' جیسا کہ لیوس صاحب نے اِسکو تندال صاحب کے ترجمہ سے مقابلہ کرکے ثابت کیا ہے *

11. In 1537, another edition of the English Bible was printed by Grafton and Whitchurch, at Hamburg, as some think, or, as others suppose, at Malbarow, or Marburg in Hesse, or Marbeck in the duchy of Wittemberg. It bore the name of Thomas Matthewe.

١١ گریفٹن اور وٹ چرچ صاحب نے مقام هیم برگ میں بموجب قول چند شخصوں کے یا مقام مال بارو یا ماربرگ واقع هیسي یا بمقام ماربک واقع صوبہ وٹم برگ میں بموجب قول اور ونکے انگریزي بیبل کا ایک اور نسخہ سنہ ١٥٣٧ ع

Mr. Wanley is of opinion, that to the end of the book of Chronicles, this edition is Tindal's translation; and from thence to the end of the Apocrypha, Coverdale's: Mr. Wanley also observed, that, the whole New Testament was Tindal's. Heylin says, it was no other than the translation of Tindal and Coverdale somewhat altered. The name of Matthewe is allowed for some reasons to have been fictitious, one of which is that the memory of Tindal had become odious to many. It is said that John Rogers, a learned academic, and the first who was condemned to the flames in the reign of Queen Mary, was employed by Cranmer to superintend this edition. and to furnish the few emendations and additions that were thought necessary.

میں چھاپا ' اس ترجمہ پر طامس میتھیو صاحب کا نام تھا ' وینلي صاحب کي یہہ راے ھے ' کہ کتاب تاریخ کا اخر تک اس نسخہ میں تنڈال صاحب کا ترجمہ ہے ' اور وھاں سے اگے کتاب خارج شدہ تک کورڈیل صاحب کا ترجمہ ہے وینلي صاحب نے یہہ بھي معلوم کیا تھا کہ تمام عہد جدید بھي تنڈال صاحب کي ترجمہ کي ھوے ھے ' ھیلن صاحب بیان کرتے ھیں کہ یہہ نسخہ تنڈال صاحب اور کورڈیل صاحب کے نسخہ میں سے کچھہ تبدیل کرکے بناھے میتھیو صاحب کو اس ترجمہ کا مترجم چند وجوہ کے سبب سے نہیں قرار دیا گیا ہے ' جن میں سے ایک وجہہ یہہ ہے کہ یاد گاري تنڈال صاحب کي بہت سے لوگوں کو ناگوار ھوگئي تھي ' اسلیئے میتھیو صاحب کا نام اسپر لکھدیا گیا تھا ' بیان کیا گیا ہے کہ جان راجرز صاحب کو جو ایک عالم مدرس تھے اور سلطنت شاھزادي میرئي میں جولوگ جلادیئے گئے تھے آدمیوں سے یہہ اول تھے ' کرینمر صاحب نے اس نسخہ کے چھپنے کا اھتمام کرنے اور چند اصلاحوں اور افزود گیوں کے کرنے کے واسطے جو ضروري سمجھي گئي تھیں مقرر کیا تھا *

12. As soon as the papal power was abolished in England, and the King's supremacy settled by parliament in 1534, Cranmer was very assiduous in promoting the translation of the Holy Scriptures into the vulgar tongue; well knowing how much the progress of the Reformation depended upon this measure. In April 1593, Grafton and Whitchurch printed the Bible called the

۱۲ انگلستان میں سے جوں ھیں پوپ کي قوت خارج ھوئي ' اور پارلیمنٹ نے سنہ ۱۵۳۴ ع میں بادشاہ کي عظمت قرار دي ' تب کرینمر صاحب نے کتب مقدسہ کے ترجمہ کو عام زبان میں ترقي دینے کے واسطے بہت محنت کي ' کیونکہ وہ یہہ خوب جانتے تھے کہ اس تجویز پر مذھب کي ترمیم کي ترقي بہت منحصر ہے '

"Great Bible;" in its text, those parts of the Latin version, which are not found in the Hebrew or Greek, are inserted in a smaller letter; such, for instance, as the three verses of the 14th Psalm, which are the 5th, 6th, and 7th, in the translation of the English Liturgy, and the controverted clause in I. John. V. 7, 8.; and a mark is used to denote a difference of reading between the Hebrew and Chaldee. In this edition Matthew's Bible was revised, and several alterations and corrections were made in the translation, especially in the book of Psalms. Johnson calls this third edition of the Scriptures the Bible in the large or great volume, and ascribes it to the year 1539; he says, that Miles Coverdales compared the translation with the Hebrew, mended it in many places, and was the chief director of the work.

ماہ اپریل سنہ ۱۵۳۵ ع میں گریفتن اور وٹ چرچ صاحب نے وہ بیبل جسکو بیبل کلاں کہتے ہیں چھاپی اسکے متن میں رومی ترجمہ کے آن حصوں کو جو عبری یایونانی متن میں نہیں پائے جاتے ہیں' چھوٹے حرفونمیں چھاپا ھے مثلا ۳ آتیں چودھویں زبورکی جو انگریزی دعاکی کتاب کے ترجمہ میں پانچویں چھٹی اورساتویں آیتیں ہیں اور مقام متنازعہ اول یوحنا باب ۵–۷ و۸ کا ' عبری اور کالدی متنوں کی عبارت کے اختلاف کو ظاھر کرنے کے واسطے ایک علامت مقرر کی گئی ہے ' یہہ نسخہ گویا نظرثانی کی ہوئی میتھیو کی بیبل ہے ' اس ترجمہ میں بہت سی تبدیلیاں اور اصلاحیں خصوصا کتاب زبور میں کی گئی ہیں ' جانسین صاحب کتب مقدسہ کے اس تیسری بار کے چھپے ہوے نسخہ کو ایسی بیبل کے نام سے تمیز کرتے ہیں جسکی بہت بڑی جلد ھے ' اور آسکو سنہ ۱۵۳۹ ع کا بتاتے ہیں ' وہ بیان کرتے ہیں کہ میلس کورڈیل صاحب نے اس ترجمہ کو عبری سے مقابلہ کیا ' اور بہت سے مقاموں میں اصلاح دی ' اس نسخہ کے مرتب کرنے میں وہ مقدم رھنما تھے *

13. In the course of the year 1539, another Bible was printed by John Byddel called "Tavernor's Bible" from the name of its conductor Richard Tavernor. This is neither a bare revisal of the English Bible just described, nor a new version; but a kind of intermediate work, being a correction of what is called "Matthew's Bible," many of whose

۱۳ جان بیڈل صاحب نے سنہ ۱۵۳۹ ع کے درمیان میں ' ایک اور بیبل جسکو تیورنر صاحب کی بیبل اس سبب سے کہتے ہیں کہ آسکے مرتب کرنے والے کا نام ریچرڈ تیورنر تھا چھاپی ' جس انگریزی بیبل کا ہم ابھی اوپر بیان کرچکے ہیں نہ آس بیبل کا نظرثانی کیا ہوا یہہ نسخہ ھے نہ نیا ترجمہ ہے ' مگر ایک اوسط درجہ

marginal notes are adopted, and many omitted, and others inserted by the editors.

کي کتاب ہے جس میں میتهیو صاحب کي بیبل کو صحیح کیا گیا هے ' جسکے حاشیه کي شرح میں سے کسیقدر اس نسخہ میں داخل کردیا گیا ہے ' اور کسي قدر چھوڑ دیا گیا ہے ' اور کتناهي اسکے مرتب کرنے والوں نے اپني طرف سے بھردیا هے *

14. The several additions from the vulgar Latin inserted in the Great Bible, are omitted in the Bishop's Bible, which is so called from a number of Bishops being employed in its execution; and the verse 7 of I. John V., which was before distinguished by its being printed in a different letter, is here printed without any distinction. This Bible was reprinted in 1572, with several corrections and amendments and several prolegomena. The second edition of this Bible is called "Matthew Parker's Bible."

۱۴ بیبل کلاں میں بہت سے افزودگئیں جو عـــام رومي ترجمه سے لیکر داخل کي گئي هیں آنکو بشپ کي بیبل میں نهیں داخل کیا گیا ' جسکو بشپ کي بیبل اس وجهه سے کهتے هیں ' که آسکو بشپوں نے تیار کیا تها ' اور آیت ۷ اول یوحنا باب ۵ جسکو مختلف حرفوں میں چهاپنے سے امتیاز کیا گیا تها ' اس بیبل میں بدون کسي امتیاز کے آسکو چهاپا گیا ہے ' یهه بیبل سنه ۱۵۷۲ ع میں بهت سي اصلاحوں اور ترمیموں معه بهت سے دیباچهکي گفتگووں کے دوباره چهپي بیبل کا یهه دوسري مرتبه کا چهپا هوا نسخه میتهیو پارکر صاحب کي بیبل کهلاتا هے *

15. The last English version that remains to be noticed, is the authorised translation now in use, which is commonly called King Jame's Bible. He succeeded to the throne of England in 1603; and several objections having been made to the Bishop's Bible at the conference held at Hampton Court in the following year, the King commanded a new version to be undertaken; and fifty four learned men were appointed to this important labour. These learned were divided into six companies; and to each company certain parts of the Bible were given to translate; and the

۱۵ اخیر انگریزي ترجمه جسکا تذکره کرنا باقي ہے وہ ترجمه ہے جو اب مروج هے ' اسکو بادشاه جیمس کي بیبل کهتے هیں ' یهه بادشاه سنه ۱۶۰۳ میں انگلستانکا تخت نشین هوا ' اور آسکے اگلے سال میں دربار هیمپٹن میں جو مجلس جمع هوئي تهي وهاں بشپ کي بیبل پر بهت سے اعتراض پیش کئے گئے تهے ' پس بادشاه نے حکم دیا که ایک نیا ترجمه کیا جاوے ' اور اِس امراهم کے سرانجام کے لیئے ۵۴ عالم مقرر هوے یهه علما چهه گروهوں میں منقسم هوے ' اور هرگروه کو معین حصے

following are some of the instructions given to them by the King.

بیبل کے ترجمہ کرنے کے واسطے دیئے گئے ' اور جو کچھہ بادشاہ نے آن عالموں کو اسکے باب میں هدایتیں کیں آن میں سے چند ذیل میں درج هیں *

The ordinary Bible read in the Church, commonly called the Bishop's Bible, to be followed, and as little altered as the original will permit.

معمولي بيبل جو گرجي ميں پڑهي جاتي هے اور جسکو عموما بشپ کي بيبل کهتے هيں ' اس ترجمه کرنے ميں آسکي پيروي کيجاوے ' اور آسميں اسقدر تبديلي کيجاوے جسقدر اصل کا مقتضا هو *

The names of the Prophets and the holy Writers, with the other names in the text, to be retained as near as may be, accordingly as they are vulgarly used.

پيغمبروں اور مقدس مورخوں کے ناموں کو معه اور آن ناموں کے جو متن ميں هيں جهاں تک ممکن هو آسيطرح رهنے ديا جاوے جيسے که وه عام استعمال ميں هيں *

When any word hath divers significations, that to be kept, which hath been most commonly used by the most eminent fathers, being agreeable to the propriety of the place and the analogy of faith.

جب کسي لفظ کے کئي معنے هوں تو آن ميں سے وه معنے ليئے جاويں جو مناسب موقع کے هوں ' اور عقايد ايمانيه کے برخلاف نهوں ' جنکو نهايت مشهور متقدمين کثرت سے عام استعمال ميں لاتے تهے *

Upwards of two centuries have elapsed, since the authorised English version of the Holy Scriptures, now in use, was given to the British nation. During that long interval, though many passages in particular books have been elucidated by learned men, with equal felicity and ability: yet its general fidelity, perspicuity, and excellence, have deservedly given our present translation a high and distinguished place in the judgment of the Christian world, wherever the English language is known or read. Of late years, however, this admirable version—the guide and solace of the sincere Christian—has been attacked with no common virulence, and arraigned as being deficient in fidelity, prespicuity,

دو صديوں سے زياده گذريں هيں ' که يهه اجازت ديا گيا ترجمه کتب مقدسه کا جو اب تک استعمال ميں هے ' انگريزوں کي قومکو حاصل هوا ' اس مدت دراز کے اندر اگرچه عالموں نے خاص کتابوں کے بهت سے مقامات کي تفسير بهت خوبي اور قابليت سے کي هے ' تاهم آسکي سلاست عبارت اور بالکل اصل سے مطابق هونے اور عمدگي سے ' همارا يهه ترجمه عيسائيوں کي رائے ميں جهاں کهيں انگريزي پڑهي جاتي هے نهايت اعلى اور برتر رتبه رکهتا هے ' مگر چند سال سے اس مشهور ترجمه پر جو سچے عيسائي دل کے ليئے بڑي رهنمائي هے عجب تيزي سے حمله هوا هے اور آسپر يهه الزام لگايا گيا هے که وه اصل

and elegance; ambiguous and incorrect, even in matters of the highest importance.

The principal antagonists of this version, in the present day, (to omit the bold and unmeasured assertions of the late Dr. Geddes and others,) are Mr. John Bellamy, in the Prospectus, Preface, and Notes of his new translation of the Bible, and Sir James Bland Burges, in his "Reasons in favor of a New Translation of the Scriptures." The former of these writers in his Prospectus issued in 1818, affirmed that "no translation has been made from the original Hebrew since the 128th year of Christ," and that "in the fourth century Jerome made his Latin version from the Greek version; from which came the Latin Vulgate, and from the Latin Vulgate all the European translations have been made; thereby perpetuating all the errors of the first translators."

Of the Welsh Versions.

From an epistle of Dr. Richard Davis, Bishop of Saint David's, prefixed to the Welsh New Testament, printed in 1567, we learn there was a British or Welsh version of the Pentateuch extant about (if not before the year) 1527, though the translator's name is not

سے مطابق ہونے ور خوبی اور عمدگی عبارتمیں ناقص اور مشکوک اور غلط یہانتک ہے کہ بڑے بڑے امر اہم کے امور میں بھی صحیح نہیں ہے *

اس ترجمہ کے مقدم دشمن اس زمانہ میں علاوہ ڈاکٹر گڈس صاحب اوراوروں کے جنکی گستاخ اور بیہودہ تقریروں کو ہم ذکر نہیں کرتے ہیں) جان بیلمی صاحب ہیں جنہوں نے اپنی بیبل کے نئے ترجمہ کی تجویز اور دیباچہ اور شرحوں میں اس ترجمہ پر اعتراضات کئے ہیں ' اور دوسرے سر جیمس بلینڈ برجس صاحب ہیں ' جنہوں نے اپنی دلایل متعلقہ ضرورت نئے ترجمہ کتب مقدسہ میں اس ترجمہ میں عیب نکالے ہیں ' ان مورخوں میں سے پہلے نے اپنی تجویز میں جسکو اُنہوں نے سنہ ۱۸۱۸ ع میں مشتہر کیا یہہ اقرار دیا ' کہ سنہ ۱۲۸ عیسوی سے اصل عبرانی متن سے کوئی ترجمہ نہیں ہوا ہے ' اور یہہ کہ چوتھی صدی میں جیروم صاحب نے اپنا رومی ترجمہ یونانی ترجمہ سے کیا تھا ' اور اُن کے ترجمہ سے رومی ولگٹ ترجمہ ہوا ' اور رومی ولگٹ سے تمام یورپ کے ترجمہ ہوے ' اور اس تقریر سے اول مترجموں کی تمام غلطیوں کی ہمیشگی ثابت کرتے ہیں *

ملک ویلز کی زبان کے ترجمے

ڈاکٹر رچرڈ ڈیوز صاحب کے ایک نامہ سے جو سینٹ ڈیوڈ کے بشپ تھے ' اور یہہ نامہ اس زبان کے اُس عہد جدید کے نسخہ میں جو سنہ ۱۵۶۷ ع چھپا شامل تھا ' ہمکو دریافت ہوتا ہے کہ قریب سنہ ۱۵۲۷ ع کے ایک برطانیہ یا ویلز زبان

known. Some other small and detached passages of Scripture appear also to have been translated into this language in the reign of King Edward VI., which were printed, in all probability, for the use of his Liturgy. But it was not until the reign of Elizabeth, that efficient steps were taken to supply the inhabitants of the Principality of Wales with the Holy Scriptures in their vernacular dialect.—

کا ترجمہ نسخہ توریت کا موجود تھا ' اگرچہ آسکے مترجم کا نام معلوم نہیں ہے ' چند دیگر قلیل اور متفرق مقاموں کتابہاے اقدس کا ترجمہ معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ اڈورد چھٹي کي سلطنت میں ہوا ' اور غالبا بادشاہ کے ہمراہي مذہبي گروہ کے استعمال کے واسطے چھپا ' مگر ملکہ الزبت کي سلطنت تک اسبات کي کافي تدبیریں نہیں کي گئي تہیں کہ صوبہ ویلز کے باشندوں کو آن کي خاص زبان میں کتاب اقدس کا ترجمہ بہم پہونچایا جاوے *

William Morgan D. D., Bishop of Llandaff *first* translated the entire Old Testament, together with the Apocrypha into Welsh, and also revised and corrected the former version of the New Testament, both of which were printed in 1588. During the reign of James I., the Welsh version underwent a further examination and correction from Dr. Parry, Morgan's successor in the see of Saint Asaph. This corrected version which is usually called Parry's Bible, is the basis of all subsequent editions.

ولیم مارگن صاحب بشپ مقام لینداف نے تمام عہد عتیق کو معہ خارج شدہ کتابوں کے زبان ویلز میں ترجمہ کیا ' اور عہد جدید کے پہلے ترجمہ کو بھي نظرثاني کیا ' اور اصلاح دي اُنکے یہہ دونوں ترجمے سنہ ۱۵۸۸ میں چھپے ' اور ڈاکٹر پیري صاحب نے بھي جو ضلع سینٹ اِساف کے بشپي میں مارگن صاحب کے جانشین ہوے ' بادشاہ جیمس اول کي سلطنت میں ویلز زبان کے ترجمہ کا اِمتحان کیا ' اور تصحیح کي ' یہہ تصحیح کیا ہوا ترجمہ جو عموما پیري صاحب کي بیبل کہلاتا ہے ' اُس زبان کے تمام اگلے نسخوں کي بنیاد ہے *

Of the Irish versions.

The New Testament having been translated into Irish by Dr. William Daniel, Arch-Bishop of Tuam, Dr. Bedell (who was advanced to the see of Kilmore and Ardagh in 1629), procured the Old Testament to be translated by a Mr. King; who being ig-

جزیرہ ایرلنڈ کي زبان کے ترجمے

جبکہ عہد جدید کا ترجمہ اس زبان میں ولیم ڈینیل صاحب ٹوآم کے آرچ بشپ نے کیا ' تب ڈاکٹر بیڈل صاحب نے جو سنہ ۱۶۲۹ میں مقام کلمور اور ارداغ کي بشپي پر سربلند ہوے ' عہد جدید کا ترجمہ کرنے کے واسطے مسٹر کینگ صاحب کو بہم

norant of the original languages, executed it from the English version. Bedell, therefore, revised and compared it with the Hebrew, the Septuagint, and the Italian version of Diodati. He supported Mr. King, during his undertaking, to the utmost of his ability.

پهونچايا 'ان صاحب نے بسبب اسکے که وه اصلي زبانوں سے واقفيت نرکهتے تهے آسکا ترجمه انگريزي ترجمه سے کيا اسليئے بيڈل صاحب نے اس ترجمه کو عبري متن اور سپٹو اجنٹ اور ڈايوڈيٹي کے رومي ترجمه سے مقابله اور نظر ثاني کيا اور بيڈل صاحب نے کينگ صاحب کے اس کام کي نهايت مدد کي *

Of the Gaelic versions.

The New Testament into this tongue was translated by the late Revd. James Stuart; it bears a high character for its fidelity, and accuracy. Several books of the Old Testament were translated in detached portions at different times and published.

کيلاک زبان کے ترجمے

اس زبان ميں عهد جديد کا ترجمه پادري جيمس ستوارٹ صاحب نے کيا هے ' اصل سے مطابق هونے اور درستي کے سبب سے يهه ترجمه بهت معزز هے ' عهد عتيق کے بهت سي کتابوں کا متفرق حصوں ميں مختلف ايام ميں ترجمه هوکر چهپا *

Of the French versions.

1. The earliest French translation of the Scripture was rendered by Guiars De-Moulin, a canon of St. Pierre d, Aire, in the diocese of Touraine, who was employed in this work from the Vulgate, from 1291 to 1294. In 1512, James Le Fevre, of Estaples, (better known by the name of Jacobus Faber, Stapulensis) published a translation of Saint Paul's Epistles, with critical notes and a commentary, in which he freely censures the Vulgate. The translation of Le Fevre is said to be the basis of all the subsequent French Bibles, whether executed by Roman Catholics or Protestants.

فرانسيسي زبان کے ترجمے

